سکول اور مدرسہ کے طلبہ کے لیے خوبصورت گلدستہ

عقائد، سیرت، آداب اور فقہی مسائل کے موضوع پر

377 سوالات کا مجموعہ

اسلامی معلومات

حصہ اول

مولف

مفتی توصیف احمد نقشبندی سروری محمدی سیفی

فاضل جامعہ محمدیہ سیفیہ راوی ریان شریف لاہور

377 سوالات کا مجموعہ

اسلامی معلومات

(حصہ اول)

سکول اور مدرسہ کے طلبہ کیلئے خوبصورت گلدستہ

عقائد، سیرت اور آداب کے موضوع پر

مؤلف

مفتی توصیف احمد نقشبندی سروری محمدی سیفی

فاضل جامعہ محمدیہ سیفیہ راوی ریان شریف لاہور

نام کتاب	:اسلامی معلومات (حصہ اول)
مولف	مفتی توصیف احمد نقشبندی سروری محمدی سیفی
تعداد	ایک ہزار
سن اشاعت	جنوری ۲۰۲۳
ایڈیشن نمبر	سوم

فہرست

حرف آغاز

اس مالک حقیقی کا کروڑ ہا بار شکر ہے کہ جس نے ہمیں اشرف المخلوقات بنایا اس نے اپنی بے نیازی اور کبریائی کے انوار سے ہمارے مردہ دلوں کو زندگانی عطا فرمائی اور اپنے اسمائے مبارکہ کی مہک کے ساتھ معرفت الٰہی کی خوشبو سے لطف اندوز ہونے کے مواقع فراہم کئے اور اس کی کروڑ ہا عنایات کریمانہ میں سے ایک عنایت ہم جیسے نا اہل مسلمانوں پر یہ بھی ہے کہ اس نے ہمیں اپنے پیارے حبیب حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کا امتی بنایا اس آقائے دو جہاں پر کروڑ ہا درود وسلام۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا اپنی اولاد کو تین چیزیں سکھاؤ:

ا: **حب نبیکم :**

اپنے نبی ﷺ سے محبت سکھاؤ۔

یہ والدین کا فرض ہے کہ اپنی اولاد کو بٹھا کر حضور علیہ السلام کی سیرت کے واقعات سنائیں تاکہ ان کے دل میں حضور نبی کریم ﷺ کی محبت پیدا ہو انہیں بتایا جائے کہ بیٹے فارغ وقت میں حضور کریم ﷺ کی ذات اقدس پر درود شریف پڑھو جب بھی مشکل آئے حضور ﷺ کو پکار کر اللہ سے دعا کرو یا اللہ اپنے نبی پاک ﷺ کے وسیلے سے میری مشکل آسان فرما۔

شام غم نکھار لیتا ہوں — وقت اپنا گزار لیتا ہوں
مشکلیں جب بھی گھیر لیتی ہیں — میں یا نبی یا نبی ﷺ پکار لیتا ہوں

۲: **حب اھل بیت:**

میری اہل بیت سے محبت کرنا سکھاؤ۔

اپنی اولاد کو بتایا جائے کہ حضور علیہ السلام کی اہل بیت میں کون کون شامل ہے حضور علیہ السلام کی ازواج اور اولاد شامل ہیں۔ اپنی اولاد کو تعلیم دو کہ بیٹا بندہ نماز پڑھے، زکوۃ دے، حج کرے، ساری عبادات کرے لیکن دل میں اگر اہل بیت نبوت کا بغض ہو تو نہ نماز قبول نہ روزہ قبول ہے۔

نمازیں پڑھے جا اذانیں دیئے جا — صبح و شام سجدے پہ سجدہ کیے جا
نمازیں اسی کی اذانیں اسی کی — جسے پنج تن کا گھرانہ ملا ہے

ساتھ ساتھ یہ بھی بتائیں کہ بیٹا حضور علیہ السلام کی آل کی محبت کیساتھ ساتھ حضور علیہ السلام کے صحابہ کرام کی محبت بھی دل میں ہونا ضروری ہے۔

۳: قرأة القرآن:

اپنے بچوں کو قرآن پڑھنا سکھاؤ۔

افسوس: آج کل ہماری تمام تر کوششیں دنیا کی تعلیم کے حصول کیلئے صرف ہو رہی ہے دین متین کو سیکھنے کا شوق ہمارے دلوں سے رخصت ہوتا چلا جا رہا ہے آج ہم لوگوں کو دین کی بنیادی چیزوں کا بھی علم نہیں۔

ہمارے بڑے مخلص دوست علامہ شاہ نواز محمدی سیفی صاحب نے توجہ دلائی کہ اس موضوع پر کام کرنے کی اشد ضرورت ہے کہ جس میں ایسی تعلیمات ہوں جس سے ہماری آنے والی نسل سنور سکے پھر بندہ ناچیز نے اس موضوع پر قلم اٹھایا اللہ تعالیٰ میری ادنیٰ سی سعی کو اپنی پاک اور بلند بارگاہ میں قبول فرمائے اور اس کتاب کو مقبولیت عطا فرمائے آمین!

عقائد اور اس کے متعلقات

1: مسلمان کسے کہتے ہیں؟

جواب: جو اللہ تعالیٰ کی توحید، نبی پاک ﷺ کی رسالت اور تمام ضروریات دین پر ایمان رکھے وہ مسلمان کہلاتا ہے۔

2: کافر کسے کہتے ہیں؟

جواب: جو اللہ تعالیٰ کی توحید یا نبی پاک ﷺ کی رسالت یا ضروریات دین میں سے کسی ایک کا بھی انکار کرے وہ کافر کہلاتا ہے (ضروریات دین سے مراد نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، فرشتوں پر ایمان اور ختم نبوت پر ایمان وغیرہ)

3: مشرک کسے کہتے ہیں؟

جواب: جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو خدا مانے یا عبادت کے لائق سمجھے وہ مشرک ہے نیز جو اللہ تعالیٰ کی صفات کو بعینہ کسی غیر کیلئے مانے وہ مشرک ہے۔

4: عقیدہ تقدیر کیا ہے؟

جواب: بندہ جو دنیا میں آ کر کرنے والا تھا اللہ تعالیٰ نے اپنے علم مبارک سے اس کو پہلے ہی لکھ دیا اور اللہ کے لکھ دینے نے بندے کو مجبور نہیں کیا۔

5: نبی کسے کہتے ہیں؟

جواب: نبی اس اعلیٰ وارفع شان والے بشر کو کہتے ہیں جس پر اللہ تعالیٰ نے وحی نازل کی ہو اور اس کی تائید معجزات سے فرمائی ہو۔

6: صحابی کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس نے حالت ایمان میں نبی پاک ﷺ کو دیکھا اور حالت ایمان میں ہی دنیا سے

گیا ہو اسے صحابی کہتے ہیں۔

:7 تابعی کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس نے حالت ایمان میں کسی صحابی کو دیکھا ہو اور ایمان کی حالت میں ہی دنیا سے گیا ہو اس کو تابعی کہتے ہیں۔

:8 تبع تابعی کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس نے حالت ایمان میں کسی تابعی کو دیکھا ہو اور ایمان کی حالت میں ہی دنیا سے گیا ہو اس کو تبع تابعی کہتے ہیں۔

:9 معجزہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: ایسا کام جسے عقل تسلیم نہ کرے اور وہ کسی نبی سے صادر ہونے سے معجزہ کہتے ہیں۔

:10 کرامت کسے کہتے ہیں؟

جواب: ایسا کام جسے عقل تسلیم نہ کرے اور وہ کسی ولی سے صادر ہوا سے کرامت کہتے ہیں۔

:11 معونت کسے کہتے ہیں؟

جواب: ایسا کام جسے عقل تسلیم نہ کرے اور وہ کسی عام مسلمان سے صادر ہوا سے معونت کہتے ہیں۔

:12 استدراج کسے کہتے ہیں؟

جواب: ایسا کام جسے عقل تسلیم نہ کرے اور وہ کسی کافر سے سرزد ہوا سے استدراج کہتے ہیں۔ اگر گمراہ اور بے دین لوگوں کی کسی ایسی بات کا علم ہو جسے عقل نہ تسلیم کرے اسے کرامت نہ کہیے بلکہ استدراج کہیں۔ (نوٹ) آج کل حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے معجزات گھروں میں پڑھائے جاتے ہیں اسے پڑھانا جائز نہیں اور

اسے معجزہ کہنا بھی جائز نہیں کیونکہ معجزہ نبی کا ہوتا ہے جبکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی ہیں۔

13: معصوم کسے کہتے ہیں اور وہ کون کونسے ہیں؟

جواب: معصوم اسے کہتے ہیں جس سے گناہ نہیں ہوسکتا انبیاء اور فرشتوں کے علاوہ کوئی معصوم نہیں ہے اماموں اور بڑے بڑے ولیوں کو محفوظ کہتے ہیں محفوظ کا مطلب یہ ہے کہ گناہ ہوتو سکتا ہے لیکن اللہ انہیں گناہوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

(نوٹ) دعا میں چودہ معصوم کہنا جائز نہیں ہے۔

14: صحابہ کرام حضور نبی کریم ﷺ کی تعظیم کس طرح کرتے؟

جواب: صحابہ کرام آپ ﷺ کے تھوک مبارک، بال مبارک اور وضو والا پانی زمین پر نہ گرنے دیتے، لعاب دہن اور وضو والا پانی اپنے چہروں پر مل لیتے اور بال مبارک حصول برکت کیلئے محفوظ کر لیتے (بخاری و مسلم)

15: کیا حضور علیہ السلام وصال کے بعد بھی ہمارے درود سنتے ہیں؟

جواب: جی ہاں حضور کریم ﷺ نے فرمایا جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ درود پڑھا کرو کیونکہ اس دن فرشتے حاضر ہوتے ہیں کوئی بندہ جہاں بھی درود پڑھتا ہے اس کی آواز مجھ تک پہنچ جاتی ہے صحابہ نے عرض کی کیا آپ کے وصال کے بعد بھی فرمایا ہاں میرے وصال کے بعد بھی کیونکہ بیشک اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کردیا ہے کہ وہ انبیاء کرام کے جسموں کو کھائے (ابن ماجہ، طبرانی)

16: کیا حضور علیہ السلام مختار کل ہیں؟

جواب: جی ہاں! اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتیں تقسیم فرمانے کا اختیار اپنے حبیب ﷺ کو عطا فرمایا

ہے حضور علیہ السلام کی حدیث مبارک ہے ''اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰہُ یُعْطِیْ'' بیشک میں تقسیم کرنے والا ہوں اور اللہ تعالیٰ عطا فرمانے والا ہے۔ (بخاری شریف)

17: کیا صحابہ کرام حضور علیہ السلام سے وہ نعمتیں مانگتے جو عام مخلوق سے نہیں مانگ سکتے؟

جواب: جی ہاں! صحابہ کرام وہ نعمتیں حضور علیہ السلام سے مانگتے تھے۔

☆ حضرت ابوھریرہؓ نے حافظہ مانگا جو عطا فرمایا (بخاری)

☆ حضرت ربیعہؓ نے جنت مانگی آپ ﷺ نے عطا فرمائی (مسلم، ابوداؤد)

☆ عبداللہؓ بن عتیک کی ٹوٹی پنڈلی کو جوڑ دیا (بخاری)

☆ ایک صحابیؓ نے بارش کی کثرت کی وجہ سے فریاد کی تو آپ ﷺ کے اشارے سے بادل چھٹ گئے (بخاری)

18: خاتم النبیین کے کیا معنی ہیں وضاحت کریں؟

جواب: اس کے معنی ہیں ''سب نبیوں سے پچھلے نبی یعنی آخری نبی'' جو حضور علیہ السلام کے بعد کسی اور کو نبوت ملنا ممکن جانے وہ کافر ہے۔

19: حضور علیہ السلام کی ختم نبوت پر حدیث سنائیں۔

جواب: حضرت ابوھریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ''اَنَا آخِرُ الْاَنْبِیَآءِ وَاِنَّ مَسْجِدِیْ آخِرُ الْمَسَاجِدِ'' (مسلم شریف)

میں آخری نبی ہوں اور میری مسجد (انبیاء میں) آخری مسجد ہے۔

20: آسمانی کتابیں کتنی ہیں اور کون کون سے انبیاء پر نازل ہوئی ہیں؟

جواب: آسمانی کتابیں چار ہیں۔

☆ تورات (حضرت موسیٰ علیہ السلام) پر اتری

☆ زبور (حضرت داؤد علیہ السلام) پر اتری

☆ انجیل (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) پر اتری

☆ قرآن مجید (نبی پاک ﷺ) پر اترا

21: قبر میں منکر نکیر کون سے تین سوال کرتے ہیں؟

ا: من ربک تیرا رب کون ہے؟ جواب: ربی اللہ میرا رب اللہ ہے۔

۲: ما دینک تیرا دین کیا ہے؟ جواب: دینی الاسلام میرا دین اسلام ہے۔

۳: ما کنت تقول فی ھذا الرجل ان کے بارے میں کیا کہتا تھا؟

جواب: ھو محمد رسو ل اللہ یہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

22: اہلبیت سے کون مراد ہیں؟

جواب: اہل بیت سے مراد نبی پاک ﷺ کی ازواج مطہرات اور اولاد پاک ہے۔

23: اولیائے کرام ہمیشہ کس گروہ میں ظاہر ہوتے رہے ہیں؟

جواب: حضرت غوث اعظم، داتا گنج بخش، خواجہ غریب نواز، مجدد الف ثانی، بابا فرید گنج شکر اور دیگر اولیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کا تعلق اہلسنت سے ہے الحمد للہ! اہلسنت وجماعت ہی وہ گروہ ہے جو صحابہ کرامؓ کے عقائد کا پیروکار رہا ہے اور اسی میں تمام اولیاء کرام ظاہر ہوئے ہیں اور یہی جنتی گروہ ہے۔

24: اہل سنت کی کوئی نشانی بیان کریں؟

جواب: حضرت ابو علی حسین بن علیؓ نے فرمایا "اہل سنت کی نشانی رسول اللہ ﷺ پر کثرت سے درود پڑھنا ہے" (الترغیب والترہیب)

25: محبت رسول ﷺ کی علامات کیا ہیں؟

جواب: حضور ﷺ کا ذکر کثرت سے کرنا مثلاً محافل میلاد و نعت منعقد کرنا، درود و سلام کی کثرت کرنا، آپ کی تعلیمات اور سنتوں پر عمل کرنا، آپ کے پیاروں یعنی صحابہ و اہل بیت کرام اور اولیاء عظام سے محبت کرنا اور بارگاہ رسالت کے گستاخوں سے نفرت کرنا۔

26: بدعت کسے کہتے ہیں؟

جواب: بدعت کے لغوی معنی نئی چیز ایجاد کرنے کے ہیں شرعی اصطلاح میں ہر وہ بات جو نبی کریم ﷺ کے زمانہ اقدس کے بعد پیدا ہو بدعت ہے۔

27: بدعت کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: بدعت کی دو قسمیں ہیں (۱) بدعت حسنہ (۲) بدعت سیئہ

بدعت حسنہ: وہ ہے جسکی اصل شریعت سے ثابت ہو۔

بدعت سیئہ: وہ ہے جو قرآن و سنت سے ٹکراتی ہو۔

28: کیا کچھ بدعتیں اچھی ہوتی ہیں اس پر حدیث سنائیں؟

جواب: جی ہاں کچھ بدعتیں اچھی ہوتی ہیں ہر بدعت بری نہیں ہوتی حضرت عمرؓ نے با جماعت تراویح کو دیکھا تو کہا نعم البدعة هذه (یہ کتنی اچھی بدعت ہے)۔ (بخاری شریف)

29: کیا "اللہ میاں" کہنا جائز ہے؟

جواب: ایسا لفظ جو بندوں پر بولا جائے وہ اللہ تعالیٰ پر نہ بولا جائے لہٰذا اللہ میاں کہنا جائز نہیں ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

30: صحابہ کرام میں سب سے افضل کون ہے؟

جواب: صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سب سے افضل حضرت ابوبکر صدیق، پھر عمر فاروق، پھر عثمان غنی پھر حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں۔

31: سب صحابہ کرام سے افضل ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ہیں اس پر کوئی حدیث سنائیں؟

جواب: خَيْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرَ وَاَنَّهُ قَالَ لَا يُفَضِّلُنِیْ اَحَدٌ عَلٰی اَبِیْ بَكْرٍ وَ عُمَرَ اِلَّا جَلَدْتُهٗ حَدَّ الْمُفْتَرِیْ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اس امت میں انبیاء کے بعد سب سے افضل ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ہیں اور جوان پر مجھے فضیلت دے گا میں اسے 80 کوڑے ماروں گا (کنز العمال، رجال کشی)

32: حضور ﷺ کے نام کیساتھ ﷺ کے بجائے " " لکھنا کیسا ہے؟

جواب: حضور ﷺ کے نام کیساتھ ﷺ کے بجائے " " لکھنا سخت ناجائز ہے بلکہ پورا درود لکھنا چاہیے (فتاویٰ رضویہ)

حکایت: حضرت امام شافعی علیہ الرحمہ انتقال کے بعد کسی کی خواب میں آئے تو پوچھا اللہ تعالیٰ نے کیسا سلوک فرمایا اللہ تعالیٰ نے بخش دیا پوچھا کس عمل کی وجہ سے؟ فرمایا اس وجہ سے کہ میں جب بھی حضور ﷺ کا نام لکھتا تو درود پورا لکھتا بس اسی عمل کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے بخش دیا (سبحان اللہ) ہمیں بھی چاہیے کہ جب حضور ﷺ کا اسم مبارک لکھیں تو پورا درود شریف لکھیں۔

33: کیا صحابہ کرام مشکل وقت میں حضور ﷺ کا وسیلہ اختیار کرتے تھے؟

جواب: جی ہاں صحابہ کرام مشکل وقت میں حضور ﷺ کو وسیلہ بناتے۔

۱: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بارش کیلئے حضور ﷺ کے چچا کے وسیلے سے دعا کی (بخاری)

۲: حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے چادر مانگی تا کہ وہ اس کا کفن بنائیں (بخاری)

۳: حضرت اسماء رضی اللہ عنہما آپ ﷺ کا جبہ مبارک دھو کر مریضوں کو پلاتی تو وہ شفا پاتے (مسلم)

۴: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما کے بتانے پر صحابہ کرام نے آپ کے روضہ اقدس کے وسیلے سے بارش مانگی (مشکوٰۃ)

34: کیا انبیاء علیہم السلام قبروں میں زندہ ہیں؟

جواب: جی ہاں انبیاء علیہم السلام قبروں میں زندہ ہیں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَآءِ فَنَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یُرْزَقُ

اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء کے جسموں کو کھائے اللہ کے نبی زندہ ہیں انہیں رزق دیا جاتا ہے (ابن ماجہ، کتاب الجنائز)

عبدالحق محدث دہلوی نے فرمایا پیغمبر خدا زندہ است بحقیقت حیات دینوی۔

اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ﷺ دینوی زندگی کی حقیقت کیساتھ زندہ ہیں (اشعۃ اللمعات)

35: فرشتے کیسی مخلوق ہیں آپ ان کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟

جواب: فرشتے نوری مخلوق ہیں ہر قسم کے گناہ سے معصوم ہیں نہ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں ہر وقت اس کی عبادت میں مشغول رہتے ہیں اور یہی ان کی غذا ہے فرشتوں کی تعداد کو رب عظیم ہی جانتا ہے یا رب کا رسول ﷺ جانتے ہیں۔

36: مشہور فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریاں بیان کریں؟

۱: حضرت جبرائیل علیہ السلام:

ان کے ذمہ انبیاء کی خدمت میں اللہ تعالیٰ کے خصوصی پیغامات پہنچانا ہے۔

۲: حضرت میکائیل علیہ السلام:

پانی برسانا اور اللہ کی مخلوق کو روزی پہنچانا۔

۳: حضرت اسرافیل علیہ السلام:

ان کے ذمہ صور پھونکنا ہے

۴: حضرت عزرائیل علیہ السلام:

لوگوں کی روحوں کو قبض کرنے کی ذمہ واری ان کے ذمہ ہے۔

37: قیامت کی بڑی نشانیوں کا مختصر ذکر کریں؟

۱: حضرت امام مہدی کا ظہور

۲: دجال لعین کا خروج

۳: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول

۴: یاجوج ماجوج کا نکلنا

۵: مغرب سے سورج کا طلوع ہونا

۶: دابۃ الارض کا نکلنا وغیرہ

38: دجال نے کب پیدا ہونا ہے؟

جواب: دجال نے پیدا نہیں ہونا اس نے نکلنا ہے پیدا تو وہ نوح علیہ السلام سے بھی پہلے کا ہو چکا ہے نوح علیہ السلام پہلے نبی ہیں جنہوں نے سب سے پہلے اپنی قوم کو فتنہ دجال سے ڈرایا تھا۔ (مرأۃ المناجیح)

نوٹ: یہ کہنا غلط ہے کہ فلاں جگہ پر ایک آنکھ والا بچہ پیدا ہوا تو وہ دجال ہے۔

39: میزان کسے کہتے ہیں؟

جواب: میزان ایک ترازو کو کہتے ہیں قیامت کے دن تولنے کیلئے نصب کیا جائیگا۔

:40 پل صراط کسے کہتے ہیں؟

جواب: یہ ایک پل ہے جو دوزخ کے اوپر نصب کیا جائے گا جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہوگا ہر نیک و بد کو اس کے اوپر سے گزرنا ہوگا کیونکہ جنت میں جانے کا یہی ایک راستہ ہوگا بعض بجلی کی تیزی سے گزریں گے بعض تیز ہوا کی طرح بعض جس طرح گھوڑا دوڑ کر گزرتا ہے بعض چیونٹی کی سی چال کے مطابق گزریں گے۔ ہر ایک کو اس پر سے ہی گزرنا ہوگا۔

:41 حوض کوثر سے کیا مراد ہے؟

جواب: کوثر اس حوض کا نام ہے جو میدان حشر میں ہوگا جس سے حضور ﷺ اپنی امت کے پیاسوں کو سیراب فرمائیں گے جن کے کناروں پر پیالے اتنی کثرت سے رکھے ہوں گے جتنے آسمان پر ستارے ہیں تاکہ در حبیب پر آکر کسی پیاسے کو انتظار کی زحمت نہ اٹھانا پڑے۔ (تفسیر ضیاء القرآن)

:42 عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ صحابہ کرام جن کو حضور ﷺ نے جنت کی خوشخبری فرمائی:

۱: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۲: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۳: حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۴: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۵: حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۶: حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۷: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۸: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۹: حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۰: حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ

43: خلافت راشدہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: رسول اللہ ﷺ کے بعد آپ کے خلیفہ برحق حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت حسن رضوان اللہ علیہم اجمعین ان حضرت کی خلافت کو خلافت راشدہ کہا جاتا ہے۔

44: لواء الحمد کیا ہے؟

جواب: یہ ایک جھنڈا ہے جو ہمارے آقا محمد رسول اللہ ﷺ کو قیامت کے دن ملے گا جس کے نیچے حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر قیامت تک جتنے مسلمان ہوئے ہیں نبی ولی سب جمع ہونگے۔

45: بارہ اماموں کے نام سنائیں؟

۱:	حضرت علی رضی اللہ عنہ	۲:	امام حسن رضی اللہ عنہ
۳:	امام حسین رضی اللہ عنہ	۴:	امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ
۵:	امام باقر رحمۃ اللہ علیہ	۶:	امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ
۷:	امام موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ	۸:	امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ
۹:	محمد تقی رحمۃ اللہ علیہ	۱۰:	علی نقی رحمۃ اللہ علیہ
۱۱:	حسن عسکری رحمۃ اللہ علیہ	۱۲:	محمد مہدی رحمۃ اللہ علیہ

46: میدان حشر کہاں قائم ہوگا؟

جواب: یہ میدان حشر ملک شام کی زمین پر قائم ہوگا نہ کے میدان عرفات میں۔

(بہار شریعت 132/1)

:47 دجال کے بارے میں کچھ تفصیل بتائیے نیز وہ کتنے دن زندہ رہے گا؟

جواب: دجال کانا ہوگا اسکے ماتھے پر ک، ف، ر لکھا ہوگا مکہ ومدینہ کے علاوہ ساری دنیا کا سفر کریگا 40 دن زندہ رہے گا پہلا دن سال کے برابر دوسرا دن مہینے کے برابر تیسرا دن ہفتے کے برابر باقی دن چوبیس چوبیس گھنٹے کے ہوں گے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سانس سے وہ پگھلے گا آپ اسے مقام لدّ پر قتل کرینگے۔ (مسلم شریف)

:48 کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمانوں پر زندہ ہیں آپ دمشق کی جامع مسجد کے مشرقی مینار پر اتریں گے دجال کو قتل کرینگے صلیب کو توڑیں گے خنزیر کو قتل کرینگے جتنے یہودی، عیسائی بچے ہونگے وہ آپ پر ایمان لے آئیں گے آپ نکاح کرینگے اولاد بھی ہوگی چالیس سال بعد وفات پائینگے اور حضور ﷺ کے ساتھ روضہ انور میں دفن ہونگے۔ (بہار شریعت)

:49 کیا مسلمانوں پر قیامت آئے گی؟

جواب: قیامت سے چالیس سال پہلے ایک ٹھنڈی ہوا چلے گی جو ہر مسلمان کی بغل کے نیچے سے گزرے گی اس کی روح نکل جائے گی دنیا میں کافر رہ جائیں گے ان پر قیامت آئے گی

:50 عیسائی، یہودی اور بت پرست کسے کہتے ہیں؟

:۱ عیسیٰ علیہ السلام کے ماننے والوں کو عیسائی کہتے ہیں۔

:۲ موسیٰ علیہ السلام کے ماننے والوں کو یہودی کہتے ہیں۔

یہ دونوں حضور علیہ السلام کی نبوت کو نہ ماننے کی وجہ سے کافر ہیں۔

:۳ بتوں کی عبادت کرنے والوں کو بت پرست کہتے ہیں۔

51: کیا مومن ہمیشہ جنت میں اور کافر ہمیشہ جہنم میں رہیں گے؟

جواب: جی ہاں مومن ہمیشہ جنت میں اور کافر ہمیشہ جہنم میں رہیں گے البتہ وہ مسلمان جن کے عمل کمزور ہوں گے گناہ زیادہ اور نیکیاں کم ہونگی وہ جہنم میں جائیں گے بالآخر حضور علیہ السلام کی شفاعت کے صدقے اللہ تعالیٰ انہیں جنت عطا فرمائے گا۔(فتاویٰ حدیثیہ)

52: شفاعت کے متعلق مسلمانوں کا کیا نظریہ ہے؟

جواب: حضور علیہ السلام قیامت کے دن ہماری شفاعت کرینگے آپ ﷺ کی شفاعت سے اہل محشر کو حساب و کتاب کے انتظار سے نجات ملے گی بہت سے بلا حساب جنت میں جائیں گے کئی لوگوں کے درجات بلند ہوں گے بہت سے جہنم سے بچ جائیں گے بہت سے جہنم سے نکال لئے جائیں گے آپ کے بعد انبیاء کرام، پھر اولیا عظام، شہداء، علماء حق اور حفاظ اپنے متعلقین کی شفاعت کرینگے۔(بہار شریعت)

53: کیا جنت میں کسی کی داڑھی ہوگی؟

جواب: جنت میں کسی کی داڑھی نہیں ہوگی سوائے آدم علیہ السلام کے ان کی جنت میں داڑھی ہوگی۔(کشف الخفا)

54: جنت میں جنتیوں کی عمر اور قد کتنا ہوگا؟

جواب: جنت میں جنتیوں کی عمر 33 سال ہوگی اور قد آدم علیہ السلام کی صورت کے مطابق ستر گز لمبا ہوگا۔(الترغیب والترہیب)

55: کیا جنتیوں کی اولاد ہوگی؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا مومن اگر جنت میں بچے کی خواہش کرے گا تو اس کی

خواہش کے مطابق بچے کا حمل اور اس کی ولادت ایک گھڑی میں ہوگی۔ (صحیح ابن حبان)

56: قیامت کے دن سب سے بڑی نعمت کیا ہے؟

جواب: قیامت کے دن سب سے بڑی نعمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جنتیوں کو اپنا دیدار عطا فرمائے گا صحابہ کرامؓ نے عرض کی آقا علیہ السلام اتنے لوگ جمع ہونگے ہم اللہ تعالیٰ کا دیدار کیسے کریں گے محبوب دو عالم ﷺ نے فرمایا تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جیسے چودھویں کے چاند کو دیکھتے ہو (جیسے ہر ایک بآسانی چاند کو اپنے گھر میں کھڑا ہو کر دیکھ سکتا ہے ایسے ہی بغیر مشکل کے وہ اپنے رب کا دیدار کرے گا) (بخاری و مسلم)

57: کیا فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوگا؟

جواب: فرشتوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف ہونے والے انعامات میں سے ایک نعمت اللہ تعالیٰ کا دیدار ہے جس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔ (فتاویٰ حدیثیہ)

58: جنت میں کتنی صفیں ہونگی؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا جنت میں 120 صفیں ہونگی 80 صفیں میری امت کی ہونگی۔ (سبحان اللہ)

59: اہل جنت میں ایک کمتر شخص کے پاس کتنے خادم اور کتنی بیویاں ہونگی؟

جواب: نبی پاک ﷺ نے فرمایا اہل جنت میں ایک کمتر شخص کے پاس اسی ہزار خادم اور بہتر 72 بیویاں ہونگی۔ (ترمذی)

60: کیا زمین آسمان سے پہلے پیدا کی گئی ہے؟

جواب ہاں زمین کی پیدائش آسمان سے پہلے ہوئی۔ (فتاویٰ حدیثیہ)

61: ہمارے اعمال لکھنے والے فرشتوں کو کیا کہتے ہیں اوران کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: ان فرشتوں کو کراما کاتبین کہتے ہیں ان کی تعداد 2 ہوتی ہے۔ (فتاویٰ حدیثیہ)

62: مرنے کے بعد محافظ فرشتے کہاں جاتے ہیں؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنے مومن بندے کیساتھ دو فرشتے مقرر کیئے ہیں جو اس کے اعمال کو لکھتے ہیں جب اس کا انتقال ہوتا ہے تو وہ فرشتے جو اسکے ساتھ مامور تھے عرض کرتے ہیں وہ انسان مرگیا ہے جس کے ساتھ ہم مقرر تھے پس ہمیں اجازت دے تا کہ ہم آسمان کی طرف لوٹ جائیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرا آسمان میرے فرشتوں سے بھرا ہوا ہے جو میری تسبیح بیان کرتے ہیں وہ عرض کرتے ہیں پس ہم کہاں جائیں؟ تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے کی قبر پر کھڑے رہو اور میری تسبیح بیان کرو اور میری حمد کرو اور میری کبریائی بیان کرو اور اس کا ثواب قیامت کے دن تک میرے اس بندے کے حق میں لکھتے رہو۔ (شعب الایمان للبیہقی)

63: دنیا میں جس عورت نے متعدد نکاح کیئے ہوں وہ کس خاوند کیساتھ ہوگی؟

جواب: اگر عورت نے کئی نکاح کیئے ہوں اور جس وقت وہ دنیا سے گئی اس وقت کسی خاوند کے نکاح میں تھی تو جنت میں بھی اسی کے نکاح میں ہوگی اور اگر جب عورت دنیا سے گئی اس وقت کسی کے نکاح میں نہ تھی تو قیامت کے دن اسے اختیار دیا جائے گا کہ جس خاوند کا اخلاق اچھا ہے اس کیساتھ جنت میں چلی جائے۔ (تبیان القرآن)

64: یتیم کے بارے میں حدیث سنائیں؟

جواب: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"مَنْ مَسَحَ رَأْسَ یَتِیْمٍ کَانَ لَهُ بِکُلِّ شَعْرَةٍ تَمُرُّ عَلَیْهَا یَدُهُ حَسَنَاتٌ"

جو کسی یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرے تو اس کا ہاتھ جن بالوں سے گزرے گا ان میں سے ہر ایک بال کے بدلے اسے نیکیاں ملیں گی۔ (فتاویٰ حدیثیہ)

65: ذکر جہری افضل ہے یا ذکر خفی افضل ہے؟

جواب: ذکر جہری سے ذکر خفی افضل ہے کیونکہ اس میں ریا کے داخل ہونے کی کوئی راہ نہیں۔ (فتاویٰ حدیثیہ)

66: ذکر جہری اور ذکر خفی کسے کہتے ہیں؟

جواب: ذکر جہری ایسے ذکر کو کہتے ہیں جس میں زبان کیساتھ ذکر کیا جائے اور ذکر خفی ایسے ذکر کو کہتے ہیں جو دل سے کیا جائے۔

67: ذکر الٰہی کریں تو کیا دل پر اثر ہوتا ہے؟

جواب: جی ہاں ذکر الٰہی کریں تو دل پر اثر ہوتا ہے دل کے زنگ اترتے ہیں حضرت شیخ شبلی علیہ الرحمہ خطاب فرما رہے تھے کہ جو ذکر الٰہی کرتا ہے اس کے دل کی دنیا بدلتی ہے بو علی سینا کہنے لگا جی میری عقل تو تسلیم نہیں کرتی مجھے سمجھائے۔ شیخ شبلی علیہ الرحمہ نے بو علی سینا کو بہت سمجھایا لیکن وہ نہ مانا آپ نے فرمایا "گدھے تمہیں بات سمجھ ہی نہیں آ رہی" یہ لفظ سنے تو بو علی سینا کے رنگ اُڑ گئے کہ اتنے لوگوں کے سامنے مجھے کیا کہہ دیا کچھ دیر بعد حضرت شیخ شبلی نے فرمایا تجھے گدھا کہا تیرے رنگ اُڑ گئے اگر گدھے کے نام میں اتنی تاثیر ہے کہ وہ تیرے چہرے کا رنگ بدل سکتا ہے تو اللہ

کے نام میں بھی اتنی تاثیر ہے کہ وہ دل کی دنیا بدل سکتا ہے۔

68: ذکر الٰہی کرنے سے دل کے زنگ اترتے ہیں اس پر کوئی حدیث سنائیں؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا ''لِکُلِّ شَیْءٍ صَقَالَۃٌ وَصَقَالَۃُ الْقُلُوْبِ ذِکْرُ اللّٰہ'' ہر چیز کو زنگ لگ جائے تو صاف کرنے کا آلہ ہوتا ہے ایسے ہی دل کو زنگ لگ جائے تو اس کیلئے اللہ کا ذکر ہے۔

69: کیا ذکر الٰہی مصیبتوں کو ٹالتا ہے؟

جواب: ہاں ذکر الٰہی مصیبتوں کو ٹالتا ہے اذکار مخصوصہ کے متعلق وارد بے شمار احادیث میں اس کی صراحت ہے کہ جو ان اذکار کو پڑھتا ہے وہ مصیبتوں وغیرہ سے محفوظ رہتا ہے۔

70: لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھنے کا کیا فائدہ ہے؟

جواب: صحیح حدیث میں ہے کہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ مصیبت کے ستر دروازوں کو بند کر دیتا ہے اور ان میں سے ادنیٰ مصیبت فقر و فاقہ کی ہے ایک روایت میں ہے ان میں ادنی مصیبت پریشانی ہے۔(ابن ماجہ)

71: درود شریف کی اہمیت بیان کریں؟

جواب: درود شریف کی بڑی اہمیت احادیث میں بیان کی گئی ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ قیامت کے دن آدم علیہ السلام سرخ جوڑا پہنے عرش الٰہی کے نیچے بیٹھے ہونگے حضور علیہ السلام کے امتی کو فرشتے پکڑ کر جہنم میں لے جا رہے ہونگے آدم علیہ السلام پکار کر کہیں گے یا محمد ﷺ آپ کہیں گے لبیک یا ابا البشر آدم علیہ السلام کہیں گے آپ کے امتی کو فرشتے جہنم میں لے جا رہے ہیں اس

پر میرے لجپال نبی ﷺ فرمائیں گے میں ابھی آتا ہوں۔

جو نہ بھولا ہم غریبوں کو رضا
ذکر اسکا اپنی عادت کیجئے ۲

حضور علیہ السلام فرمائیں گے اے فرشتو میرے امتی کو کیوں جہنم میں لے جارہے ہو فرشتے کہیں گے اسکے گناہ زیادہ ہیں نیکیاں کم ہیں قانون الٰہی ہے جس کے گناہ زیادہ اور نیکیاں کم ہوں وہ جہنم میں جائے گا نبی پاک ﷺ فرمائیں گے میرے سامنے اعمال تولو جب حضور علیہ السلام کے سامنے اعمال تولے جائیں گے تو نبی پاک ﷺ اپنے پاس سے ایک سفید کاغذ نیکیوں والے پلڑے میں رکھے گے تو نیکیوں والا پلڑا بھاری ہو جائے گا اعلان ہو جائے گا یہ جنتی ہے وہ حضور علیہ السلام کے قدموں میں گر کر عرض کرے گا یہ آپ نے کیا رکھا ہے نبی پاک ﷺ فرمائیں گے تو جو دنیا میں مجھ پر درود پڑھتا تھا وہ تیرے کام آگیا ہے

ٹھیک کسی نے کہا تھا:

نیر وگایا بندی اے
نہ درد سنایا بندی اے
اللہ دیاں سوہنیا محبوباں
گل تیرے بتایا بندی اے
محشر وچ سارے رو رو کے
محبوب خدا نوں آکھن گے
آج بگڑی قسمت ساریاں دی

سرکار دے آیاں بندی اے

نوٹ:

ہمیں بھی چاہیے کہ ہم جب سکول یا مدرسہ میں جا رہے ہوں بجائے فضول باتوں کے حضور علیہ السلام کی ذات پر درود پڑھیں فارغ بیٹھے ہوں تو حضور علیہ السلام کی ذات پر درود پڑھے کوئی بھی عبادت ہے اگر کسی کو دکھلانے کیلئے ہوں تو وہ قبول نہیں لیکن درود شریف ایسی عبادت ہے جو کسی کو دکھلانے کیلئے پڑھیں یہ پھر بھی قبول ہے۔

:72 کیا حضرت بلال حبشیؓ سب سے پہلے جنت میں جائیں گے؟

جواب: ملا علی قاری علیہ الرحمہ نے مرقاۃ میں حدیث نقل کی:

حضور علیہ السلام نے فرمایا جنت میں پہلے انبیاء جائیں گے پھر بیت اللہ کے مؤذن یعنی حضرت بلالؓ پھر بیت المقدس کے مؤذن پھر سارے مؤذن (جنت میں جائیں گے)۔ پتہ چلا انبیاء پہلے اور حضرت بلالؓ بعد میں جنت میں جائیں گے (مرأۃ المناجیح، فتاویٰ بحر العلوم، فتاویٰ شارح بخاری)

:73 وہ عورت جو نبی پاک ﷺ پر کوڑا پھینکتی تھی ایک دن نہیں پھینکا تو حضور علیہ السلام اس کے گھر میں چلے گئے کیا یہ روایت موجود ہے کہ نہیں؟

جواب: ایسی کوئی روایت موجود نہیں یہ جھوٹی روایت ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا "مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّار" (بخاری شریف)

جس نے جان بوجھ کر کوئی ایسی بات میری طرف منسوب کی جو میں نے نہیں کہی وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں تلاش کرے۔

74: کیا یہ روایت موجود ہے کہ ایک دفعہ حضرت بلال حبشیؓ نے اذان نہ دی تو سورج ہی نہیں نکلا؟

جواب: نہیں ایسی کوئی روایت بھی موجود نہیں۔ (فتاویٰ شارح بخاری)

75: کیا حضرت اویس قرنیؓ نے اپنے سارے دانت شہید کیئے تھے؟

جواب: غزوہ اُحد جو 3 ہجری کو ہوا اس میں نبی پاک ﷺ کے دانت کا کچھ حصہ شہید ہوا حضرت سعدؓ بن ابی وقاص جیسے دلیر لوگ سیسہ پلائی دیوار کی طرح حضور علیہ السلام کے سامنے کھڑے ہو گئے حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا اے سعد خوب تیر اندازی کر تجھ پر میں محمد ﷺ کے ماں باپ قربان ہو جائیں (سبحان اللہ) جب حضور علیہ السلام کے دانت کا کچھ حصہ شہید ہوا پورا دانت جڑ سے نہیں شہید ہوا جیسا کہ امام خفاجی نے نسیم الریاض میں فرمایا تو حضرت اویس قرنیؓ نے کیسے سارے دانت محبت میں نکال دیئے اس لئے یہ من گھڑت واقعہ ہے۔

غور کریں اگر کسی کے سامنے والا ایک یا دو دانت ٹوٹ جائیں تو چہرے کا حسن باقی نہیں رہتا جبکہ صحابہ کرام فرماتے ہیں جب غزوہ اُحد میں حضور علیہ السلام کے دانت کا کچھ حصہ شہید ہو گیا تو چہرہ مبارک کا حسن اور بڑھ گیا تھا حضرت حسانؓ بن ثابت نے کیا خوب کہا تھا:

وَاَحْسَنُ مِنْکَ لَمْ تَرَقَطُّ عَیْنِیْ

آقا! آپ جیسا میری آنکھ نے نہیں دیکھا

وَاَجْمَلُ مِنْکَ لَمْ تَلِدِ النِّسَآء

آقا! آپ جیسا تو کسی ماں نے جنا ہی نہیں

خُلِقْتَ مُبَرَّاً مِنْ کُلِّ عَیْبٍ

آپ تو ہر عیب سے پاک پیدا کئے گئے ہیں

کَاَنَّکَ قَدْ خُلِقْتَ کَمَا تَشَآءُ

ایسا لگتا ہے جیسے آپ چاہتے تھے آپ کو ویسے پیدا کیا گیا

کسی عاشق نے حضرت حسانؓ کے عربی اشعار کا ترجمہ یوں کیا

یا مصطفیٰ خیر الوریٰ — تیری جھیا کوئی نہیں

کہنوں کھواں تیرے جھیا — تیرے جھیا کوئی نہیں

تیرے جھیا سوہنا نبی — لبھاں تے تاں جے ہووے کوئی

مینوں تے ہے بس اینا پتہ — تیرے جھیا کوئی نہیں

76: حضرت موسیٰ علیہ السلام مقدس وادی میں آئے تو نعلین اتارنے کا حکم ملا اور حضور علیہ السلام عرش الٰہی پر گئے تو فرمایا نعلین سمیت آجائیں کیا یہ روایت ٹھیک ہے؟

جواب: امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی علیہ الرحمہ نے فرمایا یہ من گھڑت اور موضوع روایت ہے (فتاویٰ شارح بخاری، فتاویٰ بریلی شریف)

77: حضرت ایوب علیہ السلام کے صبر کے بارے میں ایک واقعہ بیان کیا جاتا ہے کہ آپ کے جسم مبارک میں کیڑے پڑ گئے اگر کوئی نیچے گرتا تو آپ اسے اٹھا کر پھر بدن میں رکھ لیتے کیا ایسا واقعہ ثابت ہے؟

جواب: ایسا واقعہ کچھ تفسیروں میں موجود ہے ایسے واقعہ کا بیان کرنا ٹھیک نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبیوں کو ایسے مرض میں مبتلا نہیں کرتا کہ لوگ جس سے نفرت کریں لہٰذا اس کے بیان سے بچنا چاہیے (وقار الفتاویٰ)

78: کیا یہ حدیث ہے کہ جو رمضان المبارک کی سب سے پہلے خبر دے اس پر جنت واجب ہے؟

جواب: یہ بھی من گھڑت بات ہے جس کا کوئی وجود نہیں آج سوشل میڈیا کا دور ہے لوگ ایسی باتوں کو بغیر تحقیق کے آگے سینڈ کر دیتے ہیں اگر ایسی من گھڑت باتوں کے خلاف کمپین چلانی چاہیے تاکہ لوگ اس سے آگاہ ہو جائیں ٹیچرز سکول کالجز میں اس پر لیکچر دیں آئمہ مساجد جمعۃ المبارک کے خطبات میں اس کی مذمت کریں اس طرح ان شآء اللہ اس کا سد باب ہو جائے گا۔

79: ننگے سر قرآن مجید پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: ننگے سر قرآن پاک پڑھنا یا سننا منع ہے ادب یہی ہے کہ ٹوپی پہن کر پڑھا یا سنا جائے۔

ہمارا رویہ:

آج کل ہمارا قرآن کی تعلیم کے ساتھ یہ رویہ ہے کہ بچہ صبح اُٹھے تو ہم کہتے ہیں کہ بیٹا وضو مسجد میں ہی جا کر کرنا بچے کی آنکھیں بند ہو رہی ہوتی ہیں اور وہ مسجد کی جانب بوجھل قدم بڑھا رہا ہوتا ہے اگر کبھی چھٹی کرے تو ہم سخت رویہ بھی نہیں اپناتے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بچہ دین سے باغی ہو جاتا ہے اور اگر کچھ دیر بعد بچہ کے سکول کا وقت ہوتا ہے تو ماں کپڑے استری کر کے رکھتی ہے نہلا کر خود تیار کرتی ہے اگر بچہ نہ جائے تو ہر قسم کی آفر بھی کی جاتی ہے بچے کے والد اس کو موٹر سائیکل پر سکول چھوڑ کر بھی آتے ہیں اور لیکر بھی آتے ہیں اگر چھٹی کرے تو غصے میں آ کر تھپڑ بھی مارتے ہیں نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بچہ دنیا کی اچھی تعلیم پڑھ جاتا ہے دین سے تو باغی تھا والد

صاحب جب دنیا سے جاتے ہیں تو ان کو غسل نہیں دے سکتا کہتا ہے مجھے ڈر لگتا ہے ان کی قبر پر حاضری کیلئے نہیں جاتا کہتا ہے مصروفیت بڑی ہے ٹائم نہیں لگتا کاش دنیا کے ساتھ دین بھی پڑھایا ہوتا تو آج رنگ کچھ اور ہوتا نیت کریں کہ ہم اپنی اولادوں کو دنیا کی تعلیم کیساتھ ساتھ دین کی تعلیم بھی دلوائیں گے۔

80: یارسول اللہ ﷺ پکارنا کیسا ہے؟

جواب: نبی پاک ﷺ جب ہجرت فرما کر مدینہ منورہ کی جانب تشریف لائے تو مدینہ کے لوگوں نے آپ ﷺ کا شاندار استقبال کیا بنی نجار قبیلے کی بچیوں نے طلع البدر علینا من ثنیات الوداع پڑھا۔

کسی نے اس کی منظر کشی یوں کی ہے:

مسلمانوں کی بچیاں بچے مسرور تھے سارے
گلی کوچے خدا کی حمد سے معمور تھے سارے
نبوت کی سواری جس طرف سے ہو کے جاتی تھی
درود و نعت کے نغمات کی آواز آتی تھی

وہ بچیاں کیا کہتی تھیں وہ کہہ رہی تھیں:

ہم ہیں بچیاں نجار کے عالی گھرانے کی
خوشی ہے آمنہ کے لعل کے تشریف لانے کی

مسلم شریف میں ہے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کے مدینہ میں تشریف لانے کا منظر بیان کرتے ہیں کہ حضور علیہ السلام جب تشریف لائے۔

فَصَعِدَ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ فَوْقَ الْبُيُوْتِ وَتَفَرَّقَ الْغِلْمَانُ وَالْخَدَمُ فِي

الطُّرُقِ يُنَادُوْنَ يَا مُحَمَّدُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (مسلم شریف)

مرد اور عورتیں چھتوں پہ چڑھ گئے بچے اور غلام گلیوں میں پھیل گئے اور وہ نعرے لگا رہے تھے یا محمد یا رسول اللہ ﷺ۔

امام بخاری علیہ الرحمہ نے ''الادب المفرد'' میں حدیث نقل کی کہ جب حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا پاؤں سن ہو گیا تو ایک آدمی نے کہا ''اُذْكُرْ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَيْكَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ'' اس ہستی کا ذکر کرو جو آپ کو تمام لوگوں سے زیادہ محبوب ہو تو انہوں نے کہا یا محمد (ادب المفرد)

اس لئے ہم کہتے ہیں:

شروع سے پوری امت کا ہے نعرہ یا رسول اللہ ﷺ
بڑی تحقیق سے ہم نے پکارا یا رسول اللہ ﷺ
صحیح مسلم میں لکھا ہے صحابہ نے لگایا تھا
مدینہ کی گلی کوچوں میں یہ نعرہ یا رسول اللہ ﷺ
ذرا پڑھئے کتابوں میں فتوح الشام کا قصہ
بڑا لشکر صحابہ کا پکارا یا رسول اللہ ﷺ
پاؤں جب سن ہوا ابن عمر کا دور طیبہ میں
مدد کے واسطے اس نے پکارا یا رسول اللہ ﷺ
قسم اللہ کی آقا مدینے سن رہے ہوں گے
ذرا مل کر لگا دو تم بھی نعرہ یا رسول اللہ ﷺ
شفاعت قاسمی ہوگی امتی دیکھ لینا تم

حشر کے روز بھی جس نے پکارا یا رسول اللہ ﷺ

81: کیا نبی پاک ﷺ نے سر کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا ہے؟

جواب: جی ہاں نبی پاک ﷺ نے سر کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں ''اَتَعْجَبُوْنَ اَنْ یَّکُوْنَ الْخِلَّةُ لِاِبْرَاهِیْمَ وَالْکَلَامُ لِمُوْسیٰ وَالرُّوْیَةُ لِمُحَمَّدٍ ﷺ'' کیا تم لوگ تعجب کرتے ہو کہ خلیل ہونا ابراہیم کا حصہ ہو اور کلام کرنا موسیٰ کا حصہ ہو اور آنکھوں سے دیکھنا محمد عربی ﷺ کا حصہ ہو۔ (مستدرک حاکم)

ابن یعقوب کو اللہ نے صورت بخشی
موسیٰ کو کلیم اللہ کی طاقت بخشی
عیسیٰ کو مسیحائی کی قوت بخشی
ہر نبی کو کوئی عزت کوئی عظمت بخشی
میری سرکار کو بے پردہ زیارت بخشی

82: کیا خواب میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ممکن ہے؟

جواب: جی ہاں خواب میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ہو سکتا ہے حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ کو 99 بار خواب میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوا۔

۲: حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں میں نے چالیس سال فجر کے بعد درس میں رحمت خداوندی کو بیان کیا ایک شخص کے کہنے پر چالیس سال بعد غضب الٰہی پر بیان کیا لوگ چیخیں مار مار کر رونے لگے رات کو خواب میں امام شافعی علیہ الرحمہ کو اللہ تعالیٰ کا دیدار نصیب ہوا فرمایا اے شافعی کیا میری رحمت کم ہے کہ اسکو بیان کرنا چھوڑ دیا۔

۳: حضرت جنید بغدادی فرماتے ہیں مجھے میرے مرشد حضرت سری سقطی علیہ الرحمہ فرماتے تقریر کیا کریں آپ فرماتے ہیں میں نہیں کرتا تھا ایک رات کو سویا تو مجھے نبی پاک ﷺ کی زیارت ہوئی تو نبی پاک ﷺ فرمانے لگے جنید تقریر کیا کر۔ اللہ اکبر

جس پاسے میں ٹر جاواں سرکار نظر رکھدے
بیٹھے نے مدینے وچ دو جگ دی خبر رکھدے

فرماتے ہیں میں صبح اٹھا تو خیال آیا کہ مجھے تو نبی پاک ﷺ کی زیارت ہوئی میرے مرشد کو تو کبھی نہیں ہوئی حضرت جنید بغدادی فرماتے ہیں میں نے نماز فجر پڑھی تو میرے مرشد نے مجھے قریب بلایا اور فرمایا اب تقریر کرو گے فرماتے ہیں میں نے کہا حضور اب کیا ہوا پھر جنید بغدادی فرمانے لگے میرے مرشد حضرت سری سقطی علیہ الرحمہ میری جانب دیکھ کر فرمانے لگے کہ اگر رات تجھے نبی پاک ﷺ کی زیارت ہوئی ہے تو مجھے رب کریم کی زیارت ہوئی ہے میں نے عرض کیا مولا اگر تیرے حبیب پاک ﷺ کا گزر بغداد کی جانب سے ہو تو کہنا کہ میرے جنید کو تقریر کا حکم تو دے جائیں۔ (کشف المحجوب)

ان تین روایات سے یہ بات واضح ہوگئی کہ خواب میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ممکن ہے جاگتے ہوئے سر کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کا دیدار صرف نبی پاک ﷺ نے فرمایا۔

83: کیا نابینا ہونا عیب ہے کتنے انبیاء کی بینائی جاتی رہی؟

جواب: نابینا ہونا عیب نہیں تین انبیاء کی بینائی جاتی رہی۔

حضرت اسحاق علیہ السلام، حضرت یعقوب علیہ السلام، حضرت شعیب علیہ السلام

اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیل سے پوچھا جس کی آنکھیں چھین لی جائیں اس کی کیا

جزا ہے؟ کہا مولا تو ہی بہتر جانتا ہے فرمایا اس کی جزا یہ ہے وہ شخص ہمیشہ میرے گھر میں رہ کر میرے چہرہ اقدس کو دیکھتا رہے یعنی دیدار الٰہی سے سرفراز ہوگا۔ (تفسیر روح البیان)

84: قرآن کریم کس طرح نازل ہوا؟

جواب: قرآن کریم کی آیات جبرائیل امین علیہ السلام لے کر حاضر ہوئے حضور نبی کریم ﷺ کے سامنے اس کو پڑھتے حضور علیہ السلام ان کو یاد کر لیتے پھر آپ ﷺ صحابہ کرام کو سناتے انہیں لکھواتے بعض صحابہ کرام ان کو یاد کر لیا کرتے ان میں سے حضرت معاذ بن جبل، ابو الدرداء اور ابی بن کعب رضوان اللہ علیہم اجمعین مشہور حفاظ کرام ہیں۔

85: قرآن کریم کی پہلی آیات کہاں نازل ہوئیں؟

جواب: مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ ہے اس پہاڑ کی غار میں حضور ﷺ عبادت و یاد الٰہی کیلئے تشریف لے جاتے اس غار کا نام غار حرا ہے یہاں قرآن کریم کا نزول شروع ہوا۔

86: سب سے پہلے کونسی آیات نازل ہوئیں؟

جواب: سب سے پہلے سورۃ العلق کی پہلی پانچ آیات نازل ہوئیں۔

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ. خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ. اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ. الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ . عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ

87: آخرت پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟

جواب: ہمیں یہ یقین ہونا چاہیے کہ ایک دن ایسا آئے گا جب تمام مردوں کو زندہ کر کے جمع

کیا جائے گا ان سے ان کے اعمال کا حساب لیا جائے گا نیکوں کو جزاء اور بروں کو سزا ملے گی اس دن کو قیامت یا یوم آخرت کہتے ہیں۔

88: قبر سے کیا مراد ہے؟

جواب: دنیا میں جب انسان اپنی فانی زندگی کی مقررہ میعاد پوری کرے اور عزرائیل علیہ السلام اس کی روح کو قبض کر لیں تو سب سے پہلے مقام میں جہاں انسان کو دفن کیا جاتا ہے اسی کو قبر کہتے ہیں۔

89: کیا قبر میں ثواب وعذاب برحق ہے؟

جواب: جی ہاں قبر میں نعمتیں یا عذاب ملنا بالکل حق اور درست ہے اور یہ روح اور جسم دونوں کیلئے ہوگا۔

90: قبر میں میت جب صحیح جواب دے تو اس کیساتھ کیا سلوک ہوگا؟

جواب: حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ایک آواز دینے والا آسمان کی طرف سے ندا کرتا ہے کہ میرے بندے نے سچ کہا ہے اس کیلئے جنت کا فرش بچھاؤ اس کو جنت کے کپڑے پہناؤ جنت کی طرف سے اس کیلئے دروازہ کھولو پس جنت کا دروازہ کھل جاتا ہے وہاں خوشبوئیں اور ٹھنڈی ہوائیں چلتی ہیں جہاں تک اس کی نظر جاتی ہے قبر کشادہ ہو جاتی ہے۔ (مسند احمد)

91: اگر میت صحیح جواب نہ دے سکے تو اس کیساتھ کیا معاملہ ہوگا؟

جواب: جب کافر سوالات کا صحیح جوابات نہ دے سکے تو اس وقت آسمان سے ندا آتی ہے یہ جھوٹا ہے اس کیلئے آگ کا بچھونا بچھاؤ آگ کا لباس پہناؤ دوزخ کی طرف دروازہ کھول دو وہ دوزخ کی گرمی اور سختی میں آجاتا ہے پھر اس پر فرشتے مقرر کیے جاتے

ہیں جولوہے کے بڑے بڑے گرزوں سے اسے مارتے رہتے ہیں۔

92: کیا قبر ہر میت کو دباتی ہے؟

جواب: انبیاء کرام علیہم السلام اس سے مستثنیٰ ہیں ان کے سوا سب مسلمانوں اور کافروں کو قبر دباتی ہے لیکن مسلمانوں کو شفقت سے دباتی ہے جیسے ماں اپنے بچے کو سینے سے لگاتی ہے اور کافروں کو سختی سے دباتی ہے یہاں تک کہ پسلیاں ادھر سے اُدھر ہو جاتی ہیں۔

93: کیا مرنے والے کو ہماری عبادات کا ثواب پہنچتا ہے؟

جواب: جی ہاں مرنے والے کو ہماری عبادات کا ثواب پہنچتا ہے ایک شخص نے بارگاہ رسالت میں عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میری والدہ کا اچانک انتقال ہو گیا ہے اگر میں ان کیلئے صدقات وخیرات کروں تو کیا انہیں ثواب پہنچے گا حضور ﷺ نے فرمایا انہیں ضرور ثواب پہنچے گا۔ (بخاری شریف)

94: انسان کے مرنے کے بعد اسے کن چیزوں کا ثواب ملتا رہتا ہے؟

جواب: رسول پاک ﷺ کا فرمان عالی شان ہے جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ بند ہو جاتا ہے سوائے تین چیزوں کے جن کا ثواب اسے ملتا رہتا ہے۔

۱: صدقہ جاریہ: مسجد یا مدرسہ بنوا دیا لوگ اس میں نماز یا قرآن کریم پڑھتے رہیں گے بنانے والے کو مفت کا ثواب ملتا رہے گا۔

۲: وہ علم جس سے لوگوں کو نفع پہنچایا جائے، کسی کو قرآن پڑھا دیا یا حدیث پڑھا دی جب تک وہ آگے پڑھتے رہیں گے پڑھانے والے کو ثواب ملتا رہے گا۔

۳: وہ نیک اولاد جو اس کیلئے دعا کرتی ہے۔ (مسلم شریف)

95: مرنے والوں کی عزت وتوقیر کے بارے میں حدیث پاک بیان کریں؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ مردوں کو برا بھلا مت کہو کیونکہ وہ اعمال کی جزا کی طرف پہنچ گئے ہیں۔ (بخاری شریف)

سیرت پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور اسکے متعلقات

1: نبی پاک ﷺ کے کتنے بیٹے تھے اور انکے نام کیا تھے؟

جواب: نبی کریم ﷺ کے تین بیٹے تھے۔ حضرت قاسم، حضرت ابراہیم، حضرت عبداللہ رضوان اللہ علیہم اجمعین (طیب وطاہر ان کا ہی لقب ہیں)، (سیرت رسول عربی)

2: نبی پاک ﷺ کی کتنی بیٹیاں ہیں اور انکے نام کیا ہیں؟

جواب: نبی پاک ﷺ کی چار بیٹیاں ہیں۔

۱: سیدہ زینب رضی اللہ عنہا زوجہ سیدنا ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ

۲: سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا زوجہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

۳: سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا زوجہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

۴: سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا زوجہ سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

(فتاویٰ حدیثیہ)

3: حضور علیہ السلام کی ازواج کتنی ہیں اور انکے نام کیا ہیں؟

جواب: نبی کریم ﷺ کی گیارہ ازواج ہیں:

۱: حضرت خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا

۲: حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا

۳: حضرت عائشہ بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہا

۴: حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا

۵: حضرت ام سلمہ بنت ابی امیہ رضی اللہ عنہا

۶: حضرت ام حبیبہ بنت ابوسفیان رضی اللہ عنہا

۷: حضرت زینب بنت جحش اسدیہ رضی اللہ عنہا

۸: حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا

۹: حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا

۱۰: حضرت جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا

۱۱: حضرت صفیہ بنت حی بن اخطب رضی اللہ عنہا

نوٹ: نبی پاک ﷺ کی ساری اولاد حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہا کے بطن سے ہے ماسوائے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کے وہ حضرت ماریہ قبطیہ کے بطن سے ہیں۔

4: نبی پاک ﷺ کے نواسے کتنے ہیں اور ان کے نام بھی بتائیں؟

جواب: نبی پاک ﷺ کے پانچ نواسے ہیں۔

۱: سیدنا علیؓ بن ابوالعاصؓ ۲: سیدنا عبداللہؓ بن عثمان غنیؓ

۳: سیدنا حسنؓ بن علی المرتضیٰؓ ۴: سیدنا حسینؓ بن علی المرتضیٰؓ

۵: سیدنا محسنؓ بن علی المرتضیٰؓ (سیرت رسول عربی)

5: نبی پاک ﷺ کی کتنی نواسیاں ہیں ان کے نام بھی بتائیں؟

جواب: نبی پاک ﷺ کی چار نواسیاں ہیں:

۱: سیدہ امامہ رضی اللہ عنہا بنت ابوالعاص زوجہ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

۲: سیدہ رقیہ بنت علی المرتضیٰ رضی اللہ (بچپن میں انتقال کر گئی)۔

۳: سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا بنت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ زوجہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

۴: سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بنت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ زوجہ سیدنا عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ

6: نبی پاک ﷺ کے دادا جان اور دادی جان کا نام بتائیں؟

جواب: نبی پاک ﷺ کے دادا جان کا نام جناب عبدالمطلب ہے اور دادی جان کا نام فاطمہ بنت عمرو ہے۔

7: حضور نبی پاک ﷺ کے نانا جان اور نانی جان کا نام بتائیں؟

جواب: حضور علیہ السلام کے نانا جان کا نام وہب بن عبد مناف اور نانی جان کا نام برا بنت عزی ہے۔

8: نبی پاک ﷺ کے والد محترم اور والدہ محترمہ کا نام بتائیں؟

جواب: حضور ﷺ کے والد محترم کا نام جناب عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے اور والدہ ماجدہ کا نام سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا ہے۔

9: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے وصال کے تقریباً 1400 سال بعد مسجد نبوی کی توسیع کیلئے آپ کی قبر کو کھولا گیا تو بتائیے قبر انور سے کیا برآمد ہو؟

جواب: 20 جنوری 1978 کو روزنامہ نوائے وقت میں یہ رپورٹ چھپی کہ مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کی توسیع کے سلسلے میں کی جانے والی کھدائی کے دوران حضور علیہ السلام کے والد ماجد کی قبر انور کو کھولا گیا تو جسم مبارک بالکل سلامت تھا جنہیں نہایت عزت کیساتھ جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔

10: نبی کریم ﷺ کی رضاعی ماؤں کے نام بتائیں؟

جواب: ثویبہ، خولہ بنت المنذر، حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہن

11: رضاعی ماں کسے کہتے ہیں؟

جواب: جب دودھ پیتا بچہ کسی عورت کا دودھ پیئے بے شک وہ چند قطرے ہی ہو وہ عورت

اس بچے کی رضاعی ماں کہلاتی ہے۔

12: لفظ محمد ﷺ کا کیا معنی ہے اور یہ قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب: وہ ذات جس کی کثرت کیساتھ اور بار بار تعریف کی جائے اور 4 مرتبہ نام مبارک قرآن مقدس میں آیا۔

13: کیا آپ قرآن مجید میں ان مقامات کی نشاندہی کر سکتے ہیں جہاں آپ ﷺ کا اسم گرامی محمد ﷺ آیا ہے؟

۱: سورہ آل عمران پارہ نمبر 4 آیت نمبر 144

۲: سورۃ الاحزاب پارہ نمبر 22 آیت نمبر 40

۳: سورۃ محمد پارہ نمبر 26 آیت نمبر 2

۴: سورۃ الفتح پارہ نمبر 26 آیت نمبر 29

14: نبی پاک ﷺ کی آیاؤں کے نام بتایئے؟

جواب: حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا، حضرت شیما رضی اللہ عنہا

15: آیا کسے کہتے ہیں؟

جواب: بچپن میں دیکھ بھال کرنے والی اور گود کھلانے والی عورت کو آیا کہتے ہیں۔

16: نبی کریم ﷺ نے بغیر کسی سہارے کے کب چلنا شروع کیا؟

جواب: 5 ماہ کی عمر مبارک میں

17: نبی پاک ﷺ نے گفتگو فرمانا کب شروع کی؟

جواب: 8 ماہ کی عمر مبارک میں

18: نبی کریم ﷺ نے اپنی زبان مبارک سے جو کلام سب سے پہلے ادا فرمایا وہ کیا تھا؟

جواب: الله اکبر کبیرا والحمد لله کثیرا وسبحان الله بکرة واصیلا

19: سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کس جگہ پر ہوا نیز آپ کی زبان مبارک پر آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب: سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کا انتقال مکہ و مدینہ کے درمیان ابواء کے مقام پر ہوا آپؓ کے آخری الفاظ یہ تھے فرمایا میں دنیا سے جا رہی ہوں لیکن میرا ذکر دنیا میں باقی رہے گا کیونکہ میں نے ایک ایسے بچے کو جنم دیا ہے جو سراپا طہارت ہے۔

20: مردوں عورتوں میں، بچوں اور غلاموں میں سب سے پہلے کون ایمان لیکر آیا؟

جواب: مردوں میں سب سے پہلے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ایمان لائے۔

عورتوں میں سب سے پہلے سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے ایمان لایا۔

بچوں میں سب سے پہلے حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے ایمان لایا۔

غلاموں میں سب سے پہلے حضرت زید بن حارثہؓ نے ایمان لایا۔

21: انصار کسے کہتے ہیں؟

جواب: مکہ مکرمہ چھوڑ کر جو لوگ مدینہ منورہ میں گئے تو مدینہ والوں نے ان کی مدد کی اس وجہ سے مدینہ منورہ کے لوگوں کو انصار کہتے ہیں۔

22: مہاجرین کسے کہتے ہیں؟

جواب: مکہ چھوڑ کر مدینہ منورہ میں جو صحابہ کرام گئے انہیں مہاجر کہتے ہیں۔

23: ہجری کسے کہتے ہیں؟

جواب: جب مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی جانب ہجرت ہوئی پھر وہاں سے سن ہجری کا آغاز

ہوا۔

24: معجزہ شق القمر کسے کہتے ہیں؟

جواب: ایک دفعہ نبی کریم ﷺ نے کفار مکہ کے مطالبہ پر چودھویں رات کا چاند دو ٹکڑے کر دکھایا اس معجزہ کو معجزہ شق القمر کہتے ہیں۔

25: شق القمر کا معجزہ کب اور کس جگہ ظاہر ہوا؟

جواب: شق القمر کا معجزہ 8 نبوی کو مکہ مکرمہ میں ہوا۔

26: نبوت کے دسویں سال کو عام الحزن بھی کہا جاتا ہے بتایئے کیوں؟

جواب: اس لئے کہ اس سال میں نبی کریم ﷺ کی دو انتہائی قریبی شخصیات حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا، ابوطالب کا انتقال ہوا۔

27: معجزہ معراج کسے کہتے ہیں اور یہ کب پیش آیا؟

جواب: نبی کریم ﷺ ایک رات کے تھوڑے سے حصہ میں مسجد الحرام سے لیکر مسجد اقصیٰ تک اور وہاں سے عرش الٰہی اور اس سے اوپر تک تشریف لے گئے اور یہ واقعہ 12 نبوی ماہ رجب میں پیش آیا۔

28: اصحاب صفہ کون تھے اور کہاں رہتے تھے نیز ان کی تعداد بھی بتائیں؟

جواب: مسجد نبوی کیساتھ ایک چبوترہ تھا جہاں پر غریب صحابہ کرام تعلیم حاصل کرتے تھے ان کی تعداد 70 کے قریب تھی جن میں سے چند مشہور صحابہ یہ ہیں۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ، حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ، حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ، حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ، حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ

29: مسجد نبوی میں چراغ جلا کر روشنی کرنے کی ابتداء کس نے کی؟

جواب: حضرت تمیم داری کے غلام فتح نے

30: نماز سے پہلے اذان دینے کی ابتداء کب ہوئی؟

جواب: 1 ہجری کو

31: تحویل قبلہ کا حکم کب نازل ہوا؟

جواب: مسلمان ابتداء میں سترہ ماہ (17 ماہ) بیت المقدس کی جانب منہ کر کے نماز پڑھتے رہے پھر ماہ رجب 2 ہجری کو خانہ کعبہ کی جانب منہ کرنے کا حکم دیا گیا اسے تحویل قبلہ کہتے ہیں۔

32: رمضان المبارک کے روزے کب فرض کئے گئے؟

جواب: ماہ شعبان 2 ہجری کو رمضان المبارک کے روزے فرض کئے گئے۔

33: غزوہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: غزوہ اس چھوٹے یا بڑے لشکر کو کہتے ہیں جس میں نبی کریم ﷺ نے خود شرکت فرمائی ہو خواہ اس سفر میں جنگ کی نوبت آئی ہو یا نہ آئی ہو۔

34: سریہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ فوجی دستہ جس میں نبی کریم ﷺ نے خود شرکت نہ فرمائی بلکہ اپنے کسی صحابی کو اس لشکر کا امیر مقرر فرمایا ہو اس سفر میں بھی خواہ جنگ ہو یا نہ ہو اسے سریہ کہتے ہیں سریہ کو بعث بھی کہا جاتا ہے۔

35: اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو جہاد کی اجازت کب دی؟

جواب: مسلمانوں کو جہاد کی اجازت 12 صفر دو ہجری کو دی گئی۔

36: نبی پاک ﷺ نے کتنے غزوات میں شرکت کی؟

جواب: نبی پاک ﷺ نے 27 غزوات میں شرکت فرمائی۔

37: غزوہ بدر کب ہوا؟

جواب: 17 رمضان المبارک 2 ہجری کو

38: غزوہ بدر میں مسلمانوں اور کافروں کی کتنی تعداد تھی؟

جواب: غزوہ بدر میں مسلمانوں کی تعداد 313 ہے اور کافروں کی تعداد ایک ہزار تھی۔

39: اس لشکر میں مہاجرین اور انصار کی تعداد کیا تھی؟

جواب: 86 مہاجرین اور 231 انصار

40: وادی بدر مدینہ منورہ سے کتنی دور اور کس سمت میں واقع ہے؟

جواب: مقام بدر مدینہ منورہ سے تقریبا 90 میل دور جنوب مغرب میں واقع ہے۔

41: غزوہ بدر میں کتنے کافر قتل ہوئے اور مسلمان کتنے شہید ہوئے؟

جواب: غزوہ بدر میں 70 کافر قتل ہوئے اور 70 گرفتار ہوئے صحابہ کرام میں سے 14 افراد شہید ہوئے چھ مہاجرین اور آٹھ انصار میں سے تھے۔

42: زکوٰۃ کب فرض ہوئی؟

جواب: زکوٰۃ دو ہجری میں فرض ہوئی۔

43: وراثت کا قانون کب نازل ہوا؟

جواب: تین ہجری کو

44: نکاح کے حوالے سے کونسا اہم حکم 3 ہجری میں نازل ہوا؟

جواب: اس سے پہلے مسلمان مرد مشرک عورتوں سے نکاح کرلیا کرتے تھے تین ہجری میں

ہی مسلمان مردوں کو مشرک عورتوں کیساتھ نکاح کرنے سے منع کر دیا گیا۔

45: غزوہ اُحد میں حضور علیہ السلام کے دانت کا کچھ حصہ شہید ہوا تو مالک بن سنان رضی اللہ عنہ نے کیا کہا؟

جواب: غزوہ اُحد میں حضور علیہ السلام کے ہونٹ مبارک سے خون نکلا تو مالک بن سنان رضی اللہ عنہ نے پی لیا تو نبی پاک ﷺ نے فرمایا جو جنتی کو دیکھنا چاہتا ہے وہ مالک بن سنان کو دیکھ لے۔

اہم نوٹ: یہاں سے دو مسئلے معلوم ہوئے۔

۱: حضور ﷺ کا خون مبارک ہمارے خون جیسا نہیں بلکہ وہ پاک ہے۔

۲: حضور ﷺ کے دانت کا کچھ حصہ شہید ہوا سارا دانت شہید نہیں ہوا پھر حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ والی روایت بے بنیاد نکلی کہ آپ نے محبت میں آکر سارے دانت نکال دیئے۔

46: پھانسی سے پہلے دو رکعت نفل پڑھنے کا آغاز سب سے پہلے کس شخصیت نے کیا؟

جواب: حضرت خباب بن عدی رضی اللہ عنہ نے

47: عمرۃ القضاۃ کسے کہتے ہیں؟

جواب: صلح حدیبیہ کے معاہدہ میں یہ بات شامل تھی کہ نبی کریم ﷺ اس سال واپس چلے جائیں گے اور آئندہ سال عمرہ کیلئے آسکیں گے چنانچہ سات ہجرت میں آپ نے وہ عمرہ ادا فرمایا اسے عام طور پر عمرۃ القضاء کہتے ہیں۔

48: کتنے انبیاء ظاہرا ابھی زندہ ہیں؟

جواب: چار انبیاء ظاہرا ابھی زندہ ہیں دو زمین میں اور دو آسمان میں:

زمین میں جو زندہ ہیں:

۱: حضرت خضر علیہ السلام ۲: حضرت الیاس علیہ السلام

آسمان میں جو زندہ ہیں:

۱: حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۲: حضرت ادریس علیہ السلام

49: اصحاف کہف کے نام کیا تھے اور اس کی برکات کیا ہیں؟

مکسلمینا، تملینا، مرطونس، نینونس، ساریوس، ذونوانس، فلیسطیونس، قطمیر (یہ کتے کا نام تھا) یہ نام لکھ کر دروازے پر لگا دیئے جائیں تو مکان جلنے سے محفوظ رہے گا۔ پیسوں پر رکھ دیا جائے تو وہ چوری نہیں ہوتے۔ بھاگا ہوا شخص ان کی برکت سے واپس آجاتا ہے۔ قیدیوں کی آزادی کیلئے یہ اسماء لکھ کر بطریق تعویذ بازو میں باندھے جائیں۔ (خزائن العرفان)

50: چاند میں نظر آنے والی سیاہی کیا چیز ہے؟

جواب: یہ جبرائیل امین کے پر لگنے کا نشان ہے۔ (فتاویٰ حدیثیہ)

51: سورتوں میں سب سے افضل سورہ کونسی ہے اور آیات میں سب سے زیادہ عظمت والی آیت کونسی ہے؟

جواب: صحیح احادیث میں ہے کہ سورتوں میں سب سے زیادہ عظمت والی سورۃ فاتحہ ہے اور آیات میں سب سے زیادہ عظمت والی آیت، آیت الکرسی ہے۔ (فتاویٰ حدیثیہ)

52: کیا حضور علیہ السلام نے شلوار زیب تن کی ہے؟

جواب: امام سبکی علیہ الرحمہ نے اپنے فتاویٰ میں فرمایا ہے کہ حضور علیہ السلام نے شلوار خریدی تھی لیکن زیب تن نہیں فرمائی پھر آپ نے اسے پردہ کیلئے بہتر قرار دیا ہے۔

(مسند بزار)

53: کیا حور وغلمان پر موت آئے گی؟

جواب: حور وغلمان کو موت نہیں آئے گی البتہ فرشتوں کو موت آئے گی فرشتوں کی ارواح کو ملک الموت قبض کرے گی اور ملک الموت کی موت ملک الموت کے بغیر واقع ہوگی۔ (فتاویٰ حدیثیہ)

54: وہ کونسے تین جاندار ہیں جو کسی مادہ سے پیدا نہیں ہوئے؟

جواب: وہ تین جاندار ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام، حضرت حوا علیہ السلام، حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی

55: حضور علیہ السلام کو دنیا سے کتنی چیزیں پسند آئیں؟

جواب: حضور علیہ السلام نے دنیا سے تین چیزوں کو پسند فرمایا۔

ا: النسآء: عورت، اگر حضور علیہ السلام عورتوں کو پسند نہ کرتے تو لوگ نکاح نہ کرتے۔

۲: الطیب: خوشبو، نبی پاک ﷺ کو خوشبو بڑی پسند تھی۔ ہمیں بھی خوشبو کا استعمال کرنا چاہیے کچھ لوگوں سے بد بو آتی ہے پھر تکلیف محسوس ہوتی ہے اگر ہم کپڑوں کا، نہانے کا خیال رکھیں تو یہ نوبت نہ آئے ہمیں چاہیے کہ ہم کپڑوں کا اور صفائی کا خاص خیال رکھیں تا کہ لوگوں کو ہم سے تکلیف نہ ہو۔

۳: **وجعلت قرۃ عینی فی الصلوۃ**: نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ ہمیں بھی نماز کی پابندی کرنی چاہیے اس سے دل کو سکون نصیب ہوتا ہے بڑی قسمت والا ہے وہ بندہ جو اللہ کے حضور سجدہ ریز ہوتا ہے ہر کوئی اس کی بارگاہ میں سجدہ نہیں کرسکتا جسے وہ چاہتا ہے وہی اس کی بارگاہ میں آ کر جھکتا ہے۔

حکایت:

ایک عورت تہجد کے وقت دعا کرتی ہے اے اللہ تجھے مجھ سے پیار ہے اس کے صدقے میرا یہ کام حل فرما اس کا خاوند قریب سویا تھا یہ جملے اسکے کان میں پڑے تو کہنے لگا یہ کیا دعا کر رہی ہے اے اللہ تجھے مجھ سے پیار ہے حالانکہ سارے لوگ یہ دعا کرتے ہیں اے اللہ مجھے تم سے پیار ہے وہ عورت بول کر کہنے لگی دیکھ سردی کی ٹھنڈی راتیں ہیں اس رب کریم نے مجھے گرم بستر سے بیدار کیا ٹھنڈے پانی سے وضو کروایا اپنی بارگاہ میں لاکر کھڑا کیا یہ اس کا پیار نہیں تو اور کیا ہے؟

نتیجہ: وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے بڑے پیارے ہیں جو اس کی بارگاہ میں جھکتے ہیں علامہ اقبال نے بھی کہا تھا۔

یہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدوں سے دیتا ہے آدمی کو نجات

56: حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو بہت بڑے یہودی عالم تھے کیسے ایمان لیکر آئے؟

جواب: جب حضور علیہ السلام مکہ سے ہجرت فرما کر آئے تو مسجد قباء میں تھے عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر ملی کہ ایک نبی آئے ہیں عبد اللہ بن سلام نے کہا ہم جا کر ان سے مشکل ترین سوال کرینگے اپنے ماننے والوں کو ساتھ لیا تو مسجد قباء میں پہنچے تو نبی پاک ﷺ صلہ رحمی پہ خطاب فرما رہے تھے جب جا کر دیکھا تو دیکھتے ہی رہ گئے کچھ دیر گزری تو دل سے حضور علیہ السلام کی نبوت کو تسلیم کر لیا آپ کے ساتھیوں نے کہا سوال تو کیا نہیں مان پہلے گئے فرمایا ایسا چمکتا چہرہ کسی جھوٹے کا ہو ہی نہیں سکتا۔

رُخِ مصطفیٰ ﷺ ہے وہ آئینہ کہ اب ایسا دوسرا آئینہ
نہ کسی کی بزمِ خیال میں نہ دکانِ آئینہ ساز میں

57: غزوہ خندق کتنی ہجری کو ہوا؟ اور اس موقع پر کیا کیا معجزات ظاہر ہوئے؟

جواب: غزوہ خندق 5 ہجری کو ہوا اس موقع پر صحابہ کرامؓ نے 3 دن سے کوئی چیز نہیں چکھی صحابہ کرام سے عرض کیا آقا علیہ السلام اب تو ہم نے پیٹ سے سے پتھر باندھ لیا حضور علیہ السلام نے سب صحابہ کو جمع کیا اور اپنے پیٹ مبارک سے کپڑا اٹھایا تو صحابہ نے ایک پتھر باندھا تھا تو نبی پاک ﷺ نے دو پتھر باندھ رکھے تھے خندق کھودتے جب ایک چٹان آئی تو صحابہ نے عرض کیا آقا وہ ٹوٹتی نہیں نبی پاک ﷺ نے ضرب لگائی تو وہ ریزہ ریزہ ہوگئی۔ حضرت جابر بن عبداللہؓ نے جب حضور علیہ السلام کی بھوک کو دیکھا تو گھر میں گئے بیوی کو کہا کھانے کی کوئی چیز ہے بیوی نے کہا چار کلو جو اور ایک بکری کا بچہ ہے فرمایا اس کو پکاؤ ہم حضور علیہ السلام کو دعوت دیتے ہیں آپ نے بکری کو خود ذبح کیا اور حضور علیہ السلام کو دعوت دینے کیلئے آئے کان میں عرض کیا آقا ﷺ میں نے آٹھ دس صحابہ کی دعوت کی ہے تشریف لائیں حضور علیہ السلام نے فرمایا جابر اعلان کرو میں نے تم صحابہ کی دعوت کی ہے (چودہ سو سے زائد صحابہ ہیں) اعلان کیا تو محبوب خدا ﷺ نے فرمایا جب تک میں نہ آؤں ہانڈی نہ اتارنا اور روٹیاں پکانا شروع نہ کرنا پھر حضور علیہ السلام تشریف لے کر گئے آٹے میں اور ہانڈی میں اپنا لعاب مبارک ڈالا پھر چودہ سو سے زائد صحابہ کھا کر چلے گئے کھانا ویسے کا ویسا ہی تھا جیسے پکایا تھا۔ (بخاری و مسلم)

یہاں پر ایک اور معجزے کا اظہار بھی ہوا کہ حضرت جابرؓ نے بکری ذبح کی تو دو بیٹے

یہ منظر دیکھ رہے تھے بعد میں بڑا بھائی چھوٹے کو کہنے لگا ہم بھی وہ کام نہ کریں جو ابا جان نے کیا چھوٹا بھائی تیار ہو گیا بڑے بھائی نے چھوٹے کو باندھ کر ایسے ذبح کر دیا جیسے ابا جان نے بکری کو ذبح کیا یہ منظر جب ماں نے دیکھا تو بڑے بیٹے کو پکڑنے کیلئے دوڑی تو وہ چھت سے گر کر مر گیا دو بیٹوں کی لاشیں گھر میں پڑی ہیں تو گھر میں نبی پاک ﷺ کی دعوت ہے بچوں کی ماں نے بچوں پر کپڑا ڈال دیا کہیں حضور علیہ السلام کی دعوت میں فرق نہ آجائے کیونکہ عقیدہ یہ تھا۔

سر کٹے کنبہ لٹے یا گھر لٹے   پر دامن مصطفےٰ ﷺ نہ ہاتھوں سے چھٹے

جب کھانا پک کر آ گیا تو حضرت جبرائیل امینؑ بھی آ گئے آقا رب فرماتا ہے جب تک جابر کے بیٹے نہ آئیں کھانا شروع نہیں کرنا جب حضرت جابرؓ کی بیوی نے بتایا کہ وہ شہید ہو چکے ہیں تو حضور علیہ السلام بھی پریشان ہوئے پھر حضرت جبرائیلؑ آئے اور عرض کیا اللہ فرماتا ہے اے حبیب پریشان نہ ہوں منک الدعاء ومنا الاجابہ دعا کرنا آپ کا کام ہے مردہ کو زندہ کرنا اللہ کا کام ہے۔

حضور علیہ السلام کے صدقے اللہ تعالیٰ نے حضرت جابرؓ کے دونوں بیٹوں کو زندہ فرما دیا۔ (مدارج النبوۃ، شواہد النبوہ)

سبق:

اس سے یہ سبق بھی ملتا ہے کہ جو کام ماں باپ کرتے ہیں اولاد بھی وہی کام کرتی ہے آج والدین سچ بولیں گے تو اولاد بھی سچ بولے گی اگر والدین جھگڑے اور گالم گلوچ سے پرہیز کریں گے تو اولاد بھی کرے گی۔

58: حدیبیہ سے جب واپس آ رہے تھے تو راستے میں کونسا معجزہ ظاہر ہوا؟

جواب: حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں ہم حدیبیہ سے واپس آ رہے تھے کہ راستے میں

ایک چمڑے کے ڈول میں پانی نبی کریم ﷺ کے پاس لایا گیا سب صحابہ اس کی طرف بڑھے نبی پاک ﷺ نے فرمایا کیا ہوا؟ عرض کیا آقا ﷺ ہمارے پاس پینے اور وضو کیلئے پانی نہیں تو نبی پاک ﷺ نے اپنا مبارک ہاتھ اس برتن میں ڈالا آپ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری ہو گئے حضرت جابرؓ سے کسی نے پوچھا آپ کتنے لوگ تھے فرمایا پندرہ سو تھے اگر ایک لاکھ بھی ہوتے تو پانی سب کو پورا آجانا تھا۔ (بخاری و مسلم)

59: غزوہ تبوک میں نبی پاک ﷺ کا کیا معجزہ ظاہر ہوا؟

جواب: تبوک مدینہ منورہ سے ایک سو چالیس میل پر ہے غزوہ تبوک کا دن ہوا تو لوگوں کو بھوک نے گھیر لیا صحابہ کرامؓ نے اونٹ ذبح کرنے کی اجازت مانگی تو حضور علیہ السلام نے اونٹ ذبح کرنے کی اجازت دے دی لوگ اونٹ ذبح کر کے کھانے لگے حضرت عمر فاروقؓ نے عرض کیا آقا ﷺ نظر کرم فرمائیں اس طرح اونٹ ختم ہو جائیں گے۔

تمہاری ایک نگاہ کرم میں سب کچھ ہے پڑے ہوئے تو سرِ رہ گزر ہم بھی ہیں

حضور علیہ السلام نے فرمایا جس کے پاس جو کچھ ہے جمع کرو کوئی مٹھی بھر چھوہارے کوئی روٹی کا ٹکڑا لانے لگا نبی پاک ﷺ کے اس قلیل کھانے پر برکت کی دعا فرمائی اور ارشاد فرمایا برتنوں میں لے جاؤ سارے لوگ اپنے مرضی سے لے گئے لیکن کھانا پھر بھی بچ گیا۔ (مسلم شریف)

60: کیا درخت اور پتھر بھی نبی پاک ﷺ کی ذات پر درود و سلام پڑھتے تھے؟

جواب: عَنْ عَلِيِّ ابْنِ طَالِبٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ بِمَكَّةَ فَخَرَجْنَا فِي بَعْضِ

نَوَاحِیھَا فَمَا اسْتَقْبَلَهُ جَبَلٌ وَّلَا شَجَرٌ اِلَّا وَهُوَ یَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ

روایت ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی طالب سے فرماتے ہیں کہ میں نبی ﷺ کیساتھ مکہ میں تھا ہم اس کے بعض اطراف میں گئے تو جو بھی پتھر اور درخت سامنے آتا وہ کہتا السلام علیک یا رسول اللہ اے اللہ کے رسول آپ پر سلام ہو۔(ترمذی شریف، دارمی)

61: کیا نبی پاک ﷺ جانوروں اور درختوں کی بولیاں بھی سمجھتے ہیں؟ حدیث پاک سے ثابت کریں۔

جواب: جی ہاں نبی پاک ﷺ جانوروں اور درختوں کی بولیاں بھی سمجھتے ہیں مشکوٰۃ شریف میں حدیث شریف موجود ہے حضرت یعلی بن مرہ ثقفیؓ فرماتے ہیں میں نبی پاک ﷺ کیساتھ تھا تو ہم ایسے اونٹ کے پاس سے گزرے جس سے کھیت کو پانی دیا جارہا تھا اس اونٹ نے جب حضور علیہ السلام کو دیکھا تو چیخا اپنی گردن حضور علیہ السلام کے سامنے رکھ دی (گویا حضور علیہ السلام سے کچھ باتیں کرنے لگا) نبی پاک ﷺ نے فرمایا اسکا مالک کہاں ہے تو میرے لجپال نبی ﷺ فرمانے لگے یہ مجھ پر بیچ دو عرض کیا ہم آپ کو ہبہ کر دیتے ہیں ہمارے پاس اسکے علاوہ کوئی ذریعہ معاش نہیں حضور ﷺ نے فرمایا تم اس سے کام زیادہ لیتے ہو اور چارہ کم ڈالتے ہو اس نے یہ شکایت کی (اس سے لینے کا ارادہ حضور علیہ السلام نے ترک کر دیا کیونکہ اسکا کوئی اور ذریعہ معاش نہیں تھا) فرمایا تم اس سے اچھا سلوک کیا کرو۔

صحابی فرماتے ہیں ہم ایک جگہ پر اترے وہاں نبی پاک ﷺ سوئے ایک درخت

زمین چیرتا ہوا آیا حتیٰ کہ آپ پر اس نے سایہ کر دیا پھر اپنی جگہ لوٹ گیا صحابی فرماتے ہیں میں نے درخت کا ذکر کیا (وہ سایہ کرنے آیا تھا) نبی پاک ﷺ نے فرمایا "ھِیَ شَجَرَةٌ اِسْتَاْذَنَتْ رَبَّهَا فِیْ اَنْ تُسَلِّمَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَاَذِنَ لَهَا" یہ وہ درخت ہے جس نے اپنے رب سے اجازت مانگی کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو سلام کرے تو اسے اجازت دی گئی (گویا وہ مجھے سلام کرنے آیا تھا) (الحدیث)۔ (مشکوٰۃ شریف، شرح السنہ)

مفتی احمد یار خاں نعیمی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

۱: حضور انور ﷺ جانوروں کی بولی بھی سمجھتے ہیں حضرت سلیمان علیہ السلام صرف چڑیوں چیونٹیوں کی بولی سمجھتے تھے حضور علیہ السلام شجر و حجر خشک و تر ساری مخلوق کی بولی جانتے ہیں۔

۲: دوسرا یہ کہ حضور انور ﷺ سوتے میں بھی سلام کرنے والوں کے سلام سنتے ہیں انہیں جواب بھی عطا فرماتے ہیں آج بھی بعد وفات حضور علیہ السلام کو دنیا سلام کرتی ہے اور یہ بھی ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ خود اپنی مخلوق کو حضور ﷺ کی بارگاہ میں سلام کرنے بھیجتا ہے۔ (مرأۃ المناجیح)

تخت ہے ان کا تاج ہے ان کا
دونوں جہاں میں راج ہے ان کا
جن و ملک ہیں ان کے سپاہی
رب کی خدائی میں ان کی شاہی

62: ایک یہودی بھیڑیئے سے نبی پاک ﷺ کا معجزہ سن کر مسلمان ہو گیا اس کو تفصیل

سے بیان کریں؟

جواب: حضرت ابو ھریرہؓ فرماتے ہیں کہ ایک بھیڑیا آیا اس نے بکری کو پکڑا تو چرواہا آیا اس نے بھیڑیے سے بکری کو چھڑالیا وہ بھیڑیا ٹیلے پر چڑھ گیا وہاں بیٹھ گیا اور دم دبالی بول کر کہنے لگا اللہ نے مجھے روزی دی تو نے چھین لی یہودی بولا آج جیسا واقعہ میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا کہ بھیڑیا باتیں کر رہا ہے تو بھیڑیا بول کر کہنے لگا کیا میں تجھے اس سے بھی زیادہ عجیب بات نہ بتاؤں ان دو پہاڑوں کے بیچ (مدینہ میں) ایک صاحب ہیں جو ہو چکا وہ بھی بتاتے ہیں جو ہونے والا وہ بھی بتاتے ہیں وہ شخص نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں آیا اس کی خبر دی اور مسلمان ہو گیا۔ (مشکوۃ شریف، شرح السنہ)

63: حضرت ابوھریرہؓ نے پاؤ کھجوروں پر برکت کی دعا کروائی تو کئی من صدقہ کیں پھر بھی ختم نہ ہوئیں حضور علیہ السلام کے اس معجزے کو تفصیل سے بیان کریں؟

جواب: حضرت ابوھریرہؓ فرماتے ہیں میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں کچھ چھوہارے لایا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ان میں برکت کی دعا فرمادیں تو انہیں حضور علیہ السلام نے ملایا پھر ان میں برکت کی دعا کی فرمایا انہیں لے لو اسے اپنے تھیلے میں ڈال لو اور کبھی جھاڑنا مت ،فرماتے ہیں میں نے ان چھوہاروں میں سے تقریباً 18 من صدقہ کر دیئے ختم نہ ہوئے۔ حضرت ابوھریرہؓ فرماتے ہیں کھاتا بھی رہا کھلاتا بھی رہا (ختم نہ ہوئے)، حضرت ابو بکر صدیقؓ کی خلافت میں سوا دو سال کھاتا رہا ختم نہ ہوئے۔ حضرت فاروق اعظم کی خلافت میں دس سال گیارہ ماہ کھاتا رہا ختم نہ ہوئے حضرت عثمان غنیؓ کی خلافت میں بارہ سال کھاتا رہا ختم نہ ہوئے

فرماتے ہیں وہ میری کمر سے تھیلا جدا نہ ہوتا جس دن حضرت عثمان غنیؓ کو شہید کیا گیا اس دن وہ تھیلا مجھ سے گر گیا۔ (ترمذی شریف)

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں اس دن لوگوں کو ایک غم تھا مجھے دو غم تھے ایک عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کا اور دوسرا تھیلے کے گم ہو جانے کا۔ (مرقاۃ)

64: وہ کونسی پانچ چیزیں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے نبی پاک ﷺ کو عطا فرمائیں اور کسی کو بھی نہ ملیں؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے پانچ چیزیں ایسی عطا فرمائی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو عطا نہ فرمائیں۔

ا: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِیْرَۃَ شَھْرٍ

ایک ماہ کی مسافت تک ابھی دور ہوں تو اس پر آپ کا رعب طاری ہو جاتا ہے اب بھی جو لوگ مدینہ شریف گئے ہیں وہ جانتے ہیں پہلی حاضری کے وقت حضور کی ہیبت بہت ہی ہوتی ہے بعد میں حضور ﷺ سے انس و محبت پیدا ہو جاتی ہے جو نہیں مدینہ شریف گئے اللہ تعالیٰ ان کو توفیق عطا فرمائے کیونکہ:

امیراں دی گل اے نہ غریباں دی گل اے
مدینے تے جانا نصیباں دی گل اے

اور ہم یہ کہتے ہیں:

بڑی امید ہے سرکار ﷺ قدموں میں بلائیں گے
کرم کی جب نظر ہوگی مدینے ہم بھی جائیں گے
اور مدینے جانا ہوا جب ہم غم کے ماروں کا

مکین گنبد خضری کو حال دل سنائیں گے

۲: وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّطُهُوْرًا فَاِنَّمَا رَجُلٌ مِّنْ اُمَّتِیْ اَدْرَکَتِ الصَّلٰوۃُ فَلْیُصَلِّ

میرے لئے ساری زمین کو مسجد بنا دیا گیا میرا امتی جہاں چاہے نماز ادا کرے سابقہ امتوں کیلئے خاص جگہ ہوتی جہاں نماز پڑھنی ہوتی اس کے علاوہ اگر کسی اور جگہ نماز پڑھتے تو نہ ہوتی حضور علیہ السلام کے صدقے اللہ تعالیٰ نے یہ کرم کیا کہ ساری روئے زمین کو پاک کر دیا۔

۳: وَاُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمُ وَلَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِیْ

حضور علیہ السلام نے فرمایا: میرے لئے اللہ تعالیٰ نے مال غنیمت کو حلال کر دیا ہے مجھ سے پہلے کسی کیلئے حلال نہ تھا سابقہ امتیں جب جنگ کرتی جو مال غنیمت ملتا اسے خاص جگہ پر اکٹھا کر کے رکھتے آسمان سے آگ آ کر کھا جاتی سمجھ لیا جاتا کہ جنگ قبول ہے اور اگر آگ آ کر نہ کھاتی تو سمجھ لیا جاتا قبول نہیں قابیل اور ہابیل نے جب قربانی کی تو ہابیل کا دنبہ قبول ہوا آگ اس کو کھا گئی قابیل کی گندم کا ڈھیر ویسے ہی رہا۔

نوٹ: مال غنیمت ایسے مال کو کہتے ہیں جو دشمنوں سے جہاد کرنے کے بعد ملے اور اگر جہاد کئے بغیر ان کا مال ملے تو اسے مال فئی کہتے ہیں۔

۴: وَاُعْطِیْتُ الشَّفَاعَةَ:

حضور علیہ السلام نے فرمایا مجھے بڑی شفاعت دی گئی اسے شفاعت کبریٰ شفاعت عامہ بھی کہتے ہیں یہ صرف حضور ﷺ ہی کریں گے شفاعت صغریٰ دوسرے انبیاء

بھی فرمائیں گے۔ (مرآۃ المناجیح)

۵: وَكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ إِلَى قَوْمِهِ خَاصَّةً وَبُعِثْتُ إِلَى النَّاسِ عَامَّةً

حضور علیہ السلام نے فرمایا انبیا خاص قوم کی طرف بھیجے جاتے تھے اور مجھے سارے انسانوں کی طرف بھیجا گیا ہے دوسری حدیث میں فرمایا ساری مخلوقات کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا۔ (بخاری و مسلم)

65: کیا جانور اور بے جان چیزیں بھی حضور علیہ السلام کی نبوت کو پہنچاتے تھے؟

جواب: حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں حضور علیہ السلام مسجد نبوی میں ایک کھجور کے خشک تنے سے ٹیک لگا کر خطبہ ارشاد فرماتے جب منبر آیا تو حضور علیہ السلام منبر پر تشریف فرما ہو گئے تو صحابہ کہتے ہیں جمعۃ المبارک کے دوران رونے کی آواز آتی ہے مگر رونے والا نظر نہیں آتا کوئی ایسے رو رہا ہے جیسے بچہ سسکیاں لے کر روتا ہے حضور علیہ السلام نے منبر سے اتر کر اسکو سینے سے لگایا پھر وہ چپ ہو گیا۔ (بخاری شریف)

کھجور کا خشک تنا جو ظاہرا بے جان ہے لیکن وہ پھر بھی حضور علیہ السلام کی نبوت کو پہنچاتا ہے۔

۲: حضرت عبداللہ بن جعفر فرماتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ کے پیچھے سواری پر بیٹھا تو حضور علیہ السلام ایک انصاری کے باغ میں گئے وہاں ایک اونٹ تھا اس نے جب نبی پاک ﷺ کو دیکھا تو رونے لگا آنکھیں بھر آئیں حضور علیہ السلام اس کے پاس گئے وہ خاموش ہو گیا نبی علیہ السلام نے فرمایا اس کا مالک کہاں ہے وہ آیا تو فرمایا تم اس بے زبان کے معاملے میں اللہ سے نہیں ڈرتے یہ شکایت کر رہا ہے کہ تم

اسے بھوکا رکھتے ہو اور کام زیادہ لیتے ہو۔ (ابن ماجہ)

پتہ چلا جانور اور بے جان چیزیں بھی حضور علیہ السلام کو نبی مانتے ہیں۔

66: کیا نبی پاک ﷺ پرندوں اور جانوروں کی بولیاں بھی سمجھتے تھے حدیث سے ثابت کریں؟

جواب: جی ہاں نبی پاک ﷺ پرندوں اور جانوروں کی بولیاں بھی سمجھتے ہیں۔

۱: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ تھے آپ ﷺ قضائے حاجت کیلئے تشریف لے گئے ہم نے ایک چڑیا دیکھی جس کے ساتھ دو بچے تھے ہم نے اس کا ایک بچہ پکڑ لیا چڑیا آ کر ہمارے اوپر چکر لگانے لگی (گویا وہ کچھ کہہ رہی تھی) نبی پاک ﷺ تشریف لائے آپ اس چڑیا کی بات کو سمجھ گئے اور فرمایا اسے اس کے بچے کی وجہ سے کس نے پریشان کیا ہے؟ اس کا بچہ اسے واپس کر دو۔ (ابوداؤد شریف)

۲: حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی آیا اس نے گوہ کا شکار کیا تھا اس نے حضور علیہ السلام کے سامنے گوہ کو رکھا اور کہنے لگا میں اس وقت تک ایمان نہیں لاؤں گا جب تک یہ گوہ آپکی نبوت کی گواہی نہ دے نبی پاک ﷺ نے فرمایا تم کس کی عبادت کرتے ہو؟ اس نے کہا اس ذات کی جس کا عرش آسمانوں کے اوپر ہے جس کی بادشاہی زمین میں ہے جس کے راستے سمندر میں ہیں جس کی رحمت جنت میں ہے جس کی ناراضگی جہنم میں ہے فرمایا میں کون ہوں؟ گوہ بول کر کہنے لگی "رَسُوْلُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَخَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ" آپ رب العالمین کے رسول اور آخری نبی ہیں وہ کامیاب ہو گیا جس نے آپکی تصدیق کی اور وہ رسوا ہوا جس نے آپ کو جھٹلایا

گوہ کی یہ بات سن کر وہ دیہاتی مسلمان ہو گیا۔

(الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ)

۳: حضرت ابو سعید خدریؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت ام سلمہؓ تینوں فرماتے ہیں ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ صحرا میں تھے ایک آواز دینے والے نے آواز دی یا رسول اللہ ﷺ آپ نے دھیان دیا مگر کوئی چیز نہ دیکھی پھر دوبارہ متوجہ ہوئے تو ایک ہرنی پر نظر پڑی جو بندھی ہوئی تھی اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میرے قریب تشریف لائیے آپ اس کے قریب تشریف لے گئے فرمایا تمہیں کوئی کام ہے؟ اس نے کہا جی ہاں اس پہاڑ میں میرے دو بچے ہیں آپ مجھے کھول دیں تا کہ میں انہیں جا کر دودھ پلاؤں اور پھر آپکے پاس واپس آجاؤں آپ ﷺ نے اسے کھول دیا وہ چلی گئی اپنے بچوں کو دودھ پلایا اور واپس آگئی نبی کریم ﷺ نے اسے باندھ دیا اتنے میں دیہاتی جاگ گیا (جس نے اسے شکار کر کے قید کر رکھا تھا) اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ مجھ سے کوئی کام ہے؟ فرمایا ہاں اس ہرنی کو آزاد کر دو اس نے آزاد کر دیا وہ تیزی سے بھاگ گئی اور کہہ رہی تھی میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ (الشفاء شریف)

ان تینوں احادیث سے پتہ چلا کہ ہمارے نبی کریم ﷺ جانوروں اور پرندوں کی بولیاں بھی سمجھتے ہیں۔

67: کیا حضور علیہ السلام نے خود اپنا میلاد منایا ہے حدیث سے ثابت کریں؟

جواب: جی ہاں حضور ﷺ نے خود اپنا میلاد منایا ہے میلاد کا مطلب ہے ولادت اور پیدائش کا ذکر کرنا۔

وَعَنِ الْعِرْبَاضِ ابْنِ سَارِيَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اَنَّهُ قَالَ اِنِّیْ عِنْدَ اللّٰهِ مَكْتُوْبٌ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَاِنَّ آدَمَ لَمُنْجَدِلٌ فِیْ طِيْنَتِهٖ وَسَاُخْبِرُكُمْ بِاَوَّلِ اَمْرِیْ دَعْوَةُ اِبْرَاهِيْمَ وَبَشَارَتُ عِيْسٰی وَرُؤْيَا اُمِّیْ رَأَتْ حِيْنَ وَضَعَتْنِیْ وَقَدْ خَرَجَ لَهَا نُوْرٌ اَضَاءَ لَهَا مِنْهُ قُصُوْرُ الشَّامِ. (مشکوٰۃ شریف)

عرباض بن ساریہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں اللہ کے نزدیک آخری نبی لکھا ہوا تھا جب کہ آدم علیہ السلام اپنی خمیر میں لوٹ رہے تھے (پیدا بھی نہ ہوئے تھے) میں تم کو اپنی پہلی حالت بتاتا ہوں میں دعائے ابراہیم ہوں اور بشارت عیسیٰ ہوں اور میں اپنی ماں کا نظارہ ہوں جو انہوں نے میری ولادت کے وقت دیکھا کہ ان کے سامنے ایک نور ظاہر ہوا جس سے ان کیلئے شام کے محل چمک گئے۔

دعائے ابراہیم سے مراد:

حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے کعبہ کی تعمیر کی پھر دعا کی ''رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ'' (البقرہ) اے ہمارے رب ان میں ایک رسول انہیں میں سے بھیج حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی اس وجہ سے حضور علیہ السلام نے فرمایا میں دعائے ابراہیم ہوں۔

بشارت عیسیٰ علیہ السلام سے مراد:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے لوگوں کو بشارت دی کہ میرے بعد ایک نبی آنے والے ہیں ان کا نام احمد ہوگا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حضور علیہ السلام کی آمد کی خوشخبری سنائی اس وجہ سے حضور نبی پاک ﷺ نے فرمایا میں بشارت عیسیٰ ہوں۔

والدہ کے نظارے سے مراد:

سیدہ آمنہؓ فرماتی ہیں حضور علیہ السلام کی ولادت کے وقت مجھ سے ایسا نور نکلا کہ جس سے ملک شام کے محلات بھی روشن ہو گئے میں نے مکہ میں بیٹھ کر ملک شام کے محلات کو آنکھوں سے دیکھ لیا۔

اس حدیث مبارک سے یہ ثابت ہوا کہ صحابہ کرامؓ کے سامنے خود نبی پاک ﷺ نے اپنی ولادت باسعادت کا ذکر کیا ہمیں بھی چاہیے کہ ہم حضور ﷺ کی ولادت باسعادت کا ذکر کریں۔

68: نبی پاک ﷺ کی سخاوت پر حدیث مبارک سنائیں؟

جواب: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو غزوہ حنین سے اتنی بکریاں حصے میں آئیں جس سے دو پہاڑوں کے درمیان جگہ بھر گئی ایک شخص نبی کریم ﷺ کے قریب سے گزرا تو نبی پاک ﷺ نے فرمایا ایمان لے آ کہنے لگا بکریاں مجھے عطا فرما دیں تو میں ایمان لے آتا ہوں حضور علیہ السلام نے ساری بکریاں اس کو عطا فرما دیں وہ اپنی قوم کے پاس گیا بولا اے میری قوم مسلمان ہو جاؤ اللہ کی قسم محمد ﷺ اتنا عطا فرماتے ہیں کہ فقیری کا خوف نہیں فرماتے۔ (مسلم شریف)

میں تیری سخاوت پہ قربان جاؤں
میں کیوں نہ تیرے در پہ دامن بچھاؤں
تیرے ہاتھ تھکتے نہیں کملی والے
کرم کے خزانے لٹاتے لٹاتے

69: غزوہ اُحد کون سی ہجری کو ہوا اور اس میں حضرت سعد بن وقاصؓ نے کیا کردار ادا

کیا؟

جواب: غزوہ احد تین ہجری کو ہوا اس میں تین ہزار کافروں نے مل کر مسلمانوں پر حملہ کیا حضرت سعدؓ بن ابی وقاص دشمنوں کی جانب سے جو بھی تیر آتا اس کو اپنے سینے پر لیتے ہیں حضور علیہ السلام کی حفاظت کر رہے ہیں اور دشمنوں کے ہر تیر کا جواب دیتے ہیں حضور علیہ السلام نے فرمایا ''اِرْمِ یَا سَعْدُ فِدَاکَ اَبِیْ وَاُمِّیْ '' اے سعد خوب تیر اندازی کر تجھ پر میں محمد ﷺ کے والدین بھی قربان ہو جائیں (سبحان اللہ) (تفسیر نعیمی)۔ علامہ اقبال نے کہا تھا۔

کی محمد ﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

70: احد پہاڑ کے متعلق حدیث سنائیں؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا ''ھٰذَا جَبَلٌ یُحِبُّنَا وَنُحِبُّہٗ '' یہ پہاڑ ہم سے پیار کرتا ہے اور ہم اس سے پیار کرتے ہیں (راحت القلوب)

غور کریں! اگر پہاڑ نبی پاک ﷺ سے پیار کرے تو حضور علیہ السلام سے پوشیدہ نہیں اگر امتی پیار کریں تو وہ کیسے پوشیدہ ہوگا؟

اعلیٰ حضرت نے فرمایا:

سر عرش پر ہے تیری گزر دل فرش پر ہے تیری نظر
ملکوت و ملک میں کوئی شے نہیں جو تجھ پہ عیاں نہیں

71: حضرت امیر حمزہؓ کس جنگ میں شہید ہوئے؟ نیز یہ بتائیں کہ آپؓ کو کس نے شہید کیا؟

جواب: حضرت امیر حمزہؓ غزوہ اُحد میں شہید ہوئے آپ کو وحشی نے شہید کیا لیکن جب مکہ فتح ہوا تو وحشی حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے جب مسیلمہ کذاب کے خلاف صدیق اکبرؓ کے دور خلافت میں جنگ ہوئی تو حضرت وحشیؓ نے مسیلمہ کذاب کو قتل کیا حضرت وحشیؓ کہا کرتے تھے مسلمان ہونے سے پہلے میں نے سب سے بہتر آدمی کو شہید کیا تو مسلمان ہو کر اسلام کے بدترین دشمن کو قتل کیا فرمایا مجھے امید ہے اسی کے بدلے میں کل قیامت کے دن حضرت امیر حمزہؓ مجھ سے راضی ہو جائینگے۔ (تفسیر نعیمی)

72: حضرت عمرو بن جموحؓ نے جنگ اُحد میں شامل ہونے کیلئے نبی پاک ﷺ سے کیسے اجازت مانگی؟

جواب: حضرت عمر بن جموحؓ پاؤں سے معذور تھے جب لشکر اسلام احد میں جانے کیلئے تیار ہوا تو آپ بھی تیار ہو گئے بیٹوں نے روکا کہا کہ ہم جا رہے ہیں آپ پاؤں سے معذور ہیں آپ نہ جائیں لیکن آپ نے بات نہ مانی حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اجازت مانگی حضور علیہ السلام نے فرمایا تم معذور ہو عرض کیا آقا ﷺ کیا معذور جنت میں نہیں جائے گا۔ حضور علیہ السلام نے اجازت عطا فرمائی آپ نے دعا مانگی اے اللہ مجھے نامراد کر کے نہ لٹا مجھے شہادت کی موت عطا کرنا اللہ تعالیٰ نے انہیں شہادت کی موت عطا فرمائی۔

شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن
نہ مال غنیمت نہ کشور کشائی

73: فتح مکہ کون سی ہجری کو ہوا؟ اور اس میں حضور علیہ السلام کے اخلاق کریمہ کی

جھلکیاں بیان کریں؟

جواب: فتح مکہ آٹھ ہجری کو ہوا حضور علیہ السلام فاتحانہ شان سے مکہ میں داخل ہوئے سب لوگ گردن جھکا کر کھڑے ہیں یہی وہ مکہ کے لوگ تھے کہ جنہوں نے حضور علیہ السلام کے راستے میں کانٹے بچھائے حالت نماز میں اوجھری ڈالی آپ کے صحابہ کو طرح طرح کی تکالیف دیں ان کو ہجرت پر مجبور کیا سب کھڑے ہیں حضور علیہ السلام نے فرمایا میں تمہارے ساتھ کیا سلوک کرنے والا ہوں؟ انہوں نے کہا آپ بڑے کریم ہیں ہم آپ سے خیر کی توقع کرتے ہیں میرے نبی پاک ﷺ نے سب کو اللہ کی رضا کیلئے معاف کر دیا مکہ میں جتنے بت نصب تھے ان کو توڑ دیا گیا ہمیں بھی حضور علیہ السلام کی سیرت طیبہ پر عمل کرنا چاہیے کہ اگر کوئی غلطی کے بعد معافی مانگے تو اسے معاف کر دینا چاہیے۔

مسند احمد میں حدیث شریف ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا "جس سے معافی مانگی گئی اگر اس نے معاف نہ کیا تو وہ میرے حوض کوثر پہ نہ آئے" (اللہ اکبر)

(مسند احمد)

74: صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کتنے نکاح فرمائے؟

جواب: صدیق اکبرؓ نے چار نکاح فرمائے۔

75: صدیق اکبرؓ کے کتنے بیٹے اور بیٹیاں تھیں؟

جواب: آپ کے تین بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔

بیٹوں کے نام: عبداللہ، عبدالرحمان، محمد رضی اللہ عنہم

بیٹیوں کے نام: عائشہ، اسماء، ام کلثوم رضی اللہ عنہن (تاریخ الخلفاء)

آداب کے بارے میں باب

1: کھانا کھانے کے آداب کیا ہیں؟

جواب: کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا، کھانے کے بعد ہاتھ دھونا، کھانے سے پہلے ہاتھ دھو کر پونچھے نہ، کھانے کے بعد ہاتھ دھو کر رومال یا تولیہ سے پونچھ لیں کہ کھانے کا اثر باقی نہ رہے۔ (فتاویٰ عالمگیری)

2: تکیہ لگا کر اور ننگے سر کھانا کھانا کیسا ہے؟

جواب: تکیہ لگا کر یا ننگے سر کھانا کھانا خلاف ادب ہے لہٰذا ہمیں سر ڈھانپ کر کھانا کھانا چاہیے۔ (بہار شریعت)

3: کھانے کی ابتداء کس چیز سے کی جائے؟

جواب: کھانے کی ابتداء نمک سے کی جائے اور ختم بھی نمک پر کریں اس سے ستر بیماریاں دفعہ ہو جاتی ہیں۔ (فتاویٰ عالمگیری)

4: کھانے کی دعوت دینے پر کچھ لوگ پڑھو بسم اللہ کہتے ہیں یہ کہنا کیسا ہے؟

جواب: اس سے علماء نے سختی سے منع کیا ہے کیونکہ یہاں بسم اللہ کے کوئی معنی نہیں ایسے موقع پر دعائیہ الفاظ کہنا بہتر ہے مثلاً اللہ آپکو برکت دے وغیرہ۔ (بہار شریعت)

5: میز کرسی پر بیٹھ کر کھانا کھانا کیسا ہے؟

جواب: زمین پر بیٹھ کر کھانا کھانا سنت ہے میز کرسی پر بیٹھ کر کھانا عیسائیوں کا طریقہ ہے اس سے بچنا چاہیے۔ (بہار شریعت)

6: پانی پینے کے آداب کیا ہیں؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا ایک سانس میں پانی نہ پیو جیسے اونٹ پیتا ہے بلکہ دو، تین

مرتبہ میں پیو اور جب پیو تو بسم اللہ کہہ لو اور جب برتن کو منہ سے ہٹاؤ تو اللہ کی حمد کرو (شکر الحمدللہ)۔(ترمذی)

7: سونا اور ریشم پہننا کیسا ہے؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا یہ سونا اور ریشم میری امت کی عورتوں کیلئے حلال اور مردوں پر حرام ہے۔(نسائی شریف)

نوٹ: یہ بات واضح ہوگئی کہ سونے کی انگوٹھی مرد پر حرام ہے شادی کے موقع پر دولہا کو سونے کی انگوٹھی پہننا حرام ہے ہاں چاندی کی انگوٹھی 4.5 ماشے تک پہن سکتا ہے۔

8: کس وقت سونا مکروہ ہے؟

جواب: فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک، مغرب اور عشاء کے درمیان سونا مکروہ (ناپسندیدہ) ہے۔ (بہار شریعت)

9: عصر کے بعد سونا کیسا ہے؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا جو شخص عصر کے بعد سوئے اور اس کی عقل جاتی رہے تو وہ اپنے ہی کو ملامت کرے۔(المسند ابی یعلی)

10: کچھ لوگ ایسا لباس پہنتے ہیں جس سے گھٹنے ننگے ہوتے ہیں کیا حکم ہے؟

جواب: گھٹنے کو ننگا کرنا منع ہے اگر کوئی کرے تو اسے منع کیا جائے گا۔(عالمگیری)

11: والدہ کے قدم کو بوسہ دینے کا اجر کیا ہے؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا جس نے والدہ کا پاؤں چوما تو ایسے ہے جیسے جنت کی چوکھٹ کو چوما۔(ردالمختار)

12: کچھ عورتیں سر کے بال بیچ دیتی ہیں کیا حکم ہے؟

جواب: یہ جائز نہیں بلکہ عورت اپنے بالوں کو چھپا کر رکھے جس پر غیر محرم کی نظر نہ پڑے۔ (بہار شریعت)

13: سلام لینے کا افضل طریقہ کیا ہے؟

جواب: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جو ایسا سلام کرے گا اسے تیس نیکیاں ملیں گی جنت حلالہ ودوزخ حرامہ کے الفاظ نہ بولے جائیں یہ منع ہیں۔ (بہار شریعت)

14: کس کس موقع پر سلام لینا منع ہے؟

جواب: مسجد میں نماز کے وقت سلام نہ کرے۔ لوگ تلاوت کر رہے ہو۔ درس وتدریس میں مشغول ہو۔ کوئی عالم وعظ کر رہا ہو۔ ان صورتوں میں سلام نہ کریں بلکہ آکر خاموشی سے بیٹھ جائے۔ (عالمگیری)

15: علی علیہ السلام، امام حسین علیہ السلام کہنا کیسا ہے؟

جواب: علیہ السلام کہنا یہ انبیاء اور فرشتوں کیساتھ خاص ہے موسیٰ علیہ السلام، جبریل علیہ السلام، نبی اور فرشتے کے سوا کسی دوسرے کے نام کیساتھ یوں نہ کہا جائے۔ (بہار شریعت)

16: قرآن پاک کا بوسہ لینا کیا ہے؟

جواب: قرآن پاک کو چومنا صحابہ کرام کے فعل سے ثابت ہے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روزانہ اس کو چومتے اور کہتے یہ میرے رب کا عہد اور اسکی کتاب ہے اور حضرت عثمان بھی قرآن کو چومتے اور چہرے سے مَس کرتے۔ (درمختار)

17: لوہے، پیتل کے چھلے اور انگوٹھیاں پہننا کیسا ہے؟

جواب: لوہے، پیتل وغیرہ کی انگوٹھی جس کا پہننا مرد و عورت کیلئے ناجائز ہے اس کا بیچنا بھی مکروہ ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری)

18: سورہ کہف کی فضیلت بیان کریں؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن سورہ کہف پڑھے گا اسکے دو جمعہ کے درمیان نور روشن ہوگا۔ (السنن الکبریٰ)

19: سورہ یٰسین کی فضیلت بیان کریں؟

جواب: جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے یٰسین پڑھے گا اسکے اگلے گناہوں کی مغفرت ہو جائے گی۔ (شعب الایمان)

20: سورۃ الملک کی فضیلت بیان کریں؟

جواب: ا: نبی پاک ﷺ سونے سے پہلے سورہ ملک پڑھتے۔

۲: حضور علیہ السلام نے فرمایا قرآن میں تیس آیات کی ایک سورت ہے آدمی کیلئے شفاعت کرے گی یہاں تک کہ اس کی مغفرت ہو جائے گی وہ تبارک الذی بیدہ الملک ہے۔ (ترمذی شریف)

21: قرآن پاک شہید ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: کسی پاک کپڑے میں لپٹ کر دفن کر دیا جائے جلایا نہ جائے۔ (عالمگیری)

22: جھوٹ کی مذمت میں حدیث سنائیں؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا "جب بندہ جھوٹ بولتا ہے اس کی بدبو سے فرشتہ ایک میل دور ہو جاتا ہے"۔ (ترمذی شریف)

23: دوستی کے بارے میں حدیث مبارک بیان کریں؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا "دوست سے تھوڑی دوستی کر عجب نہیں کہ کسی دن وہ تیرا دشمن ہو جائے اور دشمن سے دشمنی تھوڑی کر دور نہیں کہ وہ کسی روز تیرا دوست ہو جائے"۔ (ترمذی شریف)

24: بال کتنے لمبے رکھنا جائز ہے؟

جواب: آدھے کان تک، پورے کان تک، کندھوں تک، کندھوں سے لمبے بال رکھنا ہر ایک کیلئے حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

25: بچہ زندہ پیدا ہوا آذان دینے سے پہلے فوت ہو گیا تو جنازہ کا کیا حکم ہے؟

جواب: اس کا جنازہ پڑھا جائے گا اگرچہ اذان نہ دی گئی ہو اور اس کو قبرستان کے اندر ہی دفن کریں گے۔ (فتاویٰ رضویہ)

26: ہاتھوں کے ناخن تراشنے کا سنت طریقہ کیا ہے؟

جواب: سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے شروع کر کے ترتیب وار چھوٹی انگلی سمیت ناخن تراشیں مگر انگوٹھا چھوڑ دیں اب الٹے ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے شروع کر کے ترتیب وار انگوٹھے سمیت ناخن تراش لیں اب آخر میں سیدھے ہاتھ کا انگوٹھا جو باقی تھا اس کا ناخن بھی کاٹ لیں اس طرح سیدھے ہی ہاتھ سے شروع ہوا اور سیدھے ہی ہاتھ پر ختم ہوا۔ (درمختار)

27: بدھ والے دن ناخن کاٹنا کیسا ہے؟

جواب: بعض احادیث میں آیا ہے کہ جو بدھ والے دن ناخن کاٹے گا اسے برص کی بیماری عارض ہو جائے گی۔ (فتاویٰ رضویہ)

28: نیل پالش لگانا کیسا ہے؟

جواب: نیل پالش لگانا منع ہے نیل پالش سے ناخن پر اس کی تہہ جم جاتی ہے جس کی وجہ سے اس کے نیچے پانی نہیں پہنچتا تو نہ وضو ہوتا ہے نہ غسل۔

29: شادی بیاہ کے موقع پر دلہا ہاتھ پر مہندی لگاتا ہے کیا یہ جائز ہے؟

جواب: یہ ناجائز ہے ہمارے معاشرے میں آج یہ رسم بن گئی ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا لعنت ہو اس مرد پر جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرے اور لعنت ہے اس عورت پر جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہے۔ (مسند احمد)

30: سر میں تیل ڈالنے کا سنت طریقہ کیا ہے؟

جواب: سر میں تیل ڈالنے سے قبل بسم اللہ شریف پڑھ لینا چاہیے ورنہ ستر شیطان سر میں تیل ڈالنے میں شریک ہو جاتے ہیں۔ بسم اللہ شریف پڑھ کر تیل کی شیشی میں سے الٹے ہاتھ کی ہتھیلی میں تھوڑا سا تیل ڈالیں پھر پہلے سیدھی آنکھ کے ابرو پر تیل لگائیں الٹی کے اس کے بعد سیدھی آنکھ کی پلک پر پھر الٹی پر اب بسم اللہ شریف پڑھ کر سر میں تیل ڈالیں۔ (خلاصہ اسوہ حسنہ وشمائل رسول ﷺ)

31: سرمہ لگانے کا سنت طریقہ کیا ہے؟

جواب: سرمہ لگانے کے کئی طریقے منقول ہیں:

۱: دونوں آنکھوں میں سرمہ تین تین سلائیاں ڈالنا۔

۲: سیدھی آنکھ میں تین سلائیاں اور بائیں میں دو سلائیاں ڈالنا۔

۳: ہر آنکھ میں دو دو سلائیاں ڈالنا۔

لہٰذا مختلف اوقات میں مختلف طریقے پر سرمہ استعمال کرنا چاہیے۔

32: اگر بتی جلانا کیسا ہے؟

جواب: اگر بتی جلانا خوشبو کیلئے جائز ہے قبر کے اوپر لگانے سے منع کیا گیا ہے لہٰذا قبر پر لگانے سے بچنا ضروری ہے۔(فتاویٰ رضویہ)

33: خاموشی کے فوائد بیان کریں؟

جواب: جو شخص کم بولتا ہے وہ کم غلطیاں کرتا ہے جو زیادہ بولتا ہے وہ زیادہ غلطیاں کرتا ہے زیادہ بولنے والا پریشان رہتا ہے کہ کاش میں نے وہ بات نہ کی ہوتی تو اچھا ہوتا حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا "اگر بات چیت کرنا بالفرض چاندی ہو تو چپ رہنا سونا ہے"۔(احیاء العلوم)

جو زیادہ خاموش رہتا ہے اس کی عزت زیادہ ہوتی ہے۔

34: خاموشی کے بارے میں امام اوزاعی کا مشہور قول سنائیں؟

جواب: مومن کلام کم اور کام زیادہ کرتا ہے مگر منافق کام کم اور کلام زیادہ کرتا ہے۔(تنبیہ الغافلین)

35: اذان کا جواب دینے پر کیا اجر ہے؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا جو عورت اذان کا جواب دے گی اسے ہر کلمہ کے بدلے ایک لاکھ نیکی ملے گی ایک ہزار درجے بلند اور ایک ہزار گناہ معاف ہوگا پوچھا گیا مردوں کیلئے؟ محبوب دو عالم ﷺ نے فرمایا مردوں کیلئے دوگنا اجر ہے۔(ابن عساکر)

مقام غور: جو مرد اذان فجر کا جواب دے گا اس کیلئے چونتیس لاکھ نیکیاں اور عورت کیلئے سترہ لاکھ نیکیاں ہیں۔(سبحان اللہ)

:36 اذان کے جواب دینے پر حدیث شریف سنائیں؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا جب تم مؤذن کو اذان دیتے ہوئے سنو تو جو وہ کلمات کہتا ہے تم بھی کہو تم مجھ پر درود پڑھو پھر وسیلے کی دعا کرو جو ایسا کرے گا اس کیلئے میری شفاعت حلال ہوگئی۔ (مسلم شریف)

:37 اذان کا جواب کیسے دیتے ہیں؟

جواب: اللہ اکبر کے جواب میں اللہ اکبر ہی کہیں گے۔

☆ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے جواب میں بھی یہی کہیں گے۔

☆ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہ کے جواب میں صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّم

دوسری بار اس کے جواب میں اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ اور پھر کہے قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

☆ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ کے جواب میں وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ پڑھیں گے۔

☆ حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے جواب میں بھی یہی وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ پڑھیں گے۔

☆ اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم کے جواب میں صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ پڑھیں گے۔

☆ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ کے جواب میں اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا پڑھیں گے۔

☆ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کے جواب میں یہی جملہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

☆ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کے جواب میں بھی یہی جملے پڑھیں گے۔

:38 جو اذان کے وقت خاموش نہیں رہتا کیا وعید ہے اس کیلئے؟

جواب: جو اذان کے دوران خاموش نہ رہے ڈر ہے کہ کہیں اس کا خاتمہ ایمان پر نہ ہو۔

لمحہ فکریہ: ہم ٹیلی ویژن دیکھ رہے ہوں یا دیگر کاموں میں مصروف ہوں تو ہم اذان کی جانب

توجہ نہیں کرتے اس لئے اس بات سے عبرت پکڑنی چاہیے۔

39: جس کپڑے پر تصویر بنی ہو اسے پہننا کیسا ہے؟

جواب: جس کپڑے پر تصویر بنی ہو اسے پہننا منع ہے۔ (بہار شریعت)

40: کیا سور کا نام لینے سے زبان پلید ہو جاتی ہے؟

جواب: جی نہیں اس کا نام لینے سے زبان پلید نہیں ہوتی۔ (وقار الفتاوی)

41: ابلیس جن تھا یا فرشتہ نیز اس کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: ابلیس جو شیطان ہے وہ جن ہے فرشتہ نہیں اس کا سریانی زبان میں نام عزازیل اور عربی زبان میں حارث تھا۔ (تبیان القرآن)

42: واش روم میں تھوکنا کیسا ہے؟

جواب: واش روم میں تھوکنا منع ہے کیونکہ زبان سے تلاوت قرآن اور ذکر الٰہی کرتا ہے لہٰذا اس کا لعاب ناپاک جگہ پر نہیں جانا چاہیے۔ (فتاوی رضویہ)

43: قل دسواں وغیرہ کے موقع پر اکثر لوگ بلند آواز سے قرآن مجید پڑھتے ہیں اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: وہ ناجائز ہے کیونکہ جب زیادہ لوگ پڑھنے والے ہوں تو حکم یہ ہے کہ آہستہ پڑھا جائے۔ (بہار شریعت)

44: کبوتر پالنا کیسا ہے؟

جواب: کبوتر پالنا اگر اڑانے کیلئے نہ ہو ویسے ہی شوقیہ رکھے ہوں جائز ہیں اگر کبوتروں کو اڑانے کیلئے رکھا ہو تو ناجائز ہے۔ (قانون شریعت)

45: گڑیاں کھیلنے کا حکم کیا ہے؟

جواب: لڑکیاں جو گڑیاں کھیلتی ہیں یہ جائز ہے۔ (ابوداؤد)

46: حضور ﷺ کو کونسا لباس زیادہ محبوب تھا؟

جواب: حضور نبی پاک ﷺ کو سفید لباس بڑا محبوب تھا۔

47: عمامہ کے بارے میں حدیث سنائیں؟

جواب: حضور علیہ السلام نے فرمایا عمامہ باندھنا اختیار کرو کہ یہ فرشتوں کا نشان ہے اور اس کو پیٹھ کے پیچھے لٹکا لو۔ (بیہقی)

48: رات کو جب کتے بھونکیں اور گدھے چیخیں تو کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب: اس وقت اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھیں کہ وہ اس چیز کو دیکھتے ہیں جس کو تم نہیں دیکھتے۔ (شرح السنۃ)

49: مسجد میں انگلیوں میں انگلیاں ڈال کر بیٹھنا کیسا ہے؟

جواب: مسجد میں جب آپ نماز کے منتظر ہیں تو انگلیوں میں انگلیاں ڈالنے سے نبی پاک ﷺ نے منع فرمایا۔ (ابوداؤد)

50: عالم دین اور والدین کے ہاتھ پاؤں چومنا کیسا ہے؟

جواب: عالم دین، والدین کے ہاتھ پاؤں چومنا جائز ہے بلکہ حدیث شریف میں آیا ہے جس نے والدہ کے قدم کو چوما گویا اس نے جنت کی چوکھٹ کو چوما۔ (عامہ کتب)

51: بچے کے پیدا ہونے پر کیا کیا کام کرنے چاہیے؟

جواب: بچہ پیدا ہونے کے شکریہ میں جو جانور ذبح کیا جاتا ہے اسی کو عقیقہ کہتے ہیں بچے کی پیدائش پر یہ کام کیئے جائیں۔

ا: داہنے کان میں اذان اور بائیں میں اقامت کہی جائے بہتر یہ ہے کہ داہنے کان

میں چار مرتبہ اذان اور بائیں میں تین مرتبہ اقامت کہی جائے۔

۲: بالوں کو وزن کر کے اتنی چاندی صدقہ کی جائے۔

۳: اچھا نام رکھا جائے۔ (بہار شریعت)

52: عبدالرحمٰن، عبداللہ، عبدالرزاق نام رکھنا کیسا ہے؟

جواب: عبدالرحمٰن، عبداللہ وغیرہ نام رکھنا بہت اچھا ہے مگر اس زمانہ میں یہ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ بجائے عبدالرحمٰن کے رحمان کہا جاتا ہے تو غیر خدا کو رحمان کہنا حرام ہے اسی طرح عبدالخالق کو خالق اور عبدالمعبود کو معبود کہنا جائز نہیں۔ (بہار شریعت)

53: لڑکے اور لڑکی کے عقیقہ میں کتنے جانور ذبح کرنا مستحب ہے؟

جواب: لڑکے کے عقیقہ میں دو بکرے اور لڑکی کے عقیقہ میں ایک بکری ذبح کی جائے یعنی لڑکے میں نر جانور اور لڑکی میں مادہ مناسب ہے لڑکے کے عقیقہ میں دو بکریوں کی جگہ ایک ہی بکری کسی نے کی تو یہ بھی جائز ہے۔ (بہار شریعت)

54: پانی پینے کے آداب کیا ہیں؟

جواب: پانی پینے کے درج ذیل آداب ہیں۔

پانی بسم اللہ شریف پڑھ کر پیئے۔ پانی تین سانس میں پیئے۔ پہلی اور دوسری مرتبہ ایک ایک گھونٹ پیئے اور تیسری سانس میں جتنا چاہے پی ڈالے اس طرح پینے سے پیاس بجھ جاتی ہے۔ پانی کو چوس کر پیئے بڑے بڑے گھونٹ نہ پیے جب پی چکے تو الحمد للہ کہے۔ (بہار شریعت)

55: قرآن پاک کے آداب کیا ہیں؟

جواب: قرآن مجید کے آداب میں یہ ہے کہ اس کی طرف پیٹھ نہ کی جائے نہ پاؤں پھیلائے

جائیں نہ پاؤں کو اس سے اونچا کریں نہ یہ کہ خود اونچی جگہ پر ہو اور قرآن مجید نیچے ہو۔ (بہار شریعت)

56: مسجد کے آداب کیا ہیں؟

جواب: مسجد کے مندرجہ ذیل آداب ہیں۔

۱: مسجد میں خرید و فروخت نہ کرے۔

۲: ذکر کے سوا آواز بلند نہ کرے۔

۳: لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے۔

۴: جگہ کے متعلق کسی سے جھگڑا نہ کرے۔

۵: اس طرح نہ بیٹھے کہ دوسروں کیلئے جگہ میں تنگی ہو۔

۶: نمازی کے آگے سے نہ گزرے۔

۷: انگلیاں نہ چٹکائے۔

۸: نجاست، زیادہ چھوٹے بچوں اور پاگلوں سے مسجد کو بچائے۔

۹: ذکر الٰہی کی کثرت کرے۔ (فتاویٰ عالمگیری)

57: قیامت کے دن بچے کو ماں کے نام سے پکارا جائے گا یا باپ کے نام سے؟

جواب: قیامت کے دن باپ کے نام سے پکارا جائے گا حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک تم قیامت کے دن اپنے ناموں اور اپنے باپوں کے ناموں سے پکارے جاؤ گے تو اپنے اچھے نام رکھو۔ (سنن ابی داؤد، مسند احمد)

نوٹ: جن احادیث میں یہ آیا ہے کہ ماں کے نام سے پکارا جائے گا وہ نہایت ضعیف

ہیں (تبیان القرآن)

58: گھر سے وضو کر کے مسجد جانے کا اجر کیا ہے؟

جواب: رسول پاک ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اچھی طرح وضو کر کے صرف نماز کے ارادے سے مسجد جائے تو وہ جو بھی قدم رکھتا ہے اللہ اسکے سبب سے ایک درجہ بلند فرماتا ہے اور اس سے ایک برائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ وہ مسجد میں داخل ہوتا ہے۔ (ابن ماجہ)

59: وضو کے بعد کونسا عمل کریں تو جنت کے آٹھوں دروازے کھل جاتے ہیں؟

جواب: رسول پاک ﷺ نے فرمایا تم میں سے جو کوئی وضو کرے تو پورا پورا یا مکمل وضو کرے پھر کہے اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ تو اس کیلئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے جس میں سے چاہے داخل ہو جائے۔ (الترغیب والترہیب)

60: مسواک کی فضیلت پر حدیث شریف سنائیں؟

جواب: نبی رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا دو رکعت مسواک کر کے پڑھنا بغیر مسواک کی ستر رکعتوں سے افضل ہے (الترغیب والترہیب)

61: بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا سنائیں؟

جواب: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پاخانوں میں شیاطین آتے جاتے ہیں جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء جائے تو یہ کہا کرے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ اے اللہ میں ناپاکی اور ناپاکوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (ابن ماجہ)

62: بیت الخلاء سے باہر نکلنے کی دعا سنائیں؟

جواب: رسول پاک ﷺ جب بیت الخلاء سے باہر تشریف لاتے تو کیا کہتے "غفرانک" (ابن ماجہ)

63: غسل خانہ میں پیشاب کرنا کیسا ہے؟

جواب: رسول پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے کوئی غسل خانہ میں پیشاب نہ کرے کیونکہ عام وسوسے اسی سے پیدا ہوتے ہیں۔ (ابن ماجہ)

64: کھڑے ہو کر پیشاب کرنا کیسا ہے؟

جواب: رسول پاک ﷺ نے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (ابن ماجہ)

65: گھر میں داخل ہوتے ہی کیا کرنا چاہیے؟

جواب: گھر میں داخل ہوتے ہی سلام کرنا چاہیے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے مجھے فرمایا بیٹے جب گھر جاؤ تو سلام کیا کرو تمہارے اور تمہارے اہل خانہ کیلئے باعث برکت ہوگا۔ (ترمذی شریف)

66: گھر میں داخل ہونے اور نکلنے کی کیا دعا ہے؟

جواب: گھر میں داخل ہونے کی دعا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم اور نکلنے کی دعا بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه (ابوداؤد)

67: پیٹ کے بل لیٹنا (الٹا سونا) کیسا ہے؟

جواب: رسول پاک ﷺ نے ایک شخص کو پیٹ کے بل لیٹے ہوئے دیکھ کر فرمایا اس طرح لیٹنے کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں فرماتا۔ (ترمذی شریف)

68: مانگ سائیڈ سے نکالنا سنت ہے یا درمیان سے نکالنا سنت ہے؟

جواب: مانگ درمیان سے نکالنا سنت ہے سیدہ عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ کے سر مبارک میں مانگ نکالنے کا ارادہ کرتی تو پیشانی مبارک کے بالوں کو دونوں جانب لٹکا دیتی یعنی چشمان مبارک کے درمیان کی سیدھ سے آپ ﷺ کی مبارک پیشانی پر مانگ نکالتی (ابوداؤد شریف)

69: کونسا لباس نبی پاک ﷺ کو زیادہ پسند تھا؟

جواب: رسول پاک ﷺ کو سفید لباس زیادہ پسند تھا حضور ﷺ نے فرمایا تم خود بھی سفید کپڑے پہنو اور مردوں کو بھی یہی کفن دو کیونکہ یہ سفید کپڑے بہترین کپڑے ہیں (شمائل ترمذی)

70: کھانا کھانے کے بعد انگلیوں کو چاٹنا کیسا ہے؟

جواب: کھانا کھانے کے بعد انگلیوں کو چاٹنا مستحب ہے حضور ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی اپنے ہاتھ (کھانا کھانے کے بعد) چاٹنے سے پہلے نہ پونچھے کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ کون سے کھانے میں برکت ہے (ابن ماجہ)

71: ٹیک لگا کر کھانا کھانا کیسا ہے؟

جواب: رسول پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا میں کبھی ٹیک لگا کر نہیں کھاتا (شمائل ترمذی)

72: استغفار کے متعلق حدیث شریف سنائیں؟

جواب: رسول پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا اے لوگو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کیا کرو میں خود اس کی بارگاہ میں روزانہ سو مرتبہ استغفار کرتا ہوں (مسلم شریف)

73: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر کتنے حقوق ہیں؟

جواب: تاجدار کائنات ﷺ نے فرمایا ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چار حق ہیں۔

۱: سلام کا جواب دینا۔

۲: جب وہ دعوت کرے تو دعوت قبول کرنا۔

۳: جب وہ مر جائے تو جنازہ میں حاضر ہونا۔

۴: اور جب وہ بیمار ہو تو بیمار کی عیادت کرنا۔ (ابن ماجہ)

74: مسافر کو دعا کیلئے کہنا کیسا ہے؟

جواب: حضرت عمرؓ نے فرمایا میں نے حضور علیہ السلام سے عمرہ کرنے کی اجازت مانگی حضور علیہ السلام نے اجازت دی اور فرمایا میرے بھائی اپنی دعا میں ہمیں بھول نہ جانا حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ یہ ایسی بات ہے کہ اگر مجھے اس کے بدلے ساری دنیا مل جاتی تو بھی میں خوش نہ ہوتا۔ (ابوداؤد شریف، ترمذی شریف)

75: محمد نام رکھنے کی برکت کیا ہے؟

جواب: نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس کا لڑکا پیدا ہوا اور وہ میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کیلئے اس کا نام محمد رکھے وہ (یعنی نام رکھنے والا والد) اور اسی کا لڑکا دونوں جنت میں جائیں گے۔ (کنز العمال)

بنیادی فقہی مسائل

(سوال نمبر 1) غسل کے فرائض کتنے ہیں؟

(جواب) غسل کے تین فرائض ہیں۔

(1) کلی کرنا، اگر روزہ نہ ہو تو غرارے کریں، اگر روزہ ہے تو پھر غرارے نہ کریں، کیونکہ اگر پانی حلق سے نیچے اتر گیا تو اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، اگر دانتوں کے اندر کوئی چیز اٹکی ہو (جیسے گوشت کا ریشہ وغیرہ) تو اسے چھڑانا ضروری ہے۔

(2) ناک میں پانی چڑھانا۔ تانکہ ناک کے اندر جتنے بال ہے وہ سارے بال تر ہو جائیں لیکن اگر روزہ ہو تو پانی اوپر نہ چڑھائیں اس کے اندر بھی روزہ ٹوٹنے کا خطرہ ہے۔

(3) سر سے لے کر پاؤں تک پورے جسم پر پانی بہانا۔ کہ بال برابر بھی کوئی جگہ خشک نہ رہے اگر بال برابر بھی کوئی جگہ خشک رہ گئی تو غسل نہ ہوگا، اس لیے جن جگہوں پر بالوں کی کثرت ہوتی ہے ان جگہوں پر اچھے سے پانی بہائیں تا کہ کوئی جگہ خشک نہ رہے۔

(سوال نمبر 2) غسل کی سنتیں کون کونسی ہیں؟

(جواب) غسل کی مندرجہ ذیل سنتیں ہیں۔

(1) شروع میں بسم اللہ شریف پڑھنا (2) نیت کرنا

(3) دونوں ہاتھوں کو گھٹنوں سمیت دھونا۔ (4) جہاں جسم پر نجاست لگی ہوا سے دوھنا۔ (5) پھر نماز جیسا وضو کرنا۔ (6) پہلے سر پر پانی ڈالنا۔

(7) پھر دائیں کندھے پر پانی ڈالے۔ (8) پھر بائیں کندھے پر پانی ڈالے۔

(9) جسم کو ملنا۔ (10) اور پے در پے غسل کے ارکان ادا کریں۔

(سوالنمبر3) کیا غسل خانہ میں کوئی دعا وغیرہ پڑھی جا سکتی ہے کہ نہیں؟

(جواب) غسل خانہ کے اندر کوئی دعا وغیرہ نہیں پڑھنی چاہیے کیونکہ وہ ناپاک جگہ ہے، اور ناپاکی کی جگہ پر کوئی دعا وغیرہ پڑھنا جائز نہیں۔

(سوالنمبر4) کیا غسل کے دوران قبلہ کی طرف منہ کرنا جائز ہے؟

(جواب) غسل کے دوران قبلہ کی طرف منہ کرنا یا پشت کرنا جائز نہیں، جب کہ وہ برہنہ (ننگا) حالت میں ہو۔ اور اگر ستر چھپا ہوا ہو اور غسل کرے تو پھر حرج نہیں۔

(سوالنمبر5) کتنے کاموں کے لیے غسل کرنا سنت ہے؟

(جواب) چار کاموں کے لیے غسل کرنا سنت ہے۔

(1) جمعہ کی نماز کے لیئے، (2) عیدین (عید الفطر اور عید الاضحیٰ) کیلیئے، (3) (حج یا عمرہ) کا احرام باندھنے کے لیے۔ (4) حج کرنے والوں کے لیے میدان عرفات میں زوال کے بعد۔

(سوالنمبر6) کیا میت کو غسل دینے کے بعد غسل واجب ہو جاتا ہے؟

(جواب) میت کو غسل دینے کے بعد غسل واجب نہیں ہوتا، بلکہ میت کو غسل دینے کے بعد غسل کر لینا مستحب ہے۔

(سوالنمبر7) جس عورت پر غسل فرض ہو کیا وہ اپنے بچے کو دودھ پلا سکتی ہے؟

(جواب) جی ہاں، اگر عورت پر غسل فرض ہو تو وہ اپنے بچے کو دودھ پلا سکتی ہے۔ لیکن

غسل کے اندر زیادہ تاخیر نہیں کرنی چاہیے کیونکہ جہاں جنبی (ایسا بندہ جس پر غسل فرض ہو) شخص ہوتا ہے وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔

باقی عورتوں کو یہ چاہیے کہ باوضو ہو کر اپنے بچوں کو دودھ پلائیں، کیوں کہ ماؤں کے دودھ کا اثر اولاد میں ہوتا ہے۔

حکایت: حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ تعالی نے 90 لاکھ لوگوں کو کلمہ پڑھا کر مسلمان کیا، جب گھر میں تشریف لائے تو بڑے خوش تھے، آپ کی والدہ ماجدہ نے زیادہ خوشی کی وجہ پوچھی؟ تو عرض کیا ہے اماں جان! آج میں نے 90 لاکھ لوگوں کو کلمہ پڑھا کر مسلمان کیا ہے، تو آپ کی والدہ فرمانے لگی، بیٹا معین الدین! تیری محنت سے زیادہ تو کمال میرا ہے، پوچھا اماں جان! وہ کیسے؟ تو فرمایا بیٹا معین الدین! میں نے جب بھی تجھے دودھ پلایا تھا- باوضو ہو کر دودھ پلایا تھا۔

نوٹ: وہ عورتیں جو کہتی ہیں کہ گھروں میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کی صورت حال پیدا رہتی ہے، ایسی عورتوں کے لئے بہترین اور اکسیر نسخہ یہ ہیں، کہ وہ آٹا گوندھتے وقت ذاتِ رسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر درود پاک پڑھیں، اور روٹی پکاتے وقت بھی درود پاک پڑھیں، جب وہ لقمہ اولاد کو کھائے گی تو انشاء اللہ نور بن کے اندر اترے گا۔

(سوالنمبر 8) جب غسل فرض ہو تو کھانا پینا کیسا ہے؟

(جواب) جب غسل فرض ہو تو کھانا پینا جائز ہے، البتہ مستحب یہ ہے کہ اس حالت میں

وضو کر کے کھائے، یا پھر ہاتھ دھولے، اور کلی وغیرہ کرلے۔

(سوال نمبر 9) غسل فرض ہو تو کیا کیا کام نہیں کر سکتا؟

(جواب) جس پر غسل فرض ہو اسے مندرجہ ذیل کام کرنا حرام ہیں۔

(1) مسجد میں جانا (2) طواف کرنا (3) قرآن پاک کو چھونا

(4) کوئی آیت کسی کاغذ یا اخبار میں لکھی ہو اس آیت کو چھونا۔

(سوال نمبر 10) جس مرد یا عورت پر غسل فرض ہو اسے اس حالت میں درود پاک پڑھنا، یا دعا کرنا کیسا ہے؟

(جواب) جس مرد یا عورت پر غسل فرض ہو تو اُسے اس حالت میں درود پاک پڑھنا اور دعا کرنا جائز ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ باوضو ہو۔

(سوال نمبر 11) غسل فرض ہو تو اس حالت میں مرد اور عورت کو اذان کا جواب دینا جائز ہے؟

(جواب) جی ہاں، اگر غسل فرض ہو تو مرد اور عورت کو اذان کا جواب دینا بالکل جائز ہے۔ مستحب یہ ہے کہ وضو کرلیں۔

وضو کے فرائض

(سوال نمبر 1) وضو کے کتنے اور کون کون سے فرائض ہیں بیان کریں؟

(جواب) وضو کے چار فرائض ہیں۔

(1) چہرہ دھونا، اور اس کی حد پیشانی کے بالوں سے لے کر تھوڑی کے نیچے تک، ایک کان کی لو سے لے کر دوسرے کان کی لو تک،

(2) کہنیوں سمیت بازوؤں کو دھونا۔

(3) چوتھائی سر کا مسح کرنا۔

(4) ٹخنوں سمیت پاؤں کو دھونا۔

(سوال نمبر 2) وضو کے یہ چار فرض قرآن کی کس آیت سے ثابت ہیں؟

(جواب) وضو کے یہ چار فرض قرآنِ مقدس کی مندرجہ ذیل آیت سے ثابت ہیں۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ

[المائدة: آیت نمبر 6، پارہ نمبر 6)

(سوال نمبر 3) وضو کی کون کون سی سنتیں ہیں بیان کریں؟

(جواب) وضو کی سنتیں مندرجہ ذیل ہیں۔

(1) دونوں ہاتھوں کو کلائیوں تک دھونا (2) ابتدا میں بسم اللہ شریف پڑھنا

(3) شروع میں مسواک کرنا اگرچہ انگلی کے ساتھ ہوں (4) تین بار کلی کرنا

(5) تین چلوؤں کے ساتھ ناک میں پانی چڑھانا

(6) ایک چلو کے ساتھ نیچے کی طرف سے گھنی داڑھی کا خلال کرنا

(7) انگلیوں کا خلال کرنا

(8) اعضائے وضو کو تین تین بار دھونا

(9) ایک بار پورے سر کا مسح کرنا

(10) اعضا کو ملنا

(11) اعضا کو پے در پے دھونا

(12) ترتیب سے وضو کرنا

(13) نیت کرنا

(14) گردن کا مسح کرنا

(15) دائیں طرف سے شروع کرنا اور انگلیوں کے سروں سے شروع کرنا بھی سنت ہے

(سوال نمبر 4) وضو کی نیت کرنا جب سنت ہے تو نیت کیسے کریں گے؟

(جواب) وضو کی نیت یہ ہے،

نَوَيْتُ اَنْ اَتَوَضَّأَ تَقَرُّبًا اِلَى اللهِ

ترجمہ: میں اللہ تعالی کی رضا حاصل کرنے کے لئے وضو کرتا ہوں۔

(سوال نمبر 5) مکروہات وضو کتنے، اور کون کون سے ہیں بیان کریں؟

(جواب) مکروہات وضو 6 ہیں۔

(1) ضرورت سے زیادہ پانی استعمال کرنا۔

(2) ضرورت سے کم پانی استعمال کرنا۔

(3) چہرے پر زور زور سے پانی مارنا۔

(4) دورانِ وضو دنیاوی گفتگو کرنا۔

(5) بغیر عذر کے دوسرے سے مدد لینا۔

(6) تین بار نئے پانی سے مسح کرنا، کیوں کہ مسح کا مفہوم یہ ہے کہ ہاتھ تر کر کے سر پر رکھنا ، اور اگر وہ دو، تین بار نئے پانی کے ساتھ مسح کرتا ہے تو یہ ایسے ہے جیسے سر کو دھو رہا ہے یہ مکروہ ہے۔

(سوالنمبر6) کس کس چیز سے وضوٹوٹ جاتا ہے؟

(جواب) مندرجہ ذیل چیزوں سے وضوٹوٹ جاتا ہے۔

(1) جسم کے کسی بھی حصے سے خون یا پیپ نکل کر بہہ پڑے۔

(2) تھوک پر غالب یا تھوک کے برابر اگر خون اندر سے آئے تو اس سے وضوٹوٹ جاتا۔

(3) منہ بھر کر اُلٹی آنے سے بھی وضوٹوٹ جاتا ہے۔

(4) بے ہوشی سے بھی وضوٹوٹ جاتا ہے۔

(5) جنون سے بھی وضوٹوٹ جاتا ہے۔

(6) نشے سے بھی وضوٹوٹ جاتا ہے۔

(7) نماز کے اندر قہقہہ لگا کر ہنسنے سے بھی وضوٹوٹ جاتا ہے۔

(8) سونے سے بھی وضوٹوٹ جاتا ہے۔

(9) دکھتی ہوئی آنکھ سے جو پانی بہتا ہے اس سے بھی وضوٹوٹ جاتا ہے۔ اور وہ پانی نجس بھی ہوتا ہے، جس جگہ پر لگ جائے اس جگہ کا پاک کرنا ضروری ہے۔

(10) پاخانہ، پیشاب اور ہوا کے نکلنے سے بھی وضوٹوٹ جاتا ہے۔

(سوالنمبر 7) کیا کپڑے تبدیل کرنے سے وضوٹوٹ جاتا ہے؟

(جواب) کپڑے تبدیل کرنے وضونہیں ٹوٹتا۔

(سوالنمبر 8) کیا دوسرے کا ستر دیکھنے سے وضوٹوٹ جاتا ہے؟

(جواب) نہیں۔دوسروں کا ستر دیکھنے سے وضونہیں ٹوٹتا۔

(سوالنمبر 9) کیا انجکشن لگانے سے وضوٹوٹ جاتا ہے؟

جوانجکشن رگ (vein) میں لگایا جاتا ہے اس سے وضوٹوٹ جاتا ہے، اس لیے کہ رگ میں سوئی پہنچنے کا یقین اسی وقت ہوتا ہے جب کہ خون سرنج میں آجائے، اور جب تک خون سرنج میں نہیں آتا اس وقت تک دوا جسم میں داخل نہیں کی جاتی۔اور اگر انجکشن گوشت میں لگایا جائے تو وضوٹوٹنے کا مدار خون نکلنے پر ہے، اگر جسم میں میں سوئی داخل کرتے، یا نکالتے وقت، اتنا خون نکلے جو بہہ جانے کی پوزیشن میں ہو تو اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، اگر اتنا خون نہ ہو جو بہنے کی مقدار میں ہو، تو اس سے وضونہیں ٹوٹتا۔

(سوالنمبر (10) وضو کے قطروں کو مسجد میں ٹپکنے دینا کیسا ہے؟

(جواب) وضو کے قطروں کو مسجد میں ٹپکنے دینا مکروہ تحریمی، یعنی گناہ ہے۔اس لیے وضو خانہ کی جگہ پر ہی اعضاء پر ہاتھ پھیر لے تاکہ مسجد میں قطرے وغیرہ نہ گریں۔

(سوالنمبر (11) وضو کرنے کے بعد کیا عمل کرنا چاہیے؟

(جواب) وضو کرنے کے بعد شہادت کی انگلی کو آسمان کی طرف بلند کر کے کلمہ شہادت پڑھیں اور تین بار سورہ قدر (إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ (1) وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ

(2) لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ (3) تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ أَمْرٍ (4) سَلَامٌ هِيَ حَتَّى مَطْلَعِ الْفَجْرِ (5) پڑھیں۔

سوالنمبر(12) اعضائے وضو کو تولیے وغیرہ سے صاف کرنا کیسا ہے؟

(جواب) اعضائے وضو کو تولیے، یا کسی کپڑے سے صاف نہ کریں، اگر صاف کرے تو کچھ بھی باقی رہنے دیں، کیونکہ قیامت کے دن میں نیکیوں کے پلڑے میں اس پانی کو بھی رکھ کر تولا جائے گا۔

سوالنمبر(13) قبلہ کی طرف تھوک پھینکنا یا کلی کا پانی پھینکنا یہ کیسا ہے؟

(جواب) دوران وضو قبلہ کی طرف تھوک پھینکنا یا کلی کا پانی پھینکنا منع ہے، اور وضو کے علاوہ بھی قبلہ کی طرف تھوک پھینکنا منع ہے، ایک حدیثِ پاک میں آتا ہے کہ

عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: »مَنْ تَفَلَ تُجَاهَ الْقِبْلَةِ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَتَفْلَتُهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ

قال الأعظمي: إسناده صحيح (صحيح ابن خزيمة (62/2) (صحيح ابن حبان - محققا (518/4) (السنن الكبرى للبيهقي (108/3)

ترجمہ: نبی پاک علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا جو قبلہ کی طرف منہ کر کے تھوکے گا تو قیامت کے دن اس کی تھوک دونوں آنکھوں کے درمیان ہوگی۔

نجاستوں کا بیان

سوالنمبر(1) کپڑے کو اگر گوبر یا خون وغیرہ لگ جائے تو اس کپڑے کو پاک

کرنے کا کیا طریقہ ہے۔

(جواب) نجاست اگر دلدار ہو (یعنی جسم والی ہو) جیسے پاخانہ، گوبر، خون وغیرہ دھونے میں گنتی کی کوئی شرط نہیں، بلکہ اس ناپاکی کو دور کرنا ضروری ہے، اگر ایک بار دھونے سے دور ہو جائے تو ایک ہی مرتبہ دھونے سے کپڑا پاک ہو جائے گا۔ اور اگر چار پانچ مرتبہ دھانے سے دور ہو تو چار پانچ مرتبہ دھونے سے کپڑا پاک ہوگا۔ ہاں اگر تین مرتبہ سے کم میں نجاست دور ہو جائے تو تین بار پورا کر لینا مستحب ہے۔

سوال نمبر (2) اگر کپڑوں پر بچے نے پیشاب کر دیا تو ان کپڑوں کو پاک کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

(جواب) اگر نجاست رقیق ہو (یعنی پتلی) تو تین مرتبہ دھونے اور تینوں مرتبہ قوت سے نچوڑنے سے کپڑا پاک ہو جائے گا۔ اور قوت کے ساتھ جوڑنے کے یہ معنی ہیں، کہ وہ شخص اپنی طاقت بھر اس طرح نچوڑے کہ اگر پھر نچوڑے گا تو اس سے کوئی قطرہ نہ ٹپکے گا، اگر کپڑے کا خیال کر کے اچھی طرح نہیں چھوڑا تو کپڑا پاک نہ ہوگا۔

سوال نمبر (3) اگر برتن ناپاک ہو جائے تو اسے پاک کرنے کا کیا طریقہ کار ہے؟

(جواب) اگر برتن ناپاک ہو جائے تو اسے تین مرتبہ اچھی طرح دھوئیں تو وہ برتن پاک ہو جائے گا۔

سوال نمبر (4) چٹائی یا قالین وغیرہ کو پاک کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

(جواب) جو چیز جوڑنے کے قابل نہ ہو جیسے چٹائی، برتن، جوتا، وغیرہ اس کو دھو کر چھوڑ

دیں کہ پانی ٹپکنا بند ہوجائے، یوں تین مرتبہ دھوئیں گے، اور تیسری مرتبہ جب پانی ٹپکنا بند ہوجائے گا، تو وہ چیز پاک ہوجائے گی، اسے ہر مرتبہ خشک کرنا ضروری نہیں۔

سوالنمبر(5) کیا دودھ پیتے لڑکے اور لڑکی کا پیشاب پاک ہے؟

(جواب) دودھ پیتے لڑکے اور لڑکی کا پیشاب ناپاک ہے۔ یہ جو عوام میں مشہور ہے کہ دودھ پیتے لڑکے اور لڑکی کا پیشاب پاک ہے یہ بالکل غلط ہے۔

سوالنمبر(6) راستے میں جو اکثر پانی کا چھڑکاؤ وغیرہ کیا جاتا ہے اس کی چھینٹیں کپڑوں پر لگ جاتی ہیں کیا اس سے کپڑے ناپاک ہوجاتے ہیں؟

(جواب) راستے میں جو پانی کا چھڑکاؤ کیا جاتا ہے اس کی چھینٹیں جو کپڑوں پر پڑ جاتی ہیں اس سے کپڑے ناپاک نہیں ہوتے البتہ دھولینا بہتر ہے۔

سوالنمبر(7) غسل خانے کے اندر پیشاب کرنا کیسا ہے؟

(جواب) غسل خانے کے اندر پیشاب کرنا منع ہے حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالی عنہ روایت کرتے ہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کوئی غسل خانہ میں پیشاب نہ کرے، پھر اس میں نہائے یا وضو کریں، کہ اکثر وسوسے اس سے پیدا ہوتے ہیں۔ (ابوداؤد شریف)

سوالنمبر(8) بیت الخلاء کا رخ شرقاً اور غرباً کیا جاسکتا ہے؟ **(جواب)** بیت الخلاء کا رُخ شرقاً اور غرباً کرنا مکروہِ تحریمی ہیں، جس کسی کا بیت الخلا کا رخ شرقاً یا غرباً ہو اس کو فوری طور پر بدلیں، ورنہ مسلسل گناہ ہوتا رہے گا۔

تیمّم کا بیان

سوالنمبر (1) تیمم کا لغوی معنی کیا ہے؟

(جواب) تیمم کا لغوی معنی قصد اور ارادہ کرنا۔

شرعی اصطلاح، میں پاکیزہ مٹی سے ہاتھوں اور چہرے کا مسح کرنے کو تیمم کہتے ہیں۔

سوالنمبر (2) کیا تیمم کا ذکر قرآن مقدس میں موجود ہے؟

جی ہاں تیمم کا ذکر قرآن مقدس کی اس آیت میں موجود ہے۔

وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوا وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَى أَوْ عَلَى سَفَرٍ أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ مِنْهُ

(المائدة: آیت نمبر 6، پارہ نمبر 6)

ترجمہ: اور اگر تم جنبی ہو، تو خوب پاکیزگی حاصل کرو (غسل کرو) اور اگر تم بیمار ہو، یا سفر پر ہو، یا تم میں سے کوئی قضائے حاجت کر کے آئے، یا تم میں سے کوئی عورتوں کو چھو کر آئے، پس تم پانی کو نہ پاؤ تو پاک مٹی سے تیمم کرلو، اس کے ذریعے اپنے چہرے اور ہاتھوں کا مسح کرو۔

سوالنمبر (3) تیمم کے فرائض کتنے اور کون کونسے ہیں؟

(جواب) تیمم کے تین فرض ہیں،

(1) نیت کرنا، یعنی میں ناپاکی سے پاکی حاصل کرتا ہوں، تاکہ نماز پڑھنا اور قرآن

پڑھنا جائز ہو جائے۔

(2) سارے چہرے پر ہاتھ کے ذریعے سے مسح کرنا، کہ بال برابر بھی جگہ ایسی نہ ہو جہاں ہاتھ مَس نہ ہو۔

(3) کہنیوں سمیت بازو کا مسح کرنا کہ بال برابر بھی جگہ ایسی نہ بچے جہاں ہاتھ مس نہ ہو۔

سوالنمبر (4)

کن کن مقامات پر تیمم کرنا جائز ہے؟

(1) ایسی بیماری لگی ہو کہ غسل کرنے سے بڑھ جائے گی یا دیر میں صحیح ہوگی تو اس صورت میں تیمم کرنا جائز ہے۔

(2) چاروں طرف ایک ایک میل پانی تلاش کیا اور نہ ملا تو تیمم جائز ہے۔

(3) اتنی سردی ہو نہائے گا تو مر جائے گا یا سخت بیمار ہو جائے گا اور سردی سے بچنے کا سامان بھی نہیں ہے تو تیمم جائز ہے۔

(4) وضو کر کے عیدین کی نماز پڑھ رہا تھا، کہ وضو ٹوٹ گیا اگر وضو کرنے جائے گا تو نماز نکل جائے گی وہ تیمم کر کے نماز پڑھ لے۔ (عیدین کی نماز کی قضا بھی نہیں ہے)

(5) نماز جنازہ نکل جانے کا ڈر ہو تو تیمم کر کے پڑھ سکتا ہے بشرطیکہ وہ میت کا ولی نہ ہو (میت کا باپ، بیٹا وغیرہ، میت کے ولی ہیں، ان کے لئے وضو کرنا ضروری ہے، کیونکہ ان کے لیے جنازہ روکا جا سکتا ہے، ہمارے لئے روکا نہیں جا سکتا۔)

(6) سلام کا جواب دینے، درود شریف وغیرہ وظائف پڑھنے، یا سونے، یا بغیر وضو

کے مسجد میں داخل ہونے ، یا زبانی قرآن مجید پڑھنے ، کے لئے تیمم جائز ہے اگر چہ پانی پر قدرت بھی ہو۔

نوٹ: اگر ان مقامات کو غور سے پڑھا جائے تو تیمم کی اہمیت کا بھی علم ہوتا ہے کہ تیمم کتنی اہم چیز ہے، تو پھر اس کا علم ہونا انتہائی ضروری ہے، اور یہ قرآن وسنت سے ثابت بھی ہے۔ ہمارے معاشرے میں اکثر لوگ اس سے ناواقف ہیں لہذا اس کو عام کرنے کی ہر مسلمان کوشش کرے۔

تمنا ہے کہ دنیا میں کوئی کام کر جاؤں

ہو سکے تو خدمت اسلام کر جاؤں

سوالنمبر (5) تیمم کس چیز سے کیا جا سکتا ہے؟

(جواب) تیمم اسی چیز سے ہو سکتا ہے جو زمین کی جنس سے ہو، جو چیز آگ سے جل کر راکھ نہ ہوتی ہو، نہ پگھلتی ہو، نہ نرم ہوتی ہو، وہ زمین کی جن سے ہے، اس سے تیمم جائز ہے ۔مثلاً مٹی، پتھر، ریت، اگر چہ ان پر گرد و غبار نہ بھی ہو تو ان سے تیمم جائز ہے۔

سوالنمبر (6) کیا پکی اینٹ سے بھی تیمم جائز ہے؟

(جواب) جی ہاں، پکی اینٹ سے بھی تیمم کرنا جائز ہے۔

سوالنمبر (7) اگر کسی لکڑی یا کپڑے پر اتنی گرد ہو کہ ہاتھ مارنے سے انگلیوں کا نشان بن جائے تو کیا اس سے تیمم جائز ہے؟

جی ہاں اس سے تیمم کرنا جائز ہے۔

سوالنمبر(8) جس جگہ سے ایک نے تیمم کیا ہو کیا دوسرا بھی وہیں سے تیمم کر سکتا؟

(جواب) جس جگہ سے ایک نے تیمم کیا ہو دوسرا بھی اسی جگہ سے تیمم کر سکتا ہے۔

سوالنمبر(9) کیا مسجد کی دیوار یا زمین سے تیمم کرنا جائز ہے؟

(جواب) جی ہاں مسجد کی دیوار یا زمین سے تیمم کرنا جائز ہے، یہ جو لوگوں میں مشہور ہے کہ مسجد کی دیوار یا زمین سے تیمم ناجائز ہے یا مکروہ ہے، یہ بھی غلط ہے۔

سوالنمبر(10) تیمم کس چیز سے ٹوٹ جاتا ہے؟

(جواب) جس چیز سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا غسل فرض ہو جاتا ہے اس سے تیمم بھی جاتا رہتا ہے۔

آذان کا بیان

سوالنمبر(1)

اذان دینے کا اجر کیا ہے؟

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اذان دینے کا ثواب کتنا ہے تو یہ آپس میں تلوار جائے (یعنی ہر ایک یہ کہے کہ اذان میں نے دینی ہے ،دوسرا کہیں نہیں میں نے دینی ہے۔

سوالنمبر(2) سمجھدار بچے، اور اندھے کی آذان کا کیا حکم ہے؟

سمجھدار بچے، اور اندھے کی اذان بالکل صحیح ہے۔

گزارش:

اس وقت ہماری مساجد میں میں 90 فیصد بوڑھے لوگ اذان دیتے ہیں، چونکہ بڑھاپے کی وجہ سے منہ سے دانت نکل جاتے ہیں تو اذان کے الفاظ صحیح ادا نہیں ہو پاتے (الفاظ کو صحیح طریقے سے ادا کرنے میں دانتوں کا بڑا عمل دخل ہے) اس لیے نوجوانوں کو چاہئے کہ وہ مساجد میں اذان دیا کریں، ظاہر بات ہے جب نوجوان یہ کام نہیں کریں گے تو اور کسی کو تو کرنا پڑے گا، اس لئے ہمیں آگے بڑھ کر اپنی اپنی مساجد میں اذان دینے کا مزاج بنانا چاہیے۔

سوالنمبر (3) جو لوگ اذان کے وقت باتوں میں مشغول رہتے ہیں ان کا کیا حکم ہے؟

علماء فرماتے ہیں جو لوگ اذان کے وقت باتوں میں مشغول رہتے ہیں، ڈر ہے کہ کہیں ان کا ایمان پر خاتمہ ہی نہ ہو (العیاذ باللہ) اس لئے ہمیں چاہئے کہ اذان کے وقت بالکل گفتگو بند کر دے، اور سارے کاموں سے توجہ ہٹا کر اذان کی طرف کریں۔ اگر گھروں کے اندر ہم یہ ماحول بنائیں گے تو انشاءاللہ ہمارے بچے بھی اس پر عمل کریں گے۔ کیونکہ

children always copy their parents.

بچے ہمیشہ اپنے ماں باپ کی نقل کیا کرتے ہیں۔

سوالنمبر (4) جب اذان ہو رہی ہو تو اس وقت کسی کو سلام کرنا کیسا ہے؟

(جواب) جب اذان ہو رہی ہو اس وقت سلام کرنا، سلام کا جواب دینا، یہاں تک کہ قرآن مجید کی تلاوت کرنا، ان تمام کاموں کو موقوف کر دینا چاہیے، اور غور سے سن کر

آذان کا جواب دینا چاہیے۔

سوالنمبر (5) خطبہ کی اذان کا جواب مقتدیوں کو دینا کیسا ہے؟

(جواب) خطبہ کی اذان کا جواب مقتدیوں کو زبان سے دینا جائز نہیں، ہاں دل میں دے سکتے ہیں.

سوالنمبر (6) کیا اقامت کا جواب دینا بھی مستحب ہے؟ اور اقامت بیٹھ کر سننا چاہیے یا کھڑے ہو کر؟

(جواب) جی ہاں اذان کی طرح اقامت کا جواب دینا بھی مستحب ہے۔ اور اقامت بیٹھ کر سننی چاہئے، کھڑے ہو کر اقامت سننا مکروہ ہے.

سوالنمبر (7) اگر بوقتِ اذان جواب نہ دیا جاسکا تو کیا بعد میں جواب دیا جا سکتا ہے۔

گر بوقتِ اذان جواب نہ دے سکے تو اگر زیادہ دیر نہ گزری ہو تو جواب دیا جا سکتا ہے۔

سوالنمبر (8) اگر چند آذانیں ہوتی ہوں تو کس اذان کا جواب دیا جائے؟

چند آذانیں ہوتی ہو تو پہلی کا جواب دیا جائے، اور بہتر یہ ہے کہ سب کا ہی جواب دے۔

سوالنمبر (9) کن نمازوں کے لئے اذان نہیں؟

(جواب) فرض نمازوں کے سوا کسی نماز کے لیے اذان نہیں، نہ وتر میں، نہ عیدین میں نہ جنازہ میں، نہ تراویح میں، نہ نماز استسقاء میں، نہ چاشت وغیرہ میں۔

نماز کا بیان

سوال نمبر (1) نماز کے متعلق کوئی سی تین احادیث بیان کریں۔

(جواب) نماز کے متعلق تین احادیث یہ ہیں،

مَنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ فَلَا دِينَ لَهُ، وَالصَّلَاةُ عِمَادُ الدِّينِ

(شعب الإيمان (300/4)

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جس نے نماز چھوڑی اس کا کوئی دین نہیں، نماز دین کا ستون ہے۔

عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: »الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا، وَبِرُّ الوَالِدَيْنِ، ثُمَّ الجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

(صحيح البخاري (156/9)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے، کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا، کہ سب سے افضل عمل کونسا ہیں؟ ارشاد فرمایا نماز کو وقت پر ادا کرنا، والدین کے ساتھ نیکی کرنا، اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔

(3) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: »أَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ لْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، (المعجم الأوسط (26/1) (سنن أبي داود (229/1)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں، کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بندے سے سب سے پہلا حساب قیامت کو نماز کا ہوگا۔

آپ غور کریں جو بندہ دنیا میں نماز پڑھتا ہی نہیں وہ کل کیا جواب دے گا۔

جب سرِ محشر وہ پوچھیں گے بلا کہ سامنے

کیا جواب ِ جرم دو گے تم خدا کے سامنے

سوال نمبر(2) کتنے اور کون کون سے اوقات میں نماز پڑھنا منع ہے؟

(جواب) تین اوقات میں نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

(1) طلوع (جب سورج نکل رہا ہو)

(2) غروب (جب سورج غروب ہو رہا ہو)

(3) نصف النہار (سورج بالکل سر پر ہو)

ان تین اوقات میں نہ فرض جائز نہ واجب، نہ نفل، نہ ادا، نہ قضاء، یوہی سجدہ تلاوت اور سجدہ سہو بھی جائز نہیں۔ البتہ اس روز کی اگر عصر کی نماز نہ پڑھی ہو تو پڑھ لے، اگرچہ سورج ڈوبتا ہوں، مگر اتنی تاخیر کرنا حرام ہے۔

نوٹ: یہ جو عوام میں مشہور ہے کہ رات 12 بجے مکروہ وقت ہوتا ہے، تب نماز نہیں پڑھنی چاہیے، یہ بالکل غلط ہے۔

سوال نمبر(3) ان مکروہ اوقات میں تلاوت قرآن پاک کرنا کیسا ہے؟

(جواب) ان تین اوقاتِ مکروہہ میں تلاوت کلامِ پاک نہ کرنا بہتر ہے، بہتر یہ کہ دیگر ذکر واذکار میں وہ مشغول رہے۔

سوال نمبر(4) کیا فجر اور عصر کی نماز کے بعد نفل پڑھنا جائز ہے؟

(جواب) فجر اور عصر کی نماز کے بعد نفل پڑھنا جائز نہیں، ہاں قضا نماز پڑھنا جائز ہے

سوالنمبر(5) باریک دوپٹہ پہن کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

(جواب) اگر کتنا باریک کپڑا سر پر اوڑا ہو کہ جس سے سر کے بالوں کی سیاہی چمکتی ہو تو ایسے کپڑے کو سر پر اوڑھ کر نماز پڑھنا صحیح نہیں۔ لہذا عورتوں کو نماز شروع کرنے سے قبل اس چیز کی احتیاط کرنی چاہیے۔

سوالنمبر(6) مرد کے لئے جسم کے کتنے حصے کو چھپانا فرض ہے؟

(جواب) مرد کے لیے ناف سے لے کر گھٹنوں سمیت جسم کو چھپانا فرض ہے، ناف اس میں داخل نہیں لیکن گھٹنے داخل ہیں۔ لہذا اگر اتنے حصے کو کسی کے سامنے برہنہ کرے گا تو وہ گنہگار ہوگا۔

نوٹ: آجکل لنگوٹ (کاچھا) پہنتے ہیں اس کو پہن کر لوگوں کے سامنے جانا جائز نہیں، کیونکہ اس سے ستر ننگا ہوتا ہے، اور ستر کو لوگوں کے سامنے کھولنا حرام ہے۔

سوالنمبر(7) نماز کے مکروہات بیان کریں؟

(جواب) نماز کے مکروہات یہ ہیں،

(1) کپڑے یا بدن یا داڑھی کے ساتھ کھیلنا مکروہ تحریمی ہے۔

(2) کپڑا سمیٹنا، یا اسے سجدے میں جاتے وقت آگے یا پیچھے سے اٹھالینا اگرچہ مٹی وغیرہ سے بچنے کے لیے ہو، اگر بلا وجہ تو اور زیادہ مکروہ ہے۔

(3) کپڑا لٹکانا جیسے سر یا کندھے پر اس طرح ڈالنا کے دونوں کنارے لٹکتے ہو یہ مکروہ

تحریمی ہے۔

(4) قمیص وغیرہ کی آستین میں ہاتھ نہ ڈالیں ہو بلکہ پیٹھ کی طرف پھینک دے تو یہ بھی مکروہ تحریمی ہیں۔

(5) کوئی آستین آدھی کلائی سے زیادہ چڑھی ہوئی ہو، یہ بھی مکروہ تحریمی ہے۔

(6) ایسے ہی ناک اور منہ کو چھپانا بھی مکروہ تحریمی ہے۔

(7) انگلیوں کو چٹخانا، اور انگلیوں کی قینچی بنانا یعنی ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنا مکروہ تحریمی ہے۔

(ایسے ہی نماز کے جاتے اور نماز کے انتظار میں بیٹھے ہوں تب بھی انگلیوں کو انگلیوں میں داخل کر کے بیٹھنا مکروہ ہے)

(8) نماز میں کمر پر ہاتھ رکھنا مکروہ تحریمی ہے اور نماز کے علاوہ بھی کمر پر ہاتھ نہیں رکھنے چاہیے۔ (9) نماز میں ناک اور منہ کو چھپانا بھی مکروہ تحریمی ہے۔

سوالنمبر (8) مکروہ تحریمی و تنزیہی میں کیا فرق ہے؟

(جواب) مکروہ ناپسندیدہ کام کو کہتے ہیں۔

اور اس کی دو قسمیں ہیں، مکروہ تنزیہی اور مکروہ تحریمی۔

مکروہ تحریمی وہ ہوتا ہے، جو حرام کے قریب ہوں جسے کرنا گناہ ہوتا ہے۔

مکروہ تنزیھی جائز کے قریب ہوتا ہے، نہ کرنا بہتر ہے اگر کر لیا تو گناہ نہیں

سوالنمبر (9) نماز میں دائیں بائیں جھومنا کیسا ہے؟

(جواب) نماز کے اندر دائیں بائیں جھومنا مکروہ ہے، تراوح، یعنی کبھی ایک پاؤں پر زور دینا اور کبھی دوسرے پاؤں پر زور دینا سنت ہے۔

سوالنمبر(10) آنکھیں بند کر کے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

(جواب) آنکھیں بند کر کے نماز پڑھنا مکروہ ہے، لیکن اگر آنکھیں بند کر کے نماز پڑھنے سے خشوع وخضوع میں اضافہ ہوتو پھر نہ صرف جائز بلکہ آنکھیں بند کر کے نماز پڑھنا پھر بہتر ہے۔

سوالنمبر(11) لکڑی کے تختے پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

(جواب) ہر ایسی ٹھوس چیز جو پاک ہو، اور پیشانی اس پر ٹک سکے اس پر نماز پڑھنا جائز ہے ۔لہذا اگر کوئی شخص لکڑی کا تختہ بنا کر اس پر نماز پڑھتا ہے تو یہ جائز ہے۔

سوالنمبر(12) قبلہ کی طرف لیٹے ہوئے شخص کے سامنے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

(جواب) اگر کوئی بندہ قبلہ کی طرف چار پائی کے اوپر، نمازی کے سامنے سورہا ہو،تو نماز میں کراہت نہیں۔

سوالنمبر(13) گیس والے ہیٹر کے سامنے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

گیس والے ہیٹر (موم بتی، چراغ، وغیرہ) کے سامنے نماز پڑھنا جائز ہے، ہاں اگر زیادہ آگ ہو جیسے تندور وغیرہ تو اس کے سامنے نماز پڑھنا صحیح نہیں، کیونکہ مجوسی آگ کی عبادت کرتے ہیں اس مشابہت کی وجہ سے اس کو ممنوع قرار دیا گیا۔

سوالنمبر(14) پیشاب یا پاخانہ کو روک کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

(جواب) جس وقت پیشاب یا پاخانہ کی حاجت شدید ہو، ایسے وقت نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، اسی طرح دوران نماز پیشاب یا پاخانہ زور کریں تو نماز توڑ کر فراغت حاصل کرے پھر نماز پڑھے، تاکہ نماز میں خشوع خضوع نصیب ہو سکے۔

سوالنمبر (15) قبر کے سامنے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

(جواب) قبر اور نمازی کے درمیان اگر کوئی چیز حائل نہ ہو تو نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، اگر نمازی اور قبر کے درمیان کوئی دیوار وغیرہ حائل ہو تو نماز مکروہ نہیں۔

سوالنمبر (16) کیا نماز تہجد کے لئے سونا شرط ہے؟ اور اس کا وقت کیا ہے؟

(جواب) جی ہاں، نماز تہجد کے لیے سونا شرط ہے۔ سو کر جب بھی اٹھے نماز تہجد ادا کر سکتے ہیں، البتہ رات کے آخری پہر میں پڑھنا زیادہ افضل ہے۔

سوالنمبر (17) اس پر کیا دلیل ہے کہ تہجد کے لئے سونا شرط ہے جبکہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ سوئے بغیر تہجد پڑھنا بھی جائز ہے؟

(جواب) عبد الله بن عباس - رضي الله عنهما - (المتوفی:68ھ)

{وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ} اس آیت کے ضمن میں فرماتے ہیں

وَالتَّهَجُّدُ بَعْدَ النَّوْمِ کہ تہجد سونے کے بعد ہوتی ہے۔

(تنوير المقباس من تفسير ابن عباس (ص: 240)

قَالَ مُجَاهِدٌ وَعَلْقَمَةُ وَالْأَسْوَدُ فَقَالُوا: التَّهَجُّدُ بَعْدَ النَّوْمِ.

تفسير الطبري = جامع البيان ت شاكر (524/17) (فتح القدير للشوكاني

(298/3)(تفسير الماتريدي=تأويلات أهل السنة(96/7)

ترجمہ: حضرت علقمہ، حضرت مجاھد، اور حضرت امام اسود رحمۃ اللہ تعالیٰ علیھم فرماتے ہیں، تہجد سونے کے بعد پڑھی جائے گی۔

سوالنمبر(18) زندگی میں جونمازیں قضا ہوگئی ہو، اگران کوادانہ کیا جائے صرف للہ کی بارگاہ سے معافی مانگی جائے تو کیا معافی ہوجائے گی؟

(جواب) زندگی میں جونمازیں رہ گئی ہیں ان کوادا کرنا ضروری ہے، ادا کیے بغیر معافی نہیں ہوتی۔

سوالنمبر(19) اگرزندگی میں نمازیں قضا ہوچکی ہواور علم نہ ہو کتنی ہیں تو کس طرح ادا کی جائیں؟

(جواب) اگر قضانمازوں کا علم نہ ہووہ کتنی ہے، تو پڑھنے کا طریقہ کار یہ ہے کہ بلوغت سے پہلے کی عمر کو نکال دے (یعنی 15 سال) اوراب اگراس کی عمر پچاس سال ہے توبقیہ 35 سال بچتے ہیں ان سالوں کی نمازوں کو قضا کرنا شروع کردے۔

سوالنمبر(20) قضانماز کا وقت کیا ہے؟ اوراس کوادا کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(جواب) قضانماز کا کوئی خاص وقت نہیں ہے، اوقات مکروہہ کے علاوہ جب چاہیں آپ قضانماز ادا کرسکتے ہیں۔

ورصرف فرائض کی قضا ہوتی ہے سنتوں کی قضا نہیں ہوتی، البتہ عشاء کے وتروں کی بھی قضا کی جائے گی۔ آپ ہرادا نماز کے ساتھ قضا نماز بھی پڑھ سکتے ہیں، دن کے اندر اکٹھی

بھی پانچ نمازیں ادا کر سکتے ہیں، یہ آپ کو اختیار ہے۔

سوالنمبر (21) قضا نماز کی نیت کس طرح کی جائے گی؟

(جواب) قضا نماز کی نیت یوں کرے گا، وہ نماز جو میری زندگی کی سب سے پہلی قضا ہوئی۔ یا وہ نماز جو میری زندگی کی سب سے آخر میں قضا ہوئی۔

سوالنمبر (22) اگر کسی کے ذمہ قضا نمازیں ہوں تو ان کو چھوڑ کر نوافل پڑھنا کیسا ہے؟

(جواب) جس کے ذمہ قضا نمازیں ہوں اس کو چاہیے کہ نوافل کے بجائے قضا نمازیں پڑھے، کیونکہ نوافل کا سوال نہیں ہوگا، لیکن قضا کا سوال ہوگا۔

سوالنمبر (22) قضائے عمری کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(جواب) قضائے عمری، کہ شبِ قدر یا رمضان المبارک کے آخری جمعہ میں جماعت سے اگر ایک نماز پڑھی جائے تو زندگی بھر کی قضا نمازیں اسی ایک نماز سے ادا ہو جائیگی، یہ بالکل باطل ہے۔

جنازہ کا بیان

سوالنمبر (1) نمازِ جنازہ کے کتنے اور کون کونسے فرائض کتنے ہیں؟

(جواب) نماز جنازہ کے دو فرض ہیں۔

(1) چار بار اللہ اکبر کہنا، (یہ چار تکبیریں امام کے ساتھ ساتھ مقتدی کو کہنا بھی ضروری ہے وگرنہ نمازِ جنازہ نہ ہوگا۔

(2) اور قیام کرنا۔

سوال نمبر (2) نماز جنازہ میں کتنی اور کون کون سی چیزیں سنت ہیں؟

(جواب) نماز جنازہ میں تین چیزیں سنت مؤکدہ ہیں۔

(1) اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرنا (2) نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پاک پر درود پڑھنا

(3) میت کے لیے دعا کرنا۔

سوال نمبر (3) جس نے خودکشی کی ہو اس کا نماز جنازہ پڑھنا کیسا ہے؟

(جواب) جس نے خودکشی کی ہو حالانکہ یہ بہت بڑا گناہ ہے اس کے باوجود اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی۔

سوال نمبر (4) اگر بچہ مردہ پیدا ہوا تو کیا پھر بھی اس کا نام رکھا جائے گا؟

(جواب) علماء فرماتے ہیں، جو بچہ مردہ بھی پیدا ہو تو اس کا بھی نام رکھا جائے گا، کیونکہ قیامت کے دن اس کا حشر کیا ہوگا۔

سوال نمبر (5) قبروں پر پھول وغیرہ ڈالنا کیسا ہے؟

(جواب) قبروں پر پھول وغیرہ ڈالنا بہتر ہے، کیونکہ ہر تر چیز اللہ کا ذکر کرتی ہے، جب تک یہ پھول تر رہیں گے اللہ کا ذکر کریں گے، تو مردے کے عذاب میں کمی ہوگی، اگر وہ پہلے سے نیک ہو تو اللہ اس کے درجات بلند کرے گا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ عذابِ قبر والی حدیث کے تحت ارشاد فرماتے ہیں، کہ اس حدیث پاک سے ایک جماعت نے دلیل پکڑی ہے کہ قبروں پر سبزہ و پھول وغیرہ ڈالنا جائز ہے۔

سوالنمبر (6) سب سے پہلے نماز جنازہ کس کی پڑھی گئی؟

(جواب) سب سے پہلے نماز جنازہ ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں پہنچ کر حضرت براء بن معروب کی قبر پر نبی پاک علیہ السلام نے پڑھی، ان میں 9 صحابہ کرام شریک تھے، اس صحابی کا انتقال نبی پاک علیہ السلام کے مدینہ شریف پہنچنے سے پہلے ہو گیا تھا، اس کے بعد حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہجرت کے پہلے سال انتقال ہوا تو سب سے پہلے ان کی نماز جنازہ پڑھی گئی۔

سوالنمبر (7) کن کن لوگوں کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جاتی؟

(جواب) مندرجہ ذیل لوگوں کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جاتی،

(1) جو امام برحق پر خروج اور بغاوت کرتا ہے پھر اسی بغاوت میں مارا جاتا ہے۔

(2) وہ ڈاکو جو ڈاکا مارتے ہوئے مارا جائے۔

(3) جو شخص کئی مسلمانوں کا گلا گھونٹ کر مار چکا ہو، جب یہ خود مرے گا تو اس کی بھی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔

(4) جس نے اپنے ماں باپ کو قتل کیا اس کی بھی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔

(5) جو کسی کا مال چھین رہا ہے اور اسی حالت میں مارا جائے، اس کی بھی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔

سوالنمبر (8) نماز جنازہ فرض ہے یا واجب ہے؟

(جواب) نماز جنازہ فرضِ کفایہ ہے، کہ ایک بندہ بھی پڑھ لے تو باقی بری الذمہ ہیں،

اور اگر کسی نے نہ پڑھا تو جس جس کو خبر پہنچی ہو وہ گنہگار ہوگا، اس کی فرضیت کا جو انکار کرے وہ کافر ہے، اس کے لئے جماعت شرط نہیں ایک شخص بھی پڑھ لے تو فرض ادا ہو جائے گا۔

سوالنمبر (9) مرد، اور عورت کو کتنے کتنے کپڑوں میں کفن دیا جاتا ہے؟

(جواب) مرد کو تین کپڑوں میں کفن دینا سنت ہے،

(1) لفافہ (وہ چادر جو میت کے قد سے اتنی بڑی ہو کہ دونوں طرف باندھ سکیں۔

(2) ازار (تہہ بند، چوٹی سے قدم تک یعنی لفافہ سے چھوٹی ہوتی ہے،

(3) قمیص (جس کو کفنی کہتے ہیں، گردن سے گھٹنوں کے نیچے تک اور یہ آگے اور پیچھے دونوں طرف برابر ہوں، اور جاہلوں میں جو رواج ہے کے پیچھے کم رکھتے ہیں یہ غلطی ہے)

عورتوں کو پانچ کپڑوں میں کفن دینا سنت ہے، تینوں وہی مردوں والے ،اور 2 اور،

(4) اوڑھنی (یعنی ڈوپٹہ تین ہاتھ کی ہونی چاہیے یعنی ڈیڑھ گز کی

(5) سینہ بند، سینہ بند پستان سے ناف تک، اور بہتر یہ ہے ران تک ہو۔

سوالنمبر (10)

کیا مرد اپنی عورت کا چہرہ دیکھ سکتا ہے کہ نہیں؟

(جواب) عورت مرجائے تو شوہر اسے نہلا نہیں سکتا، نہ چھو سکتا ہے، دیکھنے کی ممانعت نہیں، عوام میں یہ مشہور ہے کہ شوہر عورت کے جنازے کو نہ کندھا دے سکتا ہے، نہ قبر میں اتار سکتا ہے نہ منہ دیکھ سکتا ہے یہ محض ہے۔ صرف میں نہلانے اور اس کے بدن کو بغیر

کپڑے کے چھونے کی ممانعت ہے دیکھنے کی ممانعت نہیں۔

سوالنمبر(11) حیض ونفاس والی عورت میت کو غسل دے سکتی ہے؟

(جواب) غسل دینے والا باطہارت ہو، جنب یا حیض والی عورت نے غسل دیا تو کراہت ہے، مگر غسل ہو جائے گا۔ اگر بے وضو نے نہلایا تو کراہت بھی نہیں۔

نکاح کا بیان

سوالنمبر(1)

کیا نکاح کے اندر حق مہر مقرر کرنا ضروری ہے؟ اگر ضروری ہے تو کم از کم حق مہر کتنا ہونا چاہیے؟

(جواب) نکاح کے اندر حق مہر مقرر کرنا ضروری ہے۔ کم از کم حق مہر دس درہم ہونا چاہیے (وہ تقریبا دو تولے ساڑھے چار ماشے چاندی بنتی ہے)

سوالنمبر(2) منہ بولے بیٹے کو اپنی ولدیت دینا کیسا ہے؟

(جواب) منہ بولے بیٹے کو اپنی ولدیت دینا حرام ہے، وہ اپنے آپ کو اصل باپ کی طرف منسوب کرے گا، اپنے شناختی کارڈ اور دیگر دستاویزات پر اپنے اصل باپ کا ہی نام لکھے گا۔ نبی پاک علیہ السلام نے ارشاد فرمایا

مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ، وَهُوَ يَعْلَمُ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ

صحيح البخاري (156/5) (مسند أبي داود الطيالسي (163/1)

ترجمہ: جس نے جان بوجھ کر اپنا نسب باپ کے علاوہ کسی اور طرف منسوب کیا

جنت اس پر حرام ہے۔

سوالنمبر(3) کچھ لوگ سفر کے اندر نکاح نہیں کرتے، کہتے ہیں کہ اس مہینے میں نکاح کامیاب نہیں ہوتے اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(جواب) ماہِ صفر میں نکاح کرنا بالکل جائز ہے، کسی قسم کی اس میں شرعی قباحت نہیں ہے، بلکہ سیدہ طیبہ طاہرہ سیدہ فاطمہ الزہرہ رضی اللہ تعالی عنہا کا نکاح بھی اسی ماہ صفر میں ہوا ہے اس سے بھی زیادہ کامیاب نکاح دنیا میں کوئی نظر آئے گا؟ اور اللہ نے جو امام حسن وحسین رضی اللہ تعالی عنہما جیسے بیٹے عطا کیے کائنات کے اندران کی بھی مثال نہیں ملتی۔

سوالنمبر(4) اگر شوہر اپنی بیوی کو خون دے تو کیا اس سے نکاح پر اثر پڑتا ہے؟

(جواب) نہیں اس سے نکاح پر کچھ اثر نہیں پڑتا۔

سوالنمبر(5) پردہ کرنا کس کس سے ضروری ہے؟

(جواب) عورت کے لیے ہر غیر محرم (غیر محرم ہر وہ شخص ہے جس سے نکاح جائز ہے) سے پردہ کرنا ضروری ہے مثلاً پھوپھا، خالو، بہنوئی، دیور، خالہ اور ماموں کے بیٹوں سے بھی پردہ ضروری ہے۔

طلاق کا بیان

سوالنمبر(1) طلاق کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(جواب) میاں بیوی کے درمیان جب نا اتفاقی بڑھ جائے، اور باہمی اتفاق اور سلوک کی صورتحال کوئی نہ بنے، تو ایسی صورت میں مرد، عورت کو ایک طلاق دے، اگر عدت

کے اندر رجوع کرنا چاہے تو رجوع بھی کرسکتا ہے، اور اگر وہ رجوع نہ کرے گا تو عدت کے بعد وہ خود اس کے نکاح سے نکل جائے گی۔

سوالنمبر (2) طلاق رجعی کس کو کہتے ہیں؟ اور اس کا حکم کیا ہے؟

(جواب) اگر مرد اپنی بیوی کو ایک یا دو صریح طلاقیں دے تو یہ طلاقِ رجعی ہوگی۔ مرد عدت کے اندر اپنی بیوی سے رجوع کرسکتا ہے، خواہ بیوی راضی ہو یا نہ۔

سوالنمبر (3) طلاق بائن کس کو کہتے ہیں؟ اور اس کا حکم کیا ہے؟

(جواب) مرد اگر اپنی بیوی کو ایک طلاق یا دو طلاقیں دے۔ اور عدت میں رجوع نہ کرے تو وہ طلاق بائن ہو جاتی ہے۔ یعنی مرد اور عورت کے درمیان زوجیت کا رشتہ منقطع ہو جاتا ہے، عدت کے بعد فریقین باہم رضامندگی سے نئے مہر کے ساتھ نکاح کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔

اگر کنایہ لفظ طلاق کی نیت سے بولے گا تو اس سے بھی طلاق بائن واقع ہو جاتی ہیں، اس صورت میں بغیر نئے نکاح کے مرد، عدت کے اندر بھی عورت سے رجوع نہیں کرسکتا۔

سوالنمبر (4) طلاق مُغَلَّظَہ کس کو کہتے ہیں؟ اور اس طلاق کا حکم کیا ہے؟

(جواب) اگر کوئی بندہ اپنی بیوی کو تین الگ الگ طلاقیں دے، یا ایک ہی لفظ کے ساتھ تین طلاقیں دے، تو اس سے تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں۔ اس کو طلاقِ مُغَلَّظَہ یا طلاقِ بائن کبریٰ کہتے ہیں۔ اس طلاق کا حکم یہ ہے کہ یہ مرد اس عورت سے نکاح نہیں کر سکتا یہ عورت آگے جا کے ہی نکاح کرے گی۔ جیسا کہ اللہ تعالی قرآن مقدس میں ارشاد

فرماتا ہے۔

فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ (آیت نمبر 230، البقرہ)

ترجمہ: اگر وہ (تیسری طلاق) بھی دے چکے اب یہ عورت اس کے لئے حلال نہیں، یہاں تک کہ آگے جا کر نکاح کرے۔

سوالنمبر (4) کیا طلاق دیتے وقت گواہوں کا ہونا ضروری ہے؟

(جواب) طلاق دیتے وقت گواہوں کا ہونا ضروری نہیں، جب مرد اقرار کرے میں نے طلاق دی ہے تو طلاق ہو جائے گی۔

سوالنمبر (5) کیا حاملہ عورت کو بھی طلاق ہو جاتی ہے؟

(جواب) حاملہ عورت کو بھی طلاق ہو جاتی ہے، بس اس کی عدت بچے کا پیدا ہونا ہے۔

سوالنمبر (6) بیوہ، حاملہ، طلاق یافتہ عورت کی، عدت کیا کیا ہے؟

(جواب) بیوہ عورت کی عدت چار ماہ دس دن ہیں۔ حاملہ عورت کی عدت بچے کا پیدا ہونا ہے۔ نابالغہ بچی جس کو حیض نہیں آتا یا زیادہ عمر کی وجہ سے جس کو حیض نہیں آتا اس کی عدت تین مہینے ہیں، جس عورت کو حیض آتا ہے اس کی عدت تین حیض ہے، خواہ تین حیض تین ماہ میں پورے ہو جائیں، یا تین سال میں پورے ہو، جب اس کی تین حیض پورے ہوں گے تب ہی اس کی عدت مکمل ہوگئی۔

نوٹ: نکاح کے فوری بعد طلاق کے مسائل سیکھنا انتہائی ضروری ہے ورنہ لوگ انجانے میں تینوں طلاقیں دینے کے بعد پریشان مارے مارے پھرتے ہیں، اب کیا کرے۔

اہم مسائل

سوالنمبر (1) کیا خرگوش کھانا حلال ہے؟

(جواب) جی ہاں خرگوش کھانا حلال ہے، حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں، میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیش کیا تو آپ نے اس کو قبول فرمایا۔ (صحیح مسلم)

سوالنمبر (2) قسطوں پر سامان لینا کیسا ہے؟

(جواب) قسطوں پر سامان لینا جائز ہے، جب کہ وہ اضافی شرط نہ لگائے یعنی وہ چیز کا مالک یہ نہ کہے اگر آپ نے قسط کو لیٹ کیا تو آپ کو جرمانہ پڑ جائے گا اگر کوئی اضافی شرط نہ ہو تو جائز ہے۔

سوالنمبر (3) لکی کمیٹی ڈالنا کیسا ہے؟

(جواب) لکی کمیٹی ڈالنا حرام ہے، کیونکہ اس کے اندر سود کا معنی پایا جاتا ہے، (مثال کے طور پر اگر تمام ممبران ہزار ہزار روپے جمع کروائیں گے تو اگر پہلی دفعہ کسی کا موٹر سائیکل نکل آتا ہے تو اس نے قسطے جمع نہیں کروانی ہوتی،) اگر اصل رقم سے زائد ملنا مشروط ہو تو ایسا معاملہ سودی ہونے کی وجہ سے حرام ہوتا ہے۔

سوالنمبر (4) بولی والی کمیٹی ڈالنا کیسی ہے؟

(جواب) بولی والی کمیٹی ڈالنا شرعاً حرام ہے کیونکہ اس کے اندر سود کا معنی پایا جاتا ہے۔

سوالنمبر (5) انشورنس کروانا کیسا ہے؟

(جواب) انشورنس کروانا حرام ہے، اس کے اندر سود اور جوا، کا معنی پایا جاتا ہے

سوالنمبر(6) مردوں کو ہاتھ پاؤں پر مہندی لگانا کیسا ہے؟

(جواب) زینت کے لیے عورتوں کو مہندی لگانا سنت ہے، اور مردوں کو حرام ہے، آج کل کچھ دھولے" شادی بیاہ کے موقع پر مہندی لگا دیتے ہیں یہ جائز نہیں۔

سوالنمبر(7) کیا خنزیر کا نام لینے سے چالیس دن زبان پلید رہتی ہے؟

(جواب) اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔

سوالنمبر(8) کیا عورت اپنے خاوند کو اس کے نام سے پکار سکتی ہے؟

(جواب) عورت کو اپنے خاوند کا نام لے کر نہیں پکارنا چاہیے۔

سوالنمبر(9) کریڈٹ کارڈ کا مختصر تعارف بیان کریں؟ یہ سود کے زمرے میں آتا ہے کہ نہیں؟

(جواب) کریڈٹ کارڈ کا مختصر تعارف یہ ہے، کہ یہ دستاویز ہے جو بینک کسی شخص، یا ادارے کو ایک مخصوص معاہدے کے بعد جاری کرتا ہے، اور وہ شخص یا ادارہ اس کے ذریعے سے با آسانی خرید وفروخت کرتا ہے، اور معاہدہ میں اس کارڈ سے خریداری کی زیادہ سے زیادہ رقم کا تعین کیا جاتا ہے، بینک یہ معاہدہ کرتا ہے کہ وہ کارڈ ہولڈر کو سامان فراہم کرے گا جو وہ لینا چاہتا ہے، اور اس کی قیمت کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ سے وصول کی جائے گی، اگر کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں اتنی رقم نہ ہوگی تو بینک اپنی طرف سے یہ رقم ادا کرے گا، اور یہ رقم کارڈ ہولڈر ایک مدت مقررہ پر بینک میں جمع کروانے کا پابند ہوگا، اور اگر وقت مقررہ پر جمع نہ کروائے گا تو اس پر اس کو سود دینا ہوگا۔ اور بینک اپنے کارڈ

ہولڈر کو سود پر قرض کی بھی سہولت فراہم کرتا ہے اس میں چونکہ سود کی شق موجود ہے تو اگر چہ بعد میں سود کی نوبت نہ آئے لیکن شرعی اعتبار سے سودی ایگریمنٹ (agriment) کرنا بھی ناجائز ہے۔

سوالنمبر (10) کمیشن لینا کیسا ہے؟

(جواب) کمیشن ایجنٹ کسی شخص کو کوئی مکان یا دوکان دکھاتا ہے جو کسی اور کی ملکیت ہوتا ہے، اگر وہ شخص جسے مکان یا دکان وغیرہ دکھائی جارہی ہے، اس چیز کو خریدے تو کمیشن ایجنٹ اس سے اپنے اس دکھانے کی اور عقد وغیرہ کروانے کی اجرت لیتا ہے یہ جائز ہے

سوالنمبر (11) بینک میں نوکری کرنا کیسا ہے؟

(جواب) بینک کی وہ نوکری جس میں سودی معاملات میں شریک ہونا پڑے، جیسے سود کا لین دین، حساب وکتاب، بینک کی طرف سے لوگوں کو لون (Loan) کے لئے تیار کرنا قسطوں اور قرضوں کی ادائیگی کا تقاضہ کرنا وغیرہ ایسی نوکری اور تنخواہ دونوں ناجائز ہیں۔ وہ نوکری جس میں بذات خود سودی معاملہ میں شریک تو نہ ہونا پڑے لیکن سودی معاملے میں معاونت ہوتی ہو، جیسے کیشئر، اور مینجر کی نوکری اور یہ بھی ناجائز ہیں کیونکہ یہ گناہ سے معاونت ہے۔ وہ نوکری جس میں نہ سودی معاملہ ہو نہ معاونت جیسے گارڈ، چپڑاسی، ڈرائیور، پوسٹ مین، کی نوکری یہ سب جائز ہیں۔

سوالنمبر (12) عورتوں کا اپنے بالوں کو بیچنا کیسا ہے؟

عورتوں کا اپنے بالوں کو بیچنا حرام ہے، اور ان بالوں کا خریدنا بھی حرام ہے۔

سوالنمبر (13) ہیلو کہنا کیسا ہے؟

(جواب) ہیلو کہنا جائز ہے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہیلو کا مطلب جہنمی ہے، ایسی کوئی بات نہیں ہے، یہ ایسا لفظ ہے جو اچانک بولا جاتا ہے، یا کسی کی ملاقات کے وقت بولا جاتا ہے اس وجہ سے اس کا مطلب جہنمی نہیں ہے۔

سوالنمبر (14) سالگرہ منانا کیسا ہے؟

(جواب) سالگرہ کے اندر اگر کوئی ناجائز کام نہ ہو، یعنی مرد وزن کا اختلاط، ڈول، گانے باجے وغیرہ نہ ہو تو اس صورت کے اندر سالگرہ منانا جائز ہیں، سالگرہ کا اصل مقصد اپنی زندگی کا محاسبہ کرنا ہے، سالگرہ کے لفظ پر غور کریں تو سالگرہ کا مطلب ہے کہ، زندگی کا ایک سال گزر گیا، تو انسان کو سوچنا چاہیے کہ وہ نیکی کتنی کر سکا، اور گناہ کتنے کیئے ہیں۔

سوالنمبر (15) سر سید احمد خان کون تھا اور اس کے نظریات کیا تھے؟

(جواب) سر سید احمد خان کا نظریہ قرآن وسنت کے خلاف تھا، وہ نہ جنوں کو مانتا تھا، نہ فرشتوں کو مانتا تھا، نہ جنت کو مانتا تھا، نہ دوزخ کو مانتا تھا اور نہ قربانی کو مانتا تھا، اور نیچری نظریہ کا بانی تھا، یعنی اپنی طبیعت کی شریعت بنا رکھی تھی۔

سوالنمبر (16) اگر زمین یا مکان کسی کے پاس گروی رکھا ہو تو کیا وہ اس سے نفع اٹھا سکتا ہے؟

(جواب) زمین یا مکان کسی کے پاس بطور گروی رکھا ہو تو وہ اس سے نفع نہیں اٹھا سکتا ،یعنی نہ تو زمین پر کاشت کاری کر کے نفع لے سکتا ہے، نہ مکان میں خود رہ سکتا ہے نہ مکان

کو کرائے پر دے کر اس سے نفع اٹھا سکتا ہے۔

سوالنمبر(17) جانوروں کو بٹائی پر دینا کیسا ہے؟

(جواب) جانوروں کو بٹائی پر دینا، یعنی ایک وقت کا دودھ تم رکھ لینا، ایک وقت کا دودھ ہمیں دے دینا، یا کل کو جو جانور ہونگے ایک تم رکھ لینا ایک ہمیں دے دینا، یہ اجارہ فاسدہ ہے۔ (یعنی یوں کرنا صحیح نہیں)

سوالنمبر(18) نفع کتنا لینا جائز ہے، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ نفع اتنا ہی لینا چاہیے جتنا آٹے میں نمک اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(جواب) تجارت میں جتنا چاہے نفع لے سکتا ہے، اس میں کوئی تعیین نہیں، بشرطیکہ وہ چیز عام بازار سے ملتی ہوں، چیز کو بھیجتے وقت جھوٹ نہ بولے، دھوکا نہ دے، اور قانوناً اس چیز کا ریٹ فکس نہ ہو، اگر یہ شرائط موجود ہو تو وہ چیز جتنے کی چاہے بیچ سکتا ہے۔

سوالنمبر(19) اگر باپ نے بیٹے کو عاق کر دیا تو کیا وہ وراثت کا حقدار ہوگا؟

(جواب) باپ نے اگر بیٹے کو عاق کر دیا، تو اس کے باوجود بھی باپ کے مرنے کے بعد وہ وراثت کا حقدار ہوگا، بیٹے کو عاق کر دیا اس کے باوجود وہ وراثت سے محروم نہیں ہوگا۔

سوالنمبر(20) اگر کسی جگہ پر اکٹھے بیٹھ کر سارے لوگ اونچی قرآن کریم پڑھے تو یہ شرعا کیسا ہے؟

(جواب) اگر سارے لوگ قرآن پاک پڑھنے والے ہو تو حکم یہ ہے کہ وہ آہستہ پڑھیں سب کو بلند آواز سے پڑھنا جائز نہیں۔

سوالنمبر (21) کیا بیٹے کا نام صرف محمد رکھ سکتے ہیں؟

(جواب) جی ہاں بیٹے کا نام صرف محمد رکھ سکتے ہیں، اس نام رکھنے کے بڑے فضائل ہیں۔ایک حدیث پاک میں آتا ہے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مَنْ وُلِدَ لَهُ ثَلَاثَةُ وَلَادٍ لَمْ یُسَمِّ أَحَدَهُمْ مُحَمَّدًا فَقَدْ جَهِلَ

لمعجم الکبیر للطبرانی (94/22) (مسند الحارث (793/2)

ترجمہ: جسے اللہ تین بیٹے عطا فرمائے، اور اس نے ان میں سے ایک کا بھی نام محمد نہ رکھا تو اس نے جہالت کی ہے۔

سوالنمبر (22) کیا مرد اپنے ہاتھوں میں دو انگوٹھیاں چاندی کی پہن سکتا ہے؟

(جواب) مرد اپنے ہاتھوں میں ایک انگوٹھی چاندی کی ایک نگ والی پہن سکتا ہے، جس کا وزن ساڑھے چار ماشے سے کم ہو۔اور سونے کی انگوٹھیاں اور چین وغیرہ پہننا تو مرد پر ویسے ہی حرام ہے۔

سوالنمبر (23) عورتوں اور مردوں کو لوہے اور پیتل کی انگوٹھی پہننا کیسا ہے؟

(جواب) لوہے اور پیتل کی انگوٹھی مردوں اور عورتوں دونوں کو پہننا ناجائز ہے، البتہ عورت ہر دھات کا زیور استعمال کر سکتی ہے، لوہے م تانبے، پیتل، وغیرہ۔اور عورت سونے اور چاندی کی انگوٹھی استعمال کر سکتی ہے، لیکن مرد صرف چاندی کی انگوٹھی ہی ستعمال کرے گا۔

سوالنمبر (24) سلام کے جواب میں یہ کہنا کہ جیتے رہو یہ کیسا ہے؟

(جواب) جب کسی کو سلام کیا جائے تو وہ جواب وعلیکم السلام ہی کہے، زمانہ جاہلیت میں کفار جب ایک دوسرے کو ملتے تو وہ کہتے تھے کہ جیتے رہو، تو اسلام نے ہمیں جو سلام کرنے کا طریقہ بتلایا ہے ہم اسی طریقے پر عمل کرنا چاہیے۔

سوالنمبر (25) عقیقہ کب کرنا سنت ہے؟ اور اس میں کتنے جانور ذبح کیے جاتے ہیں؟

(جواب) عقیقہ کے لیے ساتواں دن بہتر ہے اگر ساتویں دن عقیقہ نہ کر سکیں، تو جب چاہیں کر لیں سنت ادا ہو جائے گی، عقیقے کے اندر لڑکے کی طرف سے دو بکرے، اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ذبح کی جائے، یعنی لڑکے کیطرف سے نر جانور اور لڑکی کی طرف سے مناسب ہے، اگر کوئی دو بکرے ذبح نہ کر سکے تو ایک بھی کافی ہیں۔

سوالنمبر (26) گائے کی قربانی ہو رہی ہو تو کیا اس میں عقیقہ کی نیت سے شامل ہو سکتے ہیں؟

(جواب) جی ہاں اگر گائے کی قربانی ہو رہی ہو تو عقیقہ کی نیت سے اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔

سوالنمبر (27) کیا عقیقہ کا گوشت بچے کے ماں باپ کھا سکتے ہیں؟

جی ہاں، عقیقہ کا گوشت بچے کے ماں باپ کا سکتے ہیں۔ یہ جو عوام میں مشہور ہے کہ عقیقے کا گوشت بچے کے ماں باپ، اور دادا دادی، نانا نانی، نہ کھائیں یہ محض غلط ہے اس کا کوئی ثبوت نہیں۔

سوالنمبر (28) اگر کسی کے منہ پر اس کی برائی بیان کرے تو کیا غیبت میں شمار ہوتا ہے کہ نہیں؟

اگر کسی کے منہ پر اس کی برائی بیان کریں تو یہ غیبت کے اندر شمار تو نہیں ہوتا، لیکن گناہ غیبت سے زیادہ ہے، کیونکہ غیبت کو حرام اس وجہ سے قرار دے دیا گیا کہ یہ بات اگر اس مسلمان تک پہنچ گئی تو اسے تکلیف ہوگی، اور یہاں یہ معنی بدرجہ اولیٰ پایا جارہا ہے۔

نوٹ: آج کچھ لوگ بڑے فخر کے ساتھ کہتے ہیں کہ میں نے کبھی کسی کے کمر کے پیچھے بات نہیں کی، میں بات منہ پر کرتا ہوں، حالانکہ انہیں ایسی بات نہیں کرنی چاہیے کیوں کے کسی کے منہ پر بھی اس کی برائی بیان کرنا حرام ہے، اسے چاہیے تھا کہ وہ درگزر کرتا پیار سے اسے سمجھاتا، نہ کے اس کی برائی کو اچھالتا۔

اھم بات: بعض لوگوں سے جب کہا جاتا ہے کہ تم فلاں کی غیبت کیوں کرتے ہو، تو وہ نہایت دلیری کے ساتھ یہ کہتے ہیں مجھے اس کا ڈر پڑا ہوا ہے، چلو میں اس کے منہ پر جا کر یہ بات کہہ دیتا ہوں، ان کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ پیٹھ پیچھے اس کی برائی کرنا غیبت اور حرام ہے اور منہ پر کہو گے تو یہ دوسرا حرام ہوگا اگر تم اس کے سامنے کہنے کی جرات رکھتے ہو تو اس کی وجہ سے غیبت حلال نہیں ہو جائے گی۔

سوالنمبر (29) جو سر کے بال وغیرہ کاٹتے ہیں ان کا کیا کرنا چاہیے؟

جو بال وغیرہ کاٹ لے جاتے ہیں ان کو دفن کرنا چاہیے۔

﴿دعائیں﴾

1: مجلس سے اٹھتے وقت کی دعا:

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ (ابو داؤد شریف)

2: قرض کی ادائیگی میں آسانی کیلئے دعا:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ (الترغیب والترھیب)

3: سواری پر سوار ہونے کی دعا:

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ (مشکوٰۃ)

4: بلندی پر چڑھنے اور اترنے کی دعا:

چڑھنے کی دعا: اَللّٰہُ اَکْبَر، اترنے کی دعا : سُبْحَانَ اللّٰہِ (بخاری شریف)

5: ظالم کے ظلم سے حفاظت کی دعا:

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

6: نظر بد دور کرنے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ ذَالسُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِیْمِ ذَوالْوَجْہِ الْکَرِیْمِ وَلِیَّ الْکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ وَالدَّعْوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ (تفسیر ابن کثیر)

7: سانپ بچھو وغیرہ سے بچنے کی دعا:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (مسلم)

8: پریشانی اور غم دور کرنے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰهُمَّ اذْهِبْ عَنِّیْ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ

9: مسجد میں آنے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ (ترمذی شریف)

10: مسجد سے نکلنے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ وَرَحْمَتِکَ (مسلم شریف)

11: کھانا کھانے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰی بَرَكَةِ اللّٰهِ

12: اگر بسم اللہ شروع میں بھول جائیں تو یہ پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ فِیْ اَوَّلِهٖ وَاٰخِرِهٖ (بخاری شریف)

13: کھانے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

14: سونے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیَا (بخاری)

15: سو کر اٹھنے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ (مسلم شریف)

16: واش روم جانے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ (بخاری شریف)

17: واش روم سے نکلنے کی دعا:

غُفْرَانَکَ

18: نیا کپڑا پہننے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃ (مشکوٰۃ)

19: مریض کی عیادت کی دعا:

اَسْئَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَکَ (ترمذی شریف)

20: آئینہ دیکھنے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ

بحمد اللہ تعالیٰ!

آج مورخہ 19 جنوری 2021 بوقت 09:58P.M پر کتاب کو مکمل کیا خدائے لم یزل کی بارگاہ میں میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو مقبولیت عطا فرمائے اس کتاب کو میرے لئے ذریعہ نجات بنائے آمین!

مکتبہ محمدیہ سیفیہ

راوی ریان شریف لاہور 03005070528

ملنے کے پتے

مرکزی سنہری مسجد حدو کے مرید کے ضلع شیخوپورہ

03047962997 0349-5668601